تحفۂ نصائح

مع اُردو حواشی

تصنیف: علامہ سید یوسف حسینی راجا
(م ۷۳۱ھ / ۱۳۳۱ء)
والد ماجد خواجہ بندہ نواز گیسو دراز قدس سرہما

تحشیہ: محمد عبدالحکیم شرف قادری

مکتبہ نوریہ رضویہ وکٹوریہ مارکیٹ سکھر

تحفۂ نصائح

مع اُردو حواشی

تصنیف : علامہ سید یوسف حسینی راجا

(م ۷۳۱ھ / ۱۳۳۱ء)

والد ماجد خواجہ بندہ نواز گیسو دراز قدس سرہما

تحشیہ : محمد عبد الحکیم شرف قادری

مکتبہ نوریہ رضویہ
وکٹوریہ مارکیٹ
سکھر

قیمت ۱۳/۵۰

marfat.com

فہرست ابواب تحفہ نصائح

مضامین کتاب	صفحہ نمبر
تذکرۂ مصنف	۳
در نعت حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم	۶
در مدح شیخ العالمین محمود نصیر الدین قدس سرہٗ	۷
در سبب تصنیف کتاب و تعریف ابواب الفتح	۸
باب ۱ دربیان توحید باری تعالیٰ عز اسمہٗ	۹
باب ۲ دربیان احکام وارکان ایمان	۱۱
باب ۳ دربیان عقائد عقوبت گور	۱۳
باب ۴ دربیان علم و فضل آں	۲۱
باب ۵ در قضاء حاجت و وضو تیمم و غسل	۲۳
باب ۶ دربیان اوقات نماز و عقوبت تارک الصلوٰۃ	۲۶
باب ۷ دربیان زکوٰۃ و صدقات بیان زکوٰۃ زراعت صدقہ و دعا۔	۲۸
باب ۸ دربیان روزہ ہائے رمضان	۳۱
باب ۹ دربیان حج و سفر و جہاد با کافراں	۳۳
باب ۱۰ دربیان تلاوت قرآن و ذکر و دعا و درود	۳۶
باب ۱۱ دربیان مکاسب و قناعت و سوال	۳۹
باب ۱۲ دربیان نکاح کردن و جز آں	۴۱
باب ۱۳ در آوردن عروس بخانہ و مجامعت او	۴۳
باب ۱۴ در آداب طعام خوردن	۴۷
باب ۱۵ دربیان آداب آب خوردن	۴۹
باب ۱۶ دربیان آداب جامہ پوشیدن	۵۰
باب ۱۷ دربیان ذکر کردن و خفتن	۵۲
باب ۱۸ دربیان بیع و شراء	۵۴
باب ۱۹ دربیان منع صحبت سلطان اکابر و اغنیا	۵۵
باب ۲۰ دربیان حسن خلق و صحبت و مشورت و حقوق ہمسائیگاں	۵۷
باب ۲۱ در حقوق والدین بر فرزنداں و حکایت	۵۹

مضامین کتاب	صفحہ نمبر
علقمہ صحابی رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم	۶۲
باب ۲۲ دربیان ستادن دام و دادن قرض	۶۵
باب ۲۳ دربیان کلام و سلام و سکوت و غیبت	۶۶
باب ۲۴ در خشم و تکبر و حسد و عجب و عیوب و غیرت	۶۹
باب ۲۵ دربیان اخلاص و ریا و عبادت و جز آں	۷۱
باب ۲۶ در توکل و رضا و خوف و رجا	۷۲
باب ۲۷ دربیان صبر و شکر	۷۴
باب ۲۸ توبہ و زہد	۷۵
باب ۲۹ دربیان تجمل و سخاوت ایثار و امساک	۷۷
باب ۳۰ دربیان تواضع و خلق حسن و نفع رسانیدن خلق را	۷۸
باب ۳۱ دربیان حلم و غضب	۸۲
باب ۳۲ دربیان امر از معروف و نہی از منکر	۸۳
باب ۳۳ دربیان سماع و رقص و سرود	۸۵
باب ۳۴ دربیان لاغ بازی و نرد و شطرنج	۸۷
باب ۳۵ دربیان ذبح کردن و خوردن جانوراں	۹۰
باب ۳۶ دربیان ماہہا و روزہا و خاصیت سعد و نحس	۹۳
باب ۳۷ دربیان پیری و جوانی	۹۸
باب ۳۸ دربیان رنج و زحمت و علت و محنت	۱۰۱
باب ۳۹ دربیان مصائب و تعزیت و آنچہ بداں تعلق دارد	۱۰۴
باب ۴۰ دربیان احکام شہادت	۱۰۹
باب ۴۱ دربیان اسباب مدبری و بے نوائی	۱۱۱
باب ۴۲ دربیان تونگری	۱۱۴
باب ۴۳ دربیان موجبات بہشت	۱۱۶
باب ۴۴ دربیان موجبات دوزخ و اسباب آں	۱۱۸
باب ۴۵ دربیان دہ سنن ابراہیم علیہ السلام و مسائل متفرقات	۱۲۱
دربیان مناجات و ختم کتاب تمت	۱۲۹

marfat.com

تذکرۂ مصنف

حضرت علامہ سیّد یوسف حسینی راجا المشہور راجو قتال ابن سیّد علی قدس سرہما العزیز کا سلسلۂ نسب سیّدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچتا ہے، آپ کے آباؤ اجداد سلطان علاؤ الدین مسعود کے دورِ حکومت (تیرھویں صدی عیسوی کے آخر) میں عرب سے ہندوستان وارد ہوئے اور دہلی میں قیام پذیر ہو کر بلند مناصب پر فائز ہوئے، سیّد یوسف حسینی راجا بھی دہلی میں پیدا ہوئے اور اپنے دَور کے نامور علماء سے استفادہ کر کے علومِ دینیہ میں یکتائے روزگار ہوئے [۱]

حضرت علامہ کی حیاتِ مبارکہ کے اکثر و بیشتر گوشے پردۂ خفاء میں ہیں البتہ تذکرۂ خواجہ گیسو دراز سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا دربارِ شاہی، قلعۂ دہلی سے خصوصی تعلق تھا اور جب ۷۲۷ھ میں سلطان محمد تغلق نے دہلی کی بجائے اورنگ آباد کو دارالخلافہ بنایا تو نقل مکانی کرنے والے مقربین میں سیّد یوسف بھی شامل تھے [۲]

دربارِ شاہی کے تعلق کے باوجود سیّد یوسف حسینی پر تقویٰ و پرہیز گاری اور روحانیت کا گہرا غلبہ تھا، آپ سلسلۂ عالیہ چشتیہ کی عظیم المرتبت شخصیت اور حضرت محبوب الٰہی خواجہ نظام الدین دہلوی کے خلیفۂ اجل حضرت شیخ محمود نصیر الدین چراغ دہلوی کے مرید خاص اور سچے عاشق تھے، تحفۂ نصائح میں اپنے پیر و مرشد کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے مستقل عنوان قائم کیا ہے۔

در مدح شیخ العالمین قدوۃ السالکین محمود نصیر الدین قدس سرہٗ العزیز

اس عنوان کے تحت جو کچھ اپنے شیخ کے بارے میں کہا ہے وہ ان کے کمال اخلاص کا آئینہ دار ہے، انہوں نے واضح طور پر اشارہ کیا ہے کہ پیر و مرشد عالم باعمل ہونا چاہیے، جاہل اور بے عمل نہیں، فرماتے ہیں ؎

عالِم بعلم ہمچو او ہر گز ندیدہ مردمے

اندر کرامت ہمچو او خیزد کجا دورِ قمر

سیّد یوسف حسینی کی عظمت و جلالت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ شریعت و طریقت کے آفتاب حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز ابوالفتح صدر الدین سیّد محمد حسینی (المتوفیٰ ۸۲۵ھ ۱۴۲۲ء) جن کا مزار پُر انوار گلبرگہ شریف میں مرجع خلائق ہے آپ کے فرزند ارجمند اور تربیت یافتہ تھے، پیشِ نظر کتاب

---

[۱] اقبال الدین احمد : تذکرۂ خواجہ گیسو دراز (مطبوعہ اقبال پبلشرز، کراچی) ص ۸-۲۷

[۲] ایضاً ” ” ص ۲۹

marfat.com

تحفہ نصائح ان ہی کے لئے لکھی تھی، چنانچہ سبب تصنیف میں فرماتے ہیں ؎

گو بیدہمیں یوسف گدا در وعظ سخنے چندرا
از بہر خلف خوش لقا ابوالفتح آں نورالبصر

انہوں نے اپنے لخت جگر کے لئے جو دعا کی اللہ تعالیٰ نے اسے حرف بحرف پورا فرمایا ؎

از تو بخواہم بہر او علم و عمل، تقویٰ، ورع
سالک بگرداں آنچناں، چوں او نباشد کس دگر

حضرت خواجہ بندہ نواز کی عمر تقریباً گیارہ سال تھی کہ آپ کے والد ماجد سید یوسف حسینی راجا ۵ شوال ۷۳۱ھ، ۱۳۳۱ء کو وصال فرما گئے۔

تحفہ نصائح اپنے نام کی طرح واقعی قیمتی نصیحتوں اور آداب زندگی کا مجموعہ ہے، پاک و ہند کے دینی مدارس کے نصاب میں عرصۂ دراز سے شامل ہے اس کے ۵۴ - ابواب ہیں جن میں مصنف نے بڑی عمدگی سے وہ مسائل بیان کر دئے ہیں جن پر عمل پیرا ہو کر تقویٰ و طہارت کی زندگی بسر کی جا سکتی ہے۔

عرصہ سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ تحفہ نصائح پر اُردو میں حاشیہ لکھا جائے جو مختصر بھی ہو اور کتاب کو حل کرنے میں معاون بھی ہو، بحمدہٖ تعالیٰ گزشتہ سال اس حاشیہ کو مکمل کرنے کی توفیق نصیب ہوئی۔ اس حاشیہ کے دوران زیادہ تر حضرت مولانا محمد گلھوی رحمہ اللہ تعالیٰ (فارسی کی متعدد کتابوں کے شارح) کی شرح فد... غیاث اللغات اور تحفہ کے فارسی حواشی سے استفادہ کیا گیا۔

نوٹ: کچھ عرصہ پہلے درس نظامی کے نصاب میں فارسی کی چند کتابیں پڑھائی جاتی تھیں جن سے طالب علم فارسی زبان کے ساتھ ساتھ اچھے اخلاق کی تعلیم حاصل کر لیتا تھا، آج کل ان کتابوں کو غیر ضروری قرار دے کر ترک کیا جارہا ہے، کاش ہمارے علماء اس طرف توجہ فرمائیں کہ اخلاقِ جمیلہ انسانیت کا وہ زیور ہے جس کی اس زمانہ میں بہت زیادہ ضرورت ہے۔

محمد عبد الحکیم شرف قادری

۷ر رمضان المبارک ۱۴۰۲ھ
۲۹ر جون ۱۹۸۲ء

marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حمدے[1] بگویم بے عدد مر خالق جن و بشر
کردہ معلق آسماں ہم اختراں شمس و قمر
عظمے[2] بداده عرش را پرد زپائش طائرے
چوں برق سالے چار صد انگہ رسد پایہ دگر
ہم آفریدہ جنتے[3] کش عرض و طولش آں چناں
ایں ہفت طبق ارض و سما پیشش چو قبہ بر سپر
دریا[4] و لب ہا جوئے ہا کردہ رواں روئے زمیں
اشجار پر از میوہ ہا روید زمیں شہد و شکر
مردہ[5] اراضی جملگی زندہ کند از قطرہ ہا
آں خشک میداں یک زماں ہم لعل بینی ہم خضر
سیارگاں[6] چوں شمع ہا کردہ بپا از مہر خود
روشن مزین شد سما از بہر خلقے راہبر
چیزیکہ[7] باشد در جہاں آں چیز گوید ذکر حق
تسبیح گویاں عالمے نامی بود خواہی حجر

[1] حمد تعریف و ثنا یا آمد تعظیم کے لیے ہے بیعدد ان گنت، خالق پیدا کرنے والا جن ناری مخلوق جو مختلف شکلیں اختیار کر سکتی ہے مذکر اور مؤنث ہوتی ہے، بشر انسان، معلق آویزاں، لٹکایا ہوا اختراں جمع اختر، ستارہ، شمس سورج، قمر چاند (ف) علمائے دین کے نزدیک چاند، سورج اور ستارے آسمان کے نیچے فضا میں معلق ہیں [2] عظمے پہلا حرف مضموم، بزرگی اور بلندی یا آمد موصولہ ہے پرد صیغہ واحد غائب فعل مضارع از پریدن اڑنا، طائر پرندہ یا آمد عظمت کے لیے ہے یعنی طاقتور پرندہ چوں مثل برق بجلی [3] آفریدہ پیدا کی ہے جنت بہشت کش میں شین عرض کے لیے مضاف الیہ مقدم ہے عرض چوڑائی، طول لمبائی ہفت سات طبق درجہ، تھال ارض زمین سما آسمان پیش سامنے، آگے قبہ گنبد سپر ڈھال ارشاد باری تعالیٰ ہے عَرۡضُهَا كَعَرۡضِ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ، جنت کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی جیسی ہے، اسکی لمبائی کا علم اللہ تعالیٰ کو ہی ہے [4] لب ہا بڑی نہریں جوئے ہا چھوٹی نہریں رواں جاری روئے اوپر، چہرہ اشجار جمع شجر، درخت روید اگاتی ہے، شہد و شکر اس سے پہلے واؤ محذوف ہے اس کا عطف اشجار پر ہے [5] مردہ خشک، سبزہ کے بغیر اراضی جمع ارض زمین جملگی تمام قطرہ ہا چھینٹے (بارش کے) لعل سرخ خضر سبز [6] سیارگاں گردش کرنے والے شمع ہا جمع شمع چراغ کردہ بپا قائم کیے مہر سورج، مہربانی مزین زینت والا، یعنی ستاروں کو آسمان کی زینت اور خلق کے لیے راہنما بنایا کیونکہ عرب ستاروں کی سمت پر سفر کرتے تھے، [7] تسبیح پاکیزگی کا بیان عالم جہان نامی بڑھنے والا حجر پتھر ارشاد ربانی ہے وَاِنۡ مِّنۡ شَیۡءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمۡدِهٖ ہر شے اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتی ہے۔

marfat.com

اے شایاں لائق، ہموں تمام (دوسرے مصرع کا ترجمہ) اسے اپنا محبوب، ایک اور اپنے فضل سے انسان کا پیدا کرنے والا کہا ۱ہ یہ ترجمہ ہے وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَھُوْنَ تَسْبِیْحَھُمْ کا (لیکن تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے ۲ہ نعت حضور سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف مصطفیٰ برگزیدہ، چنے ہوئے ۳ہ گویم صیغہ واحد متکلم فعل مضارع از گفتن، میں کہتا ہوں، درود تعریف و ثنا، صلوٰۃ دُرفشاں ضمیر متکلم سے حال ہے یعنی اس حال میں کہ میں درودوں کے موتی بکھیرنے والا ہوں، بعض شارحین کے نزدیک درود کی صفت ہے یعنی روشن درود، مرسلاں جمع مرسل، رسول یعنی رسولوں میں سے خاص ہستی کی روح پر، کاں دراصل کہ آں تھا عرش نود اب آسمان، حدیث شریف میں ہے وَکُلُّ الْخَلَائِقِ مِنْ نُوْرِیْ تمام مخلوقات میرے نور سے ہے، سلطان بادشاہ، بحر سمندر، دریا بر خشکی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نائب اعظم اور مختار عام ہیں اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰہُ یُعْطِیْ اللہ تعالیٰ دینے والا اور میں تقسیم کرنے والا ہوں ۵ہ شب معراج بیت المقدس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امام اور تمام انبیاء علیہم السلام مقتدی تھے، شفاعت سفارش ہمگناں تمام روزِ جزا قیامت کا دن ابتداءً انبیاء کرام شفاعت نہیں فرمائیں گے صرف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شفاعت فرمائیں گے

شَفَاعَتِیْ لِاَھْلِ الْکَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ

(حدیث شریف) میری شفاعت کبیرہ گناہ والے امتیوں کیلئے ہوگی ٦ہ لَوْلَاکَ اے حبیب اگر تم نہ ہوتے (تمہیں پیدا کرنا مقصود نہ ہوتا) حدیث قدسی میں ہے لَوْلَاکَ لَمَا اَظْهَرْتُ الرَّبُوْبِیَّةَ اے حبیب اگر تمہیں پیدا کرنا مقصود نہ ہوتا تو میں اپنی ربوبیت ظاہر نہ کرتا، چاؤشاں جمع چاؤش، نقیب، محافظ، خادم، امام احمد رضا بریلوی ایک حدیث کا ترجمہ کرتے ہیں ؎

جس کے زیرِ لوا آدم و من سوا
اس سزائے سیادت پہ لاکھوں سلام

جناں جمع جنت، بہشت، حدیث شریف میں ہے کہ جب سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنت کے دروازے پر تشریف لے جائیں گے تو خازن آپ کا اسم گرامی پوچھ کر عرض کریں گے مجھے اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ آپ سے پہلے کسی کے لیے دروازہ نہ کھولوں ۷ہ شاہے یا عظمت کے لیے، عظیم الشان بادشاہ قاف ایک پہاڑ جو زمین کے ارد گرد ہے قیروان زمین کے مغربی کنارہ پر ایک شہر ہے، امام احمد رضا بریلوی نے حدیث جبرئیل کا ترجمہ کیا ہے ؎

یہی بولے سدرہ والے، چمنِ جہاں کے تھالے، سبھی میں نے چھان ڈالے، ترے پایہ کا نہ پایا۔ تجھے یک نے یک بنایا

شایاں[۱] این نعمت ہموں از لطف و فضلِ خویشتن
محبوبِ خود خواندش یکی از فضلِ خود خالق بشر
لیکن[۲] نمی فہمد کسے تسبیح ہر یک در جہاں
مگر آنکہ رب العالمیں دارد بایں ہر یک خبر

در نعت[۳] حضرت رسالت پناہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

گویم[۴] درودے دُرفشاں بر روحِ خاصِ مرسلاں
کاں نورِ عرش و آسماں سلطانِ جملہ بحر و بر
شاہِ[۵] جہان آں مصطفیٰ سلطانِ جملہ انبیاء
بہرِ شفاعت ہمگناں روزِ جزا بندد کمر
لولاک[۶] چترے بر سرش چوں چاؤشاں پیشش رُسل
تا او نیاید در جناں جملہ رُسل باشند بدر
شاہے[۷] ندیدم در جہاں از قاف تا ہم قیروان
دو نیم ماہ شد در سما بر روئے چوں مصطفیٰ باشد دگر

[1] جُملہ رُسل اندر زمیں کردند پیدا معجزہ
دو نیم ماہ شُد در سما بروے چو کردہ یک نظر

[2] رایاتِ او ماحی شدہ جُملہ رسومِ کفر را
آیاتِ او دیدند چُوں جُملہ عرب گشتہ مُقِر

[3] در مدحِ شیخ العٰلمین قدوۃ السّالکین محمود نصیر الدین قدس سرہ العزیز

[4] شیخِ معظم پیرِ ما محمود آں صاحب قِراں
چوں او نباشد ہیچ کس ہم محتشم ہم مشتہر

[5] عالِم بعلم ہمچو او ہرگز ندیدہ مردمے
اندر کرامت ہمچو او خیزد کجا دورِ قمر

[6] او بود شیخ مقتدا اورا جہانے مقتدے
گشتند اعمٰی سالکاں چوں رفت آں صاحب نظر

[7] دارد تمنّا عالمے خاکِ درش سُرمہ کند
خوش وقت آں صاحبدلاں گشتند اورا پے سپر

[8] اے شیخ مخدومِ جہاں مارا بخواہی از خُدا
تا رَستہ گردم از عنا یابم بجنّت کُشکِ زر

---

[1] پیدا ظاہر دو نیم دو ٹکڑے ماہ چاند سما آسمان، معجزۂ شق القمر کی طرف اشارہ ہے جس سے مشرکین کا یہ خیال باطل ہو گیا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (معاذ اللہ تعالیٰ) جادوگر ہیں کیونکہ جادو کا اثر آسمان پر نہیں ہوتا۔

[2] رایات جمع رایۃ جھنڈا ماحی مٹانے والا رسوم جمع رسم، طریقہ، عادت کفر دینِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا انکار، آیات جمع آیت نشان، معجزہ، مُقِر اقرار کرنے والا

[3] مدح تعریف شیخ مقتدا، بزرگ قدوہ پیشوا السالکین جمع سالک راہِ طریقت پر چلنے والا، محمود نصیر الدین چراغ دہلوی قدس سرہٗ

[4] قِران متصل ہونا صاحب قراں وہ خوش بخت جس کی پیدائش کے وقت زہرہ اور مشتری ایک برج میں جمع ہوں، محتشم بارعب، جو زیادہ سُنے کم کہے مشتہر مشہور۔

[5] عالم بعلم ہمچو او، ان جیسے علم والا عالم، کرامت وہ خرقِ عادت جو ولی کے ہاتھ پر ظاہر ہو، دورِ قمر زمانہ، کیونکہ مہینوں اور سالوں کا تعین چاند کی گردش سے ہوتا ہے

[6] مقتدا جس کی اقتدا کی جائے مقتدی پیروی کرنے والا، اعمٰی نابینا [7] تمنّا آرزو پے سپر نقشِ قدم پر چلنے والے، پے قدم سپردن طے کرنا چلنا

[8] رستہ اسم مفعول از رستن (راء مفتوح) خلاصی پانا، چھوٹنا اگر راء پر فتح ہو رستن (راء مضموم) اُگنا عنا مشقت کشک کوشک کا مخفف کوٹھڑی، زر سونا۔

marfat.com

در سبب[١] تصنیف کتاب و تعریف ابو الفتح گوید

گوید ہمیں[٢] یوسف گدا در وعظ سخنے چند را
از بہر خلفِ خوش لقا بوالفتح آں نور البصر
آں رکنِ[٣] دین کز علمِ خود معمور دارد رکنہا
یارب بگرداں آنچناں بپذیر از من ایں قدر
از تو[٤] بخواہم بہر او علم و عمل تقوے و ورع
سالک بگرداں آں چناں چوں او نباشد کس دگر
از صدق[٥] دل خواہم ز تو یارب بگرداں پیش من
سبقے بگوید بشنوم بینم جہانے پیش در
پندے[٦] بگویم بعد ازیں بشنو بہر بابے ز من
دُر نیست آخر بے بہا در گوش کن جانِ پدر
تحفہ[٧] نصائح نام این کردم ز حق دارم رجا
کاندر نظر پاکان شود مقبول چون شیر و شکر
رنجے[٨] کشیدم مدتے ہم دردہا چون دردِ زہ
تا من بزادم ایں چنیں تحفہ منور نامور

[١] ابو الفتح مصنف کے صاحبزادے حضرت بندہ نواز سید گیسو دراز قدس سرہٗ کی کنیت رکن الدین لقب [٢] یوسف سلطان ابو الحسین مولانا یوسف مصنفِ کتاب خلف بیٹے دونوں حرف مضموم اچھا بیٹا، اچھا جانشین، لام ساکن ہو تو اس کا معنی بڑا جانشین ہوگا۔ خوش لقا خوش اخلاق، جسے دیکھ کر خوشی ہو، نور البصر آنکھ کی روشنی [٣] رکن دین بیٹے کا نام ہو سکتا ہے لغوی معنی مراد ہو۔ دین کا ستون معمور آباد رکھنا جمع رکن، ستون دین کے ستون اہلِ سنت و جماعت کے عقائد، نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ بگرداں بنا دے بپذیر قبول فرما، یعنی اے اللہ اسے اپنے علم سے ارکانِ دین کا آباد رکھنے والا بنا دے [٤] تقوی اللہ تعالیٰ کے ماسوا کو چھوڑ دینا، ورع شرعی ممنوعات کو ترک کرنا، سالک راہ طریقت پر چلنے والا۔ یعنی اسے شریعت و طریقت کا جامع بنا [٥] دعا کے بعد بیٹے کو نصیحت پند نصیحت یا عظمت کے لیے، قیمتی نصیحت، بشنو صیغہ واحد حاضر فعل امر از شنیدن سننا باب ضرب، قسم، در واژہ دُر موتی بے بہا بیش قیمت جس کی قیمت ادا نہ کی جا سکے۔ [٦] نصائح جمع نصیحت، ہمدردی کی بات، رجا امید، توقع [٧] رنجے اور مدتے میں یاء عظمت کے لیے ہے یعنی بڑا رنج طویل مدت، دردِ زہ وہ درد جو عورت کو بچہ جننے کے وقت ہوتی ہے، منور، روشن، نامور مشہور۔

یارب[۱] ز فضل و لطفِ خود گرداں چنین این تحفہ را
جملہ جہان عاشق شود خوانند ہر شام و سحر

باب[۲] اول در بیان توحید باری تعالیٰ عزّ اسمہٗ گوید

گرد[۳] چو بالغ کودکے فرض ست شناسی حق. برو
داند خدا بیشک یکے جز او نشاید کس دگر
بیچون[۴] بداں حضرت خدا مثلے ندارد، شبہ ہم
ہرگز نزادہ کس ازو، نے مادر او را نے پدر
او را[۵] طعام و آب و زن ہرگز نباشد حاجتے
خوابے نہ او را غفلتے نے سہو را بر وے گذر
پشتی[۶] نخواہد از کسے نے مشورت با کس کند
جُملہ جہان محتاج او از کس نخواہد او نصر
جوہر[۷] مرکب جسم ہم عرض و تناہی ہم مگو
نامش مخوان جُز آنکہ آن صاحب شرع کردہ خبر

۱ عاشق چاہنے والا تحریر۔ ۲ یہ کتاب ۳ ابواب اور ایک مناجات پر مشتمل ہے۔ توحید اللہ تعالیٰ کی وحدت کا بیان، باری پیدا کرنے والا تعالیٰ بلند عزّ اسمہٗ اس کا نام پاک غالب ہے ۳ گرد ہو جائے بالغ بچہ اتنی عمر کا ہو جائے کہ احکام شرعیہ اس پر لازم ہو جائیں اس کی کم از کم مدت لڑکی اور لڑکے کے لیے قول مختار کے مطابق بارہ سال ہے فقہاء جو نو لڑکی کے بلوغ کی مدت بیان فرماتے ہیں تو وہ شہوت کے لحاظ سے ہے (شرح) کودک بچہ فرض لازم شناسی حق اس میں قلب ہے دراصل حق شناسی تھا اللہ تعالیٰ کا پہچاننا داند صیغہ واحد غائب فعل مضارع از دانستن جاننا، اس کا فاعل ضمیر ہے جو کودک کی طرف راجع ہے خدا پہلا مفعول اور بے شک یکے، دوسرا مفعول یعنی وہ بچہ بغیر کسی شک کے اللہ تعالیٰ کو ایک جانے، نشاید لائق نہیں ۴ بیچوں بے مثل بداں صیغہ واحد حاضر فعل امر از دانستن، جان، حضرت ذات، شبہ مشابہ زادہ اسم مفعول از زادن، جنا گیا، مادر ماں، پدر باپ، یہ مصرع لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ کا ترجمہ ہے ۵ طعام کھانا آب پانی زن عورت، بیوی، خواب نیند غفلت بے خبری، سہو بھولنا ۶ پشتی، امداد، پشت پناہی مشورت، مشورہ نصر مدد (فائدہ) نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے مجھ سے میری اُمت کے بارے میں مشورہ طلب فرمایا، (مسند امام احمد) یہ اعزاز ہے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اگرچہ اللہ تعالیٰ کسی کے مشورے کا محتاج نہیں ہے ۷ جوہر وہ موجود ممکن جو محل میں نہ ہو، اللہ تعالیٰ واجب ہے، مرکب ذی اجزاء کیونکہ مرکب اجزا کا محتاج ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہیں، جسم وہ جوہر جو تین طرف تقسیم کا قابل ہو، عرض وہ موجود جو محل میں ہو جیسے سیاہی، سفیدی، متناہی صاحب انتہا، یہ مقدار کی صفت ہے اور اللہ تعالیٰ مقدار نہیں، اسکی وجہ دوسرے مصرع میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے وہی صفاتی نام استعمال کیے جا سکتے ہیں جو شریعت میں وارد ہوں اور اسماء مذکورہ میں سے کوئی نام بھی شریعت میں وارد نہیں ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ کے لیے سخی، شفیق، فاضل اور معلم کا استعمال جائز نہیں،

marfat.com

۱ نے کُل بگوئی بعض ہم رنگے نگوئی نے مزہ
بوئے نگوئی شکل ہم نے قدّ و قامت نے صُوَر

۲ او را نگوئی در مکان نے عرش گوئی جائے او
نے پیش و پس نے راست و چپ نے زیر گوئی نے زبر

۳ زندہ بداں حضرت خدا شنواست او بیناست ہم
اشیا شدہ از خواست او ہم نور و ظلمت خیر و شر

۴ موجود کردہ عالمے مختار در ایجاد، ہم
عاجز نبودہ ہیچگہ وقتے نہ گشتہ مضطر

۵ حادث بداں جملہ جہاں جز حق مداں کس را قدم
جملہ صفاتش ہمچنیں بیشک بداں جانِ پدر

۶ گویا بداں حضرت خدا اندر ازل بر یک سخن
آمر بداں ناہی بداں صیغہ یکے جملہ خبر

۷ حرفے ندارد صوت ہم اعراب در وے نے ہجا
دانی کلامش بیشکے از جنس خاطر ہم فکر

۱ کُل مجموعۂ اجزاء، اللہ تعالیٰ بسیط ہے اسکی کوئی جز نہیں، بعض جز وہ نہ کل ہے نہ کسی کی جز، قامت قد صُوَر جمع صورت ۲ مکان جگہ، متکلمین کے نزدیک وہ امتداد موہوم یا موجود جو لمبائی، چوڑائی اور موٹائی میں جسم کے برابر ہو، فلاسفہ کے نزدیک حاوی کی اندرونی سطح جو محوی کی بیرونی سطح سے متصل ہو، چونکہ قرآن پاک میں ہے "الرحمٰن علی العرش استوی" اس لیے مستقل طور پر عرش کے جگہ ہونے کی نفی کردی، پیش آگے پس پیچھے راست دائیں چپ بائیں زیر نیچے زبر اوپر یعنی چھ جہتوں میں سے کوئی بھی ثابت نہیں کر سکتے ۳ زندہ صاحب حیات شنوا سننے والا بینا دیکھنے والا خواست ارادہ نور روشنی ظلمت اندھیرا خیر بھلائی، شر برائی (ف) اللہ تعالیٰ کی سات صفتیں حقیقی محض ہیں حیات، ارادہ، قدرت، علم، کلام، سمع، بصر ماتریدیہ کے نزدیک آٹھویں صفت تکوین ہے ۴ عالَم جہان مختار صاحب اختیار، وہ مجبور نہیں ہے ایجاد پیدا کرنا مضطر مجبور ۵ حادث وہ موجود جو پہلے موجود نہ ہو قدم بے ابتداء ہونا (ف) اللہ تعالیٰ اور اسکی حقیقی صفات قدیم ہیں باقی سب حادث ۶ گویا صاحب کلام ازل وہ وقت جس کی ابتدا نہیں اس کے مقابل ابد ہے جس کی انتہا نہیں، بریک سخن ایک کلام پر یعنی مخلوقات کی پیدائش سے پہلے ایک صفت، کلام نفسی سے موصوف تھا آمر حکم کرنے والا ناہی منع کرنے والا، صیغہ مراد صفت جملہ خبر یعنی کلام کی تمام قسمیں خبر کی طرف راجع ہیں لہٰذا کلام ایک صفت ہی ہوگی نہ کہ متعدد، بعد میں جب اس کا تعلق مامور بہ سے ہوگا اسے امر کہیں گے منہی عنہ سے ہوگا تو نہی، ۷ حرف مخصوص آواز جو زبان کے مختلف مخارج پر اعتماد کی وجہ سے پیدا ہو صوت آواز (مطلق) اعراب حرکات و سکنات ہجا حروف کو ایک دوسرے سے الگ الگ پڑھنا، خاطر خیال فکر سوچ (ف) کلام نفسی قدیم الفاظ کے قبیلے سے نہیں بلکہ از قبیل مطالب ہے بلا تشبیہ جیسے بات کہنے سے پہلے آدمی سوچتا ہے۔

marfat.com

۱ دیدہ شود دیکھی جائے گی، زیارت کی جائے گی از بعد جنت آخرت اگلے جہان میں جنت میں داخلے کے بعد (ف) یہ زیارت صرف مومنوں کو سر کی آنکھوں سے ہو گی دُنیا میں اس طرح نہیں ہوتی ۲ فرامش مخفف فراموش بھول جانا جناں جمع جنت زحمت تکلیف مدہوش بے خود یعنی اللہ کی ایک تجلی کے دیدار سے بے خود ہو کر دُنیا کی تکلیفیں اور جنت کی راحتیں بھول جائیں گے ۳ رؤیت دیدار مکان جگہ جہت جانب متصل بلا فاصلہ کیف کیفیت درک جاننا، چونکہ اللہ تعالیٰ مکان، جہت اور اتصال سے پاک ہے اس لیے اس کا دیدار ان سب چیزوں سے ماورا ہو گا، یہ وہ حقیقت ہے جو قیامت کے روز ہی معلوم ہو گی، ۴ خواب نیند محکی بیان کیا ہوا سلف پہلے بزرگ صدلک کردڑ اثر روایت، امام اعظم اور امام محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں ہم نے خواب میں سو مرتبہ اللہ تعالیٰ کی زیارت کی ہے ۵ واجب لازم، فرض خالق پیدا کرنے والا مقتدر قدرت والا یعنی اگر انبیاء تشریف نہ لاتے، شریعت بھی وارد نہ ہوتی تو بھی اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات اور وحدانیت پر ایمان لانا فرض ہوتا، عقلی دلائل ان کی طرف راہنمائی کرتے ۶ تصدیق مان لینا ان تمام امور کا جو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے ہیں یہی ایمان ہے رکن اصلی، اصل بنیاد اقرار زبان سے اعتراف کرنا احکام دنیا دی احکام، یعنی ایمان دراصل دل کے ماننے کا نام ہے لیکن مسلمانوں والے دنیاوی احکام تب جاری ہوں گے جب زبان سے اقرار کرے گا، آئندہ شعر اسی بنیاد پر ہے

دیدہ۱ شود حضرت خدا از بعد جنّت آخرت
بینند جملہ موmناں ہر یک بدیدہ چشم سر

بکند فرامش۲ ہر یکے نعمت جنان زحمت جہان
مدہوش جملہ مومنان از یک تجلّے در نظر

رؤیت۳ نباشد در مکان نے در جہت نے متصل
کیفے ندارد ایں سخن نے درک و نے مثل دگر

دیدن۴ خدا در خواب ہم باشد روا اندر شرع
محکی است از جملہ سلف صدلک دریں وارد اثر

باب۵ دوم در احکام و ارکان ایمان گوید

گر انبیاء۶ ہم نامدے نے شرع بودے در جہاں
واجب شدے بر مردمان ایمان بخالق مقتدر

تصدیق۷ دل ایمان بداں ایں رکن اصلی بیشکے
اقرار شد اندر زبان از بہر احکام اے پسر

marfat.com

تصدیق[۱] گر داری بدل اقرار ناری بر زبان
باشی تو مومن نزدِ حق کافر بنزدیکِ بشر

گر مردے اندر جبل[۲] نشنوده علمے از کسے
آنجا بمیرد آں چناں یابد عذابے در سقر

ایماں[۳] بیارد چوں کسے علمے نخواہد معرفت
عامی بود آں مومنے ایمان مقلد معتبر

ہرگز[۴] نیاید مومنے بیروں ز ایماں ہیچگہ
گرچہ گناہاں می کند از صد کبائر بیشتر

چوں[۵] کافرے کو میکند صد چند حسنہ طاعتے
از کفر ناید او بروں گرچہ کند عدد المطر

شکے[۶] نیاری شبہ ہم ایمانِ خود جانانِ من
بر حق بگو من مومنم ورنہ تو باشی از کفر

دوزخ[۷] نماند مومنے جاوید لیکن چند گاہ
قدرِ گنہ رنجے کشد آید بروں پس زاں قدر

چوں[۸] تو کنی عصیاں بسے نیکی بکن ہم متصل
عفوت کند حضرت خدا جملہ گناہ گردد ہدر

---

۱ ناری در اصل نہ آری ہے نہ لائے تو، یعنی اگر کوئی شخص دل سے مانتا ہے زبان سے اقرار نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن ہے مگر ہمیں کیسے پتا چلے گا اور ہم اسکے ساتھ مسلمانوں والا معاملہ کس طرح کریں گے جب تک اقرار نہیں کرتا ۲ مرد مے کچھ لوگ جبل پہاڑ یعنی آبادی سے دور نشنودہ نہیں سنا سقر دوزخ یعنی اگرچہ انہیں کسی نے نہیں بتایا لیکن عقلی طور پر ذات و صفات کو پہچان سکتے تھے مگر نہ پہچانا ۳ یعنی اگر کوئی شخص علماء سے سن کر ایمان لے آتا ہے لیکن اسے دلائل کی خبر نہیں ہے تو اگرچہ وہ مقلد ہے اس کا ایمان معتبر ہے عامی عوام الناس میں سے ایک، بعض نسخوں میں عاصی ہے ۴ چونکہ ایمان تصدیقِ قلبی کا نام ہے اس لئے کبیرہ گناہوں کے سبب کوئی مومن، ایمان سے خارج نہیں ہو سکتا ۵ چوں جیسے طاعتے یا عظمت کے لئے، بڑی نیکی عدد المطر بارش کے چھینٹوں کی تعداد میں، یعنی کافر جب تک دل سے تصدیق نہ کرے کتنی ہی نیکیاں کرے کفر سے باہر نہیں آئیگا ۶ شک تردد شبہ بے یقینی کفر پہلے دو حرف مفتوح جمع کافر (ف) اگر کوئی پوچھے کہ کیا تم مومن ہو تو پورے وثوق سے کہنا چاہئے کہ ہاں میں مومن ہوں، شک و شبہ کا مطلب یہ ہوگا کہ ایمان نہیں ہے ۷ جاوید ہمیشہ چند گاہ کچھ وقت قدرِ گنہ، گناہ کے برابر (ف) اول تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم اور اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت کی بدولت مسلمان کے گناہ معاف فرما دے گا اور اگر خدا نخواستہ جہنم میں گیا بھی تو گناہ کے مطابق سزا پا کر باہر آجائے گا ۸ عفو معاف ہدر باطل (ف) شامتِ نفس سے اگر گناہ سرزد ہو جائے تو توبہ و استغفار کے علاوہ فوراً کوئی نیک کام کرنا چاہیے اللہ تعالیٰ رحیم و کریم ہے معاف فرما دے گا۔

marfat.com

باب[1] سوم دربیان عقائد و عقوبت گوید

درگور[2] پرسش حق بداں برکودکاں ہم بالغاں
مُنکر نکیرے پُرسدش از وے چو غائب شد بشر
مومن[3] کہ باشد پارسا بدہد جوابے زود شاں
گویند اورا خسپ تو ہمچوں عُروسے شاد در
عُصّاۃ[4] بعضے مومناں گویند جواب از فضلِ رب
کفار را بستہ زباں دائم عذابِ بیشتر
غرقہ[5] بآبے گر شود شیرے خورد یا سوختہ
او را سوالے داں یقین درگور نے ایں منحصر
درگور[6] ضغطہ داں بحق ابرار را آساں شود
اشرار را باشد چناں چوں درجوازاں نیشکر
اطفالِ[7] جملہ مشرکاں اندر سوال و از بہشت
کردہ توقف بیشکے آں شمع اُمت نامور
درگور[8] عاصی مومنے بیند عقابے چند گاہ
کفار را درگور داں دائم عذابے بیشتر

---

۱ عقائد وہ مسائل جنہیں ماننا چاہیے۔ عقوبت سزا ۲ گور قبر کودکاں جمع کودک بچہ، منکر و نکیر نامعلوم، ناواقف، خوفناک شکل و صورت والے دو فرشتے، بشر انسان (ف) میت سے پوچھتے ہیں تیرا رب کون ہے؟ تیرا دین کیا ہے؟ اور تو اس ذات کریم کے بارے میں کیا کہتا ہے؟ مومن اللہ تعالیٰ کے فضل سے صحیح جواب دے گا کافر و منافق جواب نہ دے سکیں گے اور سزا پائیں گے بچوں سے یہ سوال ہوگا کہ تم اپنے والدین کو مومن چھوڑ کر آئے ہو یا کافر؟ ۳ پارسا پرہیزگار زود جلدی شاں انہیں خسپ صیغہ واحد حاضر فعل امر از خفتن، سوجا، عروس دلہن شاد ور، خوش، مسرور ۴ عُصّاۃ جمع عاصی، نافرمان، گنہگار فضل مہربانی، بستہ بندھا، دائم ہمیشہ، بیشتر بہت زیادہ ۵ غرقہ ڈوبا ہوا، سوختہ جلا ہوا منحصر بند (ف) میت کے اصلی اجزا جہاں ہوں گے وہیں سوال ہوگا صرف قبر میں ہی نہیں ہوگا ۶ ضغطہ تنگی، دبانا، ابرار جمع بَرَرہ نیک، اشرار جمع شریر، بدکار، جوازاں بیلنا نیشکر گنا۔
۷ اطفال جمع طفل، بچہ توقف ٹھہرنا، کوئی حکم بیان نہ کرنا شمع چراغ نامور مشہور (ف) حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ نے مشرکوں کے بچوں سے سوال اور ان کے جنت میں جانے کے بارے میں توقف کیا ہے، بعض حضرات نے کہا وہ اہلِ جنت کے خادم ہوں گے، بعض نے کہا وہ اعراف میں ہوں گے۔
۸ عاصی گنہگار عقاب عذاب چند گاہ کچھ وقت، جس قدر اللہ تعالیٰ چاہے گا۔

marfat.com

انعام[1] وراحت بعد احسان کرم در گور ہا
مومن کہ باشد صالحے بینند ہمیں شام وسحر
[2] در گور باشد زندگی چون زندگی امروز ما
کنجشک شیند بر قبر مردہ بداند مادہ نر
[3] راحت عذابے ہرچہ ہست از نیک و بد در گور ہا
دانند خلقے ہمگنان اِلّا ہمیں جنّ و بشر
[4] صورے چو اوّل در دمد میرند جملہ زندگان
در صور دوئم بیشکے خیزند ہر یک از قبر
[5] صورے گرفتہ در دہان دادہ خمے مر پشت را
یک پائے پیش و پس دگر باشد ہمیں او منتظر
[6] اجساد عالم جملگی مجنون و عاقل کودکان
جنّ و شیاطین وحش ہم طیر و بہائم در حشر
[7] آیند حاضر جملگی ہر یک حسابے میدہند
عدلے شود بر ہمگنان ظلمے نہ بر کس نے جبر

[1] اہلِ سُنّت وجماعت کے نزدیک نیک آدمی کو قبر میں انعام اور راحت ملتی ہے فاسق اور کافر کو عذاب۔ قبر گویا حوالات ہے، معتزلہ کہتے ہیں کہ میت پتھر کی طرح ہے اس کو کچھ خبر نہیں نہ رنج کی نہ راحت کی، موجودہ زمانہ کے وہابی اور دیوبندی انہیں کے نقشِ قدم پر ہیں۔ [2] کنجشک چڑیا شیند مخفف نشیند بیٹھے، مصنف نے یہ تخفیف عام طور پر استعمال کی ہے مادہ مؤنث، نر مذکر (ف) دنیا سے رخصت کے بعد قیامت سے پہلے احادیث مبارکہ سے میت کے لئے حیاتِ برزخی ثابت ہے جس کی بنا پر علم اور رنج وراحت کا احساس ہوتا ہے اسکی حقیقت تو اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم میں ہے تاہم بعض علماء نے کہا کہ روح اپنی جگہ پر ہوتے ہوئے جسم سے متعلق ہوتی ہے بعض نے فرمایا جسم کی ایک جز (دل) میں لوٹا دی جاتی ہے شہداء کی زندگی عوام سے اور انبیاء کی زندگی شہداء سے بلند و بالا ہے [3] ہمگناں تمام اِلّا مگر (ف) قبر کے حالات جن اور انسان پر منکشف نہیں ہوتے تاکہ ان کا ایمان بالغیب باقی رہے اور نظامِ عالم برقرار رہے [4] صور، نرسنگا، بگل دمد صیغہ واحد غائب فعل مضارع از دمیدن پھونکنا میرند صیغہ جمع غائب از مردن مرنا خیزند صیغہ جمع غائب از خاستن اُٹھنا (ف) تفسیر مدارک میں ہے کہ صور تین دفعہ پھونکا جائے گا (۱) مخلوق خوف زدہ ہو جائے گی۔ (۲) تمام زندہ مر جائیں گے چالیس سال یہی حالت رہے گی (۳) تمام مخلوق زندہ ہو جائیگی، مشہور یہی ہے کہ دو دفعہ پھونکا جائے گا جیسے مصنف نے کہا [5] دہاں منہ خمے یا عظمت کے لئے، کمر بہت جھکائی ہوئی ہے منتظر انتظار کرنے والا (ف) حضرت اسرافیل علیہ السلام صور منہ سے لگائے منتظر کھڑے ہیں کہ کب حکم ہو اور وہ بجا دیں [6] اجساد جمع جسد، جسم جملگی تمام مجنون پاگل وحش نامانوس جانور مثلاً درندے طیر پرندے بہائم جمع بہیمہ چوپایہ عدلے یا عظمت کے لئے، عظیم انصاف، ہمگناں تمام جبر مجبور کرنا، زیادتی

marfat.com

میزان[1] حق دان بیشکے از بہر مومن کافران
اعمال را وزنے شود آن خیر باشد خواہ شر
[2] نیکی گران آید اگر مُصلح بداں او را ولی
مُفسِد شقی باشد یقین شرّے گران آید اگر
پس[3] نامہا پرّان شوند یابند جملہ مومنان
در راست دستِ مومنان در دستِ چپ جملہ کفر
بر[4] پشت دوزخ پُل بدان خلقے رود بالائے آن
از تیغ باشد تیز تر باریک داں از موئے سر
بعضے[5] چو برقے بگذرند بعضے چو بادو راکبے
بعضے چو راجل میروند بعضے چو مورے ہم بتر
[6] روشن شود ہم روئے ہا بعضے چو ماہِ چاردہ
بعضے سیہ گردد چنان دیجورِ شب زو خوب تر
[7] آیند جوارح در سخن بدہند گواہی دست و پا
حیران شود جملہ جہان مردم ز ہولش بیخبر
ہم[8] حوض کوثر حق بدان اندر بہشت اند چار جوئے
از آب شیر و شہد ہم جوئے چہارم از خمر

[1] میزان ترازو جس میں قیامت کے روز اعمال تولے جائیں گے (ف) اعمال کے دفتر تولے جائیں گے اور ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ اعمال کو وزن عطا فرما دے [2] گراں بھاری مُصلح نیک ولی اللہ تعالیٰ کا دوست مُفسد بدکار شقی بدبخت (ف) دنیا کے برعکس جس کے اعمال بھاری ہونگے ان اعمال کا پلڑا اوپر اُٹھ جائے گا [3] نامہا جمع نامہ، نامۂ اعمال پرّان اڑنے والے راست دایاں، چپ بایاں (ف) ایمانداروں کو نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں اور کافروں کا سینہ چیر کر بایاں ہاتھ پشت کی طرف نکال کر نامۂ اعمال دیا جائیگا اس حال میں کہ گردن پیچھے کی طرف مڑی ہوئی ہوگی، نعوذ باللہ تعالیٰ من ذالک [4] تیغ تلوار موئے سر، سر کے بال (ف) ہر شخص کو پُل صراط سے گزرنا پڑے گا [5] برق بجلی، باد ہوا راکب سوار، راجل پیدل مور چیونٹی بتر، بدتر کا مخفف [6] ماہِ چاردہ، مرکب توصیفی چودہویں کا چاند، سیہ تاریک، کالا، دیجور تاریک خوب تر بہت اچھی، یعنی بعض چہرے اس قدر سیاہ ہوں گے کہ تاریک رات بھی ان سے اچھی ہوگی [7] جوارح جمع جارحہ، اعضاء، ہول خوف، دہشت، ارشاد ربانی ہے اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓی اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور انکے ہاتھ ہم سے کلام کرینگے اور انکے پاؤں گواہی دیں گے انکے اعمال کی [8] حوض کوثر میدان محشر میں یہ حوض ہوگا جسکے ایک کنارے کی لمبائی ایک ماہ کی مسافت ہوگی، اس کے کوزے ستاروں کے برابر ہوں گے، نہر کوثر جنت میں ہوگی، جو نہر آب پانی، شیر دودھ خمر شراب، جس میں نشہ نہیں ہوگا، ان کے علاوہ اور نہریں بھی ہونگی،

marfat.com

مخلوق[1] دان امروز تو جنّت جہنّم ہر دو را
ابن ہر دو را با اہلِ خود فانی مداں اے نامور

امروز[2] مالک مے کشد ہیزم بدوزخ دمبدم
ہر لحظہ رضوان کوشکے سازد ہمیں از مشکتر

مومن[3] بجنّت جاوداں نے مرگ بیند نے علل
کافر بسوزد ہمچنیں دائم بآتش در سقر

مومن[4] بقدرِ ذنب خود بیند عذاب و بعد ازاں
آید بروں جنّت رود صد کشک یابد از گہر

مومن[5] بدوزخ چوں رود آتش نہ گردد گردِ او
سختی نہ او را در سقر الّا کہ خوف و یا خطر

دوزخ[6] بسوزد جنّ پری کافر چو باشد بالیقیں
در نیلِ جنّت پریاں دان اختلافے مشتہر

نومید[7] بودن از خدا ہم ایمنی از کفر دان
تصدیق کاہن کفر شد از غیب چوں گوید خبر

۱ مخلوق پیدا شدہ (ف) اہلِ سُنت کے نزدیک جنّت اور دوزخ اس وقت موجود ہیں جنت کے بارے میں ارشاد ہے اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِیْنَ (متقیوں کے لئے تیار کی گئی ہے) اور جہنم کے بارے میں اُعِدَّتْ لِلْکَافِرِیْنَ (کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے) کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْہَہٗ کے مطابق اس وقت کی نعمتیں قابلِ نفع نہیں رہیں گی، اگرچہ موجود ہوں گی، معتزلہ کے نزدیک جنت اور جہنم قیامت کے بعد پیدا ہوں گی، ۲ امروز آج مالک جہنم کا داروغہ ہیزم ایندھن دمبدم ہر ساعت، ہر لحظہ ہر گھڑی رضوان جنت کا داروغہ، کوشک کوٹھڑی، مشک کستوری ۳ جاوداں ہمیشہ، مرگ موت، علل جمع علت بیماری، آتش آگ سقر دوزخ ۴ قدر مقدار، ذنب گناہ برون باہر صد سو کشک مخفف کوشک، کوٹھڑی، گہر پہلے حرف مضموم موتی ۵ گردد صیغہ واحد غائب فعل مضارع از گردیدن پھرنا گردِ ارد گرد سختی پہلا حرف مضموم عذاب (ف) یہ خاص ان لوگوں کے لیے ہے جن پر اللہ تعالیٰ کا فضل ہوگا، یا محبوبانِ الٰہی کی شفاعت کی برکت شامل حال ہوگی یا مومن کامل ہوں گے جو کسی لغزش کے سبب کچھ وقت کے لیے دوزخ میں جائیں گے ورنہ مصنف خود گزشتہ شعر میں کہہ چکے ہیں کہ مومن اپنے گناہ کے مطابق عذاب دیکھے گا ۶ پری جن کی مادہ نیل پانا، مشتہر مشہور (ف) تمہید امام ابو شکور سالمی میں ہے کہ امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک مسلمان جن صرف آگ کے عذاب سے محفوظ رہیں گے جنت نہیں پائیں گے لیکن اصح یہ ہے کہ وہ جنت کی نعمتوں سے دیکھنے، سننے اور سونگھنے سے لطف اندوز ہوں اور اپنے اہل سے قربت کریں گے جنتی حوروں سے نہیں، فرشتے اب بھی جنت میں جاتے ہیں اور جنتی نعمتوں کو دیکھ کر فرحت حاصل کرتے ہیں (شرح) ۷ ایمنی بے خوف ہونا کاہن نجومی، جوتشی (ف) اِنَّہٗ لَا یَیْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْکَافِرُوْنَ حضرت عطار نے فرمایا: ناامید از رحمت شیطاں بود، نیز ارشاد ہے وَلَا یَاْمَنُ مَکْرَ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُوْنَ (اللہ کی خفیہ تدبیر سے نقصان والے ہی بے خوف ہوتے ہیں)، غیب کا علم صرف اللہ تعالیٰ کو ہے یا اس کی عطا سے انبیاء کو یا ان کے واسطے سے اولیاء کو، نجومی اگر کہے کہ مجھے غیب کا علم ہے تو اس کی تصدیق کفر ہے۔

marfat.com

ہرگز نباشد اولیاء چوں انبیاء در مرتبہ [1]
نے از فرشتہ ہیچکس باشد چو ایشاں اے پسر
زہاد جملہ اولیاء باشند افضل از ملک [2]
جز از خواصِ چار کس ہر چار ایشاں نامور
جز انبیاء و اولیاء زہاد و صالح مردمان [3]
فضلے ندارد بر ملک دیگر عوامی از بشر
ہرگز نباشد ہیچکس پس انبیاء بوبکر چوں [4]
از بعد او می داں عمر پس بعد ازاں عثماں نگر
وز بعدِ او حیدر بداں کو بود شاہے در جہاں [5]
مسلم شوی مخلص ہمیں از رفض گردی پاک تر
افضل خدیجہ شہ زناں پس عائشہ افضل بداں [6]
افضل ز جملہ دختراں تو فاطمہ زہرا شمر
سخنے مگو در حقِ کس اصحابِ احمد مصطفےٰ [7]
سیّارہ دانی ہر یکے نے ہمچو شاں کس راہبر

[1] (ف) شاہ عبد الحق محدث دہلوی قدس سرہٗ مدارج میں فرماتے ہیں کہ یہ عقیدہ کہ کوئی ولی نبی کے برابر ہو سکتا ہے کفر ہے، اہلِ سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ انبیاء تمام فرشتوں سے افضل ہیں [2] زہّاد جمع زاہد، عبادت گزار ملک فرشتہ (ف) خاص فرشتے چار ہیں حضرت جبرائیل، میکائیل، اسرافیل، اور عزرائیل علیہم السلام، اولیاء امت ان چار کے علاوہ فرشتوں سے افضل ہیں، عوام الناس کا حکم آئندہ شعر میں ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق سے افضل ہیں تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو "تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین" از امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ [4] (ف) انبیاء اور رسل کے بعد تمام مخلوق سے افضل سیدنا ابوبکر صدیق پھر سیدنا عمر فاروق پھر سیدنا عثمان غنی پھر سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں یہ اہلِ سنت کا مذہب ہے، شیعہ خلفاء ثلاثہ کے منکر اور دشمن ہیں، خارجی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دشمن اور گستاخ ہیں، شیعہ کو رافضی اسلیے کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت زید شہید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اسلیے چھوڑ دیا تھا کہ وہ شیخین کریمین کو برا بھلا کہنے کے لیے تیار نہ تھے [6] (ف) حضرت خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ تعالیٰ عنہا عورتوں کی بادشاہ ہیں کہ وہ نبوت کے اعلان سے پہلے زوجیت سے مشرف ہوئیں اپنا تمام مال حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت و رضا جوئی کے لیے صرف کر دیا اور عورتوں میں سب سے پہلے ایمان لائیں انکے بعد صدیقہ بنت صدیق حضرت عائشہ ہیں جو حبیبۂ حبیبِ خدا ہیں اللہ تعالیٰ نے انکی برارت کے لیے اٹھارہ آیتیں نازل فرمائیں، بڑے بڑے صحابہ ان سے مسائل دریافت کرتے تھے، تمام صاحبزادیوں سے افضل اور چہیتی بیٹی حضرت خاتونِ جنت فاطمۃ الزہراء ہیں قیامت کے دن منادی ندا کرے گا اہلِ محشر! اپنی نگاہیں جھکا لو، سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی گزرنے والی ہیں۔ زہرا آب و تاب والی [7] سخنے بات (بری بات) اصحاب وہ خوش بخت حضرات جو ایمان کی حالت میں بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوئے اور اسی حالت پر دنیا سے رخصت ہوئے، سیّارہ، ستارہ (حرکت کرنے والا) (ف) صحابہ کرام وہ مقدس ہستیاں ہیں جنکی بدولت آج ہم ایمان، قرآن اور حدیث کی برکات سے مالا مال ہیں، ان سے بے تعلق ہونے کا مطلب ایمان و قرآن سے دست بردار ہونے کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا، حدیث شریف میں ہے کہ جب تم میرے اصحاب پر سب و شتم کرنے والوں کو دیکھو تو کہو "لعنۃ اللہ علیٰ شرکم" (تمہارے شر پر خدا کی لعنت)

marfat.com

۱ے کیں در اصل کہ ایں، نفر فرد (ف) ان دس حضرات کو عشرہ مبشرہ (وہ دس جن کے جنتی ہونے کی بشارت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ
نے بر سرِ منبر دی) کہتے ہیں، قافیہ کی رعایت کے لیے حضرت عمر کا ذکر آخر میں کیا ورنہ رتبے میں حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
سے افضل ہیں ۲ے چار خلفاء راشدین (۵) حضرت سعد بن ابی وقاص (۶) حضرت سعید بن زید (۷) حضرت طلحہ بن عبید اللہ
(۸) حضرت ابو عبیدہ ابن عامر الجراح (۹) حضرت زبیر بن عوام (۱۰) حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہم ۳ے میثاق عہد
پیمان ذراری جمع ذریت، اولاد اس عبارت میں قلب ہے ذراری مضاف ہے آدم کی طرف، اولادِ آدم رستہ پہلا حرف مفتوح صیغہ واحد اسم مفعول از رستن، چھوٹنا، نجات پانا (ف) اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے تمام اولاد کو نکالا اور ان سے عہد لیا: "اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ"، سب نے کہا بلیٰ، ہاں تو ہمارا رب ہے پھر انہیں سجدہ کا حکم دیا بعض نے دو سجدے کئے بعض نے ایک اور بعض نے بالکل سجدہ نہ کیا، یہ میثاق وادئ نعمان (مکہ مکرمہ اور طائف کے درمیان) میں لیا گیا ۴ے منکدر، مکدّر، میلا (ف) مصنف نے چھ چیزوں کا ذکر کیا ہے جن کو فنا نہیں اسی طرح ارواح بھی باقی رہیں گی ۵ے مرقوم لکھا ہوا خامہ قلم (ف) حدیث شریف میں ہے جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ، "جو کچھ ہونے والا ہے قلم اسے لوح محفوظ میں لکھ کر خشک ہو چکی ہے ۶ے بیروں میا بغاوت نہ کر تیغ تلوار، جور ظلم جبر زیادتی (ف) مسلمان بادشاہ کے خلاف بغاوت جائز نہیں فتاویٰ بزازیہ میں جامع صغیر کے حوالہ سے ہے اگر بارہ ہزار افراد بادشاہ کی مخالفت میں متفق ہوں تو اس کے خلاف خروج کیا جا سکتا ہے ورنہ نہیں (شرح) ۷ے غزوے، جہاد باغیاں جمع باغی، مسلم بادشاہ کی اطاعت سے انحراف کرنے والا، علم جھنڈا بکش قتل کر تعجیل تر بہت جلد۔

تحقیق[1] داں کیں دہ نفر از اہلِ جنّت بیشکے
بوبکر و عثمان ہم علی دانی چہارم شہ عمر
سعد[2] و سعید طلحہ داں ہم بوعبیدہ ہشتمی
دانی زبیر او شد نہم ہم عبد رحماں نامور
میثاق[3] را برحق بداں از آدم ذراری جملگی
منکر مشو تو زیں سخن رُستہ شوی روزِ حشر
تو نار[4] و جنّت عرش را کرسی و ہم لوح و قلم
موجود دہ داں مخلوق ہم فانی مداں ہم منکدر
در[5] لوح مرقوم آنچہ شد زاں خشک و فارغ شد قلم
جز او نباشد ہیچ گاہ ہرگز نہ گردد خامہ تر
بر[6] بادشاہاں ہیچ گہ بیروں میا تیغے مکش
بکنند ظلمے گرچہ شاں صد جور بینی یا جبر
غزوے[7] بکن با باغیاں زیرِ عَلَم سلطان خود
باغی چو بینی شد کسے او را بکُش تعجیل تر

marfat.com

رخصت[1] بداں اندر سفر افطار را افضل صوم دان
جائز نگوئیم در سفر اندر نماز الا قصر
باید[2] گذاری جمعہ را پس ہر کہ باشد نیک و بد
مسحے بکن بر موزہا باشی بخانہ یا سفر
میداں[3] شفاعت بر حق است ابرار مر اشرار را
خواہند از حضرت خدا آرند بیروں از سقر
از بہر[4] مردہ زندگان بدہند صدقہ یا دعا
گردد عذابے دور شاں یابند راحت بیشتر
مشکل[5] چو کارے مر ترا آید گہے مے خواں دعا
مغز عبادت دان دعا وارد دعا جاناں اثر
دانی[6] قیامت را نشان دجال دیگر دابہ ہم
عیسی فرو آید کشد دجال را از پشت خر
یاجوج[7] یاماجوج ہم پیدا شود اندر جہان
سرہائے بعضے آسمان باشند بعضے یک شبر

[1] رخصت اجازت افطار روزہ نہ رکھنا صوم روزہ قصر چار رکعت والی نماز کی دو رکعت ادا کرنا (ف) یہ مسائل اگرچہ فقہ سے متعلق ہیں لیکن چونکہ ان کا ماننا لازم ہے اس لیے اعتقادیات میں بیان کئے گئے، احناف کے نزدیک سفر میں ظہر، عصر اور عشاء دو رکعت ہی فرض ہیں اگر کسی نے چار رکعتیں ادا کیں تو آخری دو رکعت نفل ہوں گی [2] حدیث شریف میں ہے صَلُّوا خَلْفَ كُلِّ فَاجِرٍ۔ لہذا فاسق کے پیچھے نماز (جمعہ یا اور کوئی نماز) ادا کی تو ادا ہو جائے گی مگر کراہت کے ساتھ البتہ ایسے شخص کو امام بنانا گناہ ہے، جو شخص طہارت کاملہ پر موزہ پہن چکا ہو تو مقیم ہو تو ایک دن رات وضو ٹوٹنے کے بعد اور مسافر ہو تو تین دن رات مسح کر سکتا ہے [3] ابرار مر اشرار را، نیکوں کی شفاعت گنہگاروں کے لیے سقر دوزخ [4] اہل سنت کے نزدیک اموات کے لیے صدقہ اور دعا مستحسن ہے ارشاد ربانی ہے وَالَّذِيْنَ جَاءُوْا مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ الآیۃ احادیث سے بھی یہ امر ثابت ہے اہل سنت کے معمولات میلاد شریف، گیارہویں شریف، عرس، تیجا اور ساتواں ایصال ثواب ہی کی قسمیں ہیں [5] مغز مخ، جاناں اے عزیز ارشاد ربانی ہے اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ [6] دجال مکار، دابۃ چوپایہ، خر گدھا (ف) دجال قیامت کے قریب نمودار ہوگا ایک آنکھ سے کانا اور خدائی کا دعویدار ہوگا اسکے ہاتھ پر خوارق ظاہر ہوں گے، حضرت عیسی علیہ السلام تشریف لاکر اسے قتل کریں گے، مودودی صاحب کے خیال میں دجال کی حقیقت افسانے سے زیادہ نہیں ہے، مرزائی حضرت عیسی علیہ السلام کی وفات کے قائل ہیں یہ دونوں خیال احادیث کی رد سے باطل ہیں، دابۃ الارض عجیب الخلقت جانور جس کے اعضا مختلف جانوروں جیسے ہونگے یہ بھی علامات قیامت میں سے ہے [7] یاجوج بہت ہی چھوٹے قد کی مخلوق حتی کہ بعض بالشت بھر ہیں، ماجوج طویل القامت ساٹھ گز لمبی مخلوق، دونوں یافث بن نوح کی اولاد میں سے ہیں اور سد سکندری کے پیچھے بند ہیں، قریب قیامت نکلیں گے اور جو چیز سامنے آئے گی کھا جائیں گے، حضرت عیسی علیہ السلام کی دعا سے ہلاک ہوں گے۔

marfat.com

[1] شمس سورج طلوع نکلنا، نزاع اختلاف مفتوح کھلا ہوا (ف) علاماتِ قیامت میں سے سورج کا مغرب کی طرف سے نکلنا ہے، اس وقت سب کافر ایمان لے آئیں گے مگر ان کا ایمان قبول نہ ہوگا [2] زناں جمع زن عورت، بعض نسخوں میں کثرت زنا ہے یعنی بدکاری اسپ گھوڑا (ف) حدیث شریف میں ہے علاماتِ قیامت میں سے یہ ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت عام ہوگی، زنا کی کثرت ہوگی، شراب پی جائے گی مرد چلے جائیں گے (لڑائیوں میں مارے جائیں گے) اور عورتیں باقی رہ جائیں گی یہاں تک کہ پچاس عورتوں کا سرپرست ایک مرد ہوگا، عورتوں کا بغیر کسی عذر اور ضرورت کے گھوڑوں پر سوار ہونا بھی قیامت کی نشانی ہے [3] قیامت کی ایک نشانی یہ بھی ہے کہ لوگ بہت سے علم پڑھیں گے لیکن اس پر عمل نہیں کریں گے (چنانچہ اس زمانے میں یہ وبا عام ہے) [4] مشغول مصروف بنا تعمیر (ف) دنیاوی نقصان یا ضرر کی بنا پر موت کی آرزو ممنوع ہے لیکن اگر دینی نقصان یا ضرر کے خطرے کے پیش نظر آرزو کی جائے تو حرج نہیں [5] مقطع فیصل (یعنی شریف اور خاندانی لوگ، اچھے اچھے ناموں والے مزدور ہوں گے اور گھٹیا قسم کے لوگ معزز اور محترم ہوں گے، [6] بوادی جمع بادیہ جنگل اہل بوادی جنگلی روستا دیہاتی چوپاں گائے چرانے والا شباں بکریاں چرانے والا، دوسرا مصرع پہلے مصرع میں مذکور افراد کی صفت ہے، کفش جوتا پگے مخفف پگڑی، دستار موصوف صفت مل کر مبتدا اس کی خبر آئندہ شعر ہے [7] قصر محل، کوٹھی، یعنی وہ چرواہے اور کاشتکار قسم کے لوگ شہروں میں آکر بلند و بالا عمارات تعمیر کریں تو یہ بھی قیامت کی نشانی ہے۔

[1] از سوئے مغرب شمس را باشد طلوعی بے نزاع
بستہ شود در توبہ را کان بود مفتوح بر بشر
[2] کثرت زنا اندر جہان دانی قیامت را نشان
بر اسپ چوں بینی زنان آید قیامت زود تر
[3] دیگر نشانے علمہا خوانند خلقے بے عمل
ساجد بہ بینی اند کے مسجد بیابی بیشتر
[4] مشغول بینی در بنا خلقے شدہ از جان و دل
مرگے بخواہی آں زمان مردن ہمیں بہتر شمر
[5] محمود احمد تاج دین مزدور بینی ہر طرف
شادی قبولا زیر کا مقطع شدہ ہم مشتہر
[6] اہل بوادے روستا چوپاں، شبان ہم جفت ران
کفشے نہ گاہے پائے شان پگے نبودے شان بسر
[7] دانی قیامت بیشکے ایشاں چو بینی شہرہا
مشغول گشتہ در بنا ہر یک بقصرے مفتخر

marfat.com

۱ ۲ سنگ خارا سخت پتھر، صغر بچپن کبر بڑھاپا، بڑی عمر (ف) بچپن میں چونکہ ذہنی قوی ترقی پذیر ہوتے ہیں اس لیے اس وقت جو بات یاد کی جائے ذہن میں راسخ ہوتی ہے جوانی کے بعد ذہنی قوتیں زوال پذیر ہوتی ہیں اس لیے کم ہی کوئی بات ذہن میں بیٹھتی ہے ۳ آموز صیغہ واحد حاضر فعل امر از آموختن، سیکھنا، خط خوش خطی، صرف وہ علم جس میں الفاظ کی ساخت سے بحث کی جاتی ہے لغت وہ علم جس میں الفاظ مفردہ کے معانی بیان کئے جاتے ہیں، نحو وہ علم جس میں اسم فعل اور حرف کے آخری حالات سے باعتبار اعراب وبنا اور باہمی ترکیب سے بحث کی جاتی ہے، معانی وہ علم جس میں موقع محل کے مطابق کلام کرنے کی بحث ہوتی ہے بیان جس میں ایک مقصد کو مختلف طریقوں سے بیان کرنے کا انداز بتایا جاتا ہے، توحید علم عقائد، فقہ اعمال اور ان کے احکام کا بیان، خبر حدیث (ف) اصل مقصود قرآن وحدیث اور اعتقادی وعملی مسائل کا جاننا ہے اس مقصد کے لیے مفید اور معاون علوم بھی حاصل کرنے چاہییں ۴ نافع مفید منجی نجات دینے والا حور جمع حورا، بڑی آنکھ والی عورت ۵ (ف) علم کا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ اس کے مطابق عقیدہ اور عمل اپنا کر اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رضا وخوشنودی حاصل کی جائے باقی سب زائد امور ہیں ۶ حضرت عارف رومی قدس سرہٗ فرماتے ہیں ؎

علم را بر دل زنی یارے بود
علم را بر تن زنی مارے بود

صدر بلند جگہ، شینی دراصل نشینی تھا تو بیٹھے، مرتفع اونچا ہو کر، کسبہا کاروبار، محنت، مزدوری شمر صیغہ واحد حاضر فعل امر از شمردن گنا (ف) علم کا مقصد اگر رضاء الٰہی نہیں ہے بلکہ دنیا کمانا ہے تو وہ علم محنت مزدوری سے بھی برا ہے کیونکہ جائز طریقے سے کسب معاش جائز اور مستحسن ہے اور دنیا کے لیے علم کا حصول مذموم ہے

باب چہارم در بیان علم و عمل و فضل آن گوید

بر سنگ خارا نقش دان علمے کہ خوانی در صغر
بر آب دان آن نقش را علمے کہ خوانی در کبر
قرآن بخوان تفسیر ہم آموز خط صرف و لغت
نحو و معانی با بیان توحید ہم فقہ و خبر
علمے بخوان کان ترا نافع بود منجی شود
جنت بیابی حور ہم یابی خلاصی از سقر
علمی کہ خوانی بہر حق بیشک ترا منجی بود
نے بہر فتوی نے قضا نے بہر نان شغلے دگر
علمے کہ خوانی بہر حق دان سود خود آن علم را
علمے نہ بہر حق بود زان علم بینی صد ضرر
گر علم خوانی بہر آن بر صدر شینی مرتفع
آن علم دان چون کسبہا بل کسب زان بہتر شمر

marfat.com

حیلہ[1] نیاموزی گہے منکر نہ گردی از حیل
از شرع بیرون پائے خود ہرگز نیاری اے پسر

چون[2] دوست داری علم را یا عالمے متعلّمے
تو پاک گردی از گنہ گہنے کہ کردی در عمر

وقتیکہ[3] بینی طالبے مر علم را یاری بکن
جنّت یابی از خدا کلکے دہی گر منکسر

گر[4] علم خواند مردمے بکند عبادت اندکے
باشد ز خاصاں نزدِ حق وز عابداں نزدیک تر

فضلے[5] کہ دارد عالمے بر عابداں ہم زاہداں
چوں فضل احمد مصطفےٰ بر کم کمینہ از بشر

با عالماں[6] نسبت مکن عابد کہ تنہا خویش را
خواہد خلاصی از خدا عالم خلاصی صد نفر

شو[7] خاک پائے عالماں تا جائے یابی در جناں
شو دُور تر از جاہلاں تا تو نسوزی در سقر

مقصود[8] از علم ست عمل درس و قضا مقصود نے
عالم کہ باشد بے عمل دانی کمانے بے وتر

---

[1] حیل جمع حیلہ (ف) وہ تدبیریں جو شریعت مبارکہ میں جائز ہیں اور فقہاء نے بیان کی ہیں ان کا منکر نہ ہونا چاہیے لیکن احکام شریعت سے گریز (کسی حرام کو حلال یا حلال کو حرام بنانے کے لیے) یا کسی کی حق تلفی کے لیے حیلہ بہانہ اختیار کرنا ناجائز ہے [2] (ف) دین کے علم یا عالم یا متعلم کی محبت و تعظیم گناہوں کے لیے کفارہ کی حیثیت رکھتی ہے [3] یاری امداد، خدمت کلک قلم، منکسر ٹوٹا ہوا (ف) علم دین کے طالب کی امداد اگرچہ معمولی ہو غنیمت جاننی چاہیے [4] اگر کوئی شخص علم دین پڑھے اور فرائض و واجبات کے علاوہ مزید عبادت نہ کرے اور اپنا باقی وقت خدمت دین میں صرف کرے تو وہ عابد سے زیادہ مقبول ہے کیونکہ نوافل وغیرہ عبادات کا فائدہ صرف اس شخص کو حاصل ہوگا اور علم اسکے لیے بھی مفید ہے اور دوسروں کے لیے بھی، [5] عابداں عبادت کرنے والے زاہداں دنیا کی لذتوں سے کنارہ کشی کرنے والے (ف) حدیث شریف میں ہے "فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْجَاهِلِ كَفَضْلِي عَلَى أَدْنَاكُمْ" "عالم کو جاہل پر فضیلت اتنی ہے جتنی مجھے تم میں سے ادنیٰ آدمی پر" [6] با عالماں نسبت مکن، یعنی عابد کا مقابلہ خادم دین عالم سے نہ کر (ف) حضرت سعدی قدس سرہ فرماتے ہیں

گفت او گلیم خویش بدر می برد ز موج
وین جہد می کند کہ بگیرد غریق را

[7] خاک پا خادم اور محب (ف) حدیث شریف میں ہے "اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ" آدمی اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا، خادم دین عالم چونکہ جنت میں ہوگا لہٰذا اس کا خادم اور محب بھی جنت میں ہوگا، جاہل اگر دوزخ میں گیا تو اپنے دوست کو بھی لیتا جائے گا [8] درس پڑھانا قضا قاضی بننا بے عمل یعنی فرائض و واجبات بھی ادا نہیں کرتا وتر پہلے ہر دو حرف مفتوح کمان کا چلہ جہاں تیر رکھ کر چلاتے ہیں (ف) علم بغیر عمل کے اسی طرح بے فائدہ ہے جیسے کمان بغیر چلہ کے۔

marfat.com

علمے کہ حاصل شد ترا ترس از خدا تقوے بکن
ورنہ تو باشی دُزدِ دیں ہم راہزن ہم حیلہ گر

باب پنجم در قضائے حاجت و وضو و تیمم و غسل گوید

۲ چوں در قضا حاجت روی زنہار بکن بر پائے چپ
در سُوئے قبلہ رُو مکن ہم پُشت را اے نامور

۳ چوں در قدم جا میروی اوّل بِنہ تو پائے چپ
گر با تو باشد کاغذے آں دُور کن با خود مبر

۴ چوں بول و غائط مر ترا زحمت دہد در حال کُن
گر تو بداری ساعتے صد رنج بینی صد ضرر

۵ دائم تو باشی با وضو جامہ بپوشی ریم گیں
چوں تو شوی ہم بے وضو در حال کُن تعجیل تر

۶ وقتے کہ گردی بے وضو نظرے مکن در مصحفے
نظرے مکن در آسمان سیّارہ نے شمس و قمر

۷ نے سوئے کعبہ کُن نظر نے سوئے روئے عالماں
نے ذکر گوئی نے سبق نے روئے مادر نے پدر

۱ ترس ڈر تقوی امنوعات شرعیہ سے پرہیز دزد چور راہزن ڈاکو حیلہ گر، حیلہ ساز (ف) جو علماء، عمل، تقوی و پرہیزگاری سے خالی ہیں اور دُنیا کا مال کمانے اور دنیا داروں کو خوش کرنے کے لیے اُلٹے سیدھے مسئلے بیان کریں وہ علماء سوء ہیں اور دین کے راہزن ۲ قضائے حاجت پاخانہ کرنے کے لیے زنہار ہرگز بکن بر پائے چپ، بائیں پاؤں پر ابھار زن ڈال (ف) جانب قبلہ کا یہ ادب اور احترام ہے کہ ایسی حالت میں اس طرف نہ منہ ہو نہ پشت، ۳ قدم جا بیت الخلاء اوّل پہلے بِنہ صیغہ واحد حاضر فعل امر از نہادن رکھنا چپ بایاں کاغذے یعنی ایسا کاغذ جس پر خدا اور رسول (جل و علا و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کا اسم گرامی یا قرآن و حدیث لکھا ہوا ہو ۴ بول پیشاب غائط پاخانہ در حال جلدی گر تو بداری اگر تو روکے رکھے گا (ف) جماعت کھڑی ہے ایک شخص کو پیشاب یا پاخانہ کی حاجت ہے پہلے قضاء حاجت کرے ۵ ریم گیں میلا کچیلا (ف) ہر وقت باوضو رہنا بہت بڑی فضیلت ہے، امام سرخسی قدس سرہ کے متعلق کہتے ہیں کہ شب وصال انہیں دست آ رہے تھے رات ٹھنڈی تھی اسکے باوجود سترہ مرتبہ وضو کیا اور فرمایا مجھے بارگاہِ الٰہی میں بے وضو حاضر ہوتے ہوئے حیا آتی ہے۔ ۶ مصحف قرآنِ پاک، سیّارہ ستارہ، شمس سورج، قمر چاند (ف) قرآنِ پاک کو دیکھنا بھی عبادت ہے، چاند، سورج اور آسمان، اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت کے آثار ہیں اس لیے انکی طرف نظر کرتے وقت باوضو ہونا چاہیے ۷ بیت اللہ شریف، علماء دین اور والدین کی زیارت اور ذکر خداوندی عبادت ہے لہٰذا باوضو ہونا بہتر ہے

marfat.com

۱؎ نے رد سلامی ہم کنی نے اندر آئی مسجدے
نے خواب بکنی نے خوری تجہیز میت ہم سفر

این ۲؎ جملگی آداب دان اجرے بیابی بیعدد
یا کن تیمم یا وضو آنگہ عبادت اے پسر

۳؎ مصحف نگیری بے وضو مسجد نیائی ہم جنب
بزہ گار گردی بیشکے ہم فاقہ بینی ہم فقر

۴؎ آب منی ظاہر چو شد با دفق و شہوت جانمن
یا حشفہ غائب چوں شود اندر فروجے یا دبر

۵؎ انزال باشد خواہ نے فرض بدانی غسل را
وطی بہائم مردہ ہم انزال آنجا معتبر

گر ۶؎ محتلم گردی شبے دیدہ منی آب نشاط
غسلے بکن در صبحدم ہم زان وضو بگذار فجر

۷؎ چون از نفاس و حیض ہم پاکی بہ بیند عورتے
پاکیزہ بکند غسل او این غسل را فرضے شمر

۸؎ سنت بدان غسل جمعہ در عید ہر دو عرفہ ہم
بر مردہ ہم واجب شدہ غسلے بدہ پاکیزہ تر

[1] ترش کھٹا (ف) نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کھانے میں کبھی عیب نہ نکالتے، مرغوب خاطر شریف ہوتا تو تناول فرماتے ورنہ چھوڑ دیتے [2] تخلیل خلال کرنا (ف) خلال کے لیے پاک صاف تنکا ہو، ایسا نہ ہو کہ جو مل گیا اسی سے خلال کر لیا [3] کثرت ایادی جمع الجمع یدٌ، ہاتھ ددان جمع دد درندہ، ہمراہ ساتھی، نگر دیکھ (ف) مل جل کر کھانے میں برکت ہے اگرچہ نیچے شریک ہوں، مصنف نے بطور تہدید شیطان کی شمولیت کا ذکر کیا ہے ورنہ وہ تو صرف بسم اللہ شریف پڑھنے سے بھاگ جائے گا [4] ناگہ اچانک، بیفتد گر پڑے مگس مکھی، غوطہ ڈبو دینا بکش امر از کشیدن نکالنا، آموز سیکھ ثمر پھل، فائدہ (ف) حدیث شریف میں ہے جب کسی کے کھانے میں مکھی گر پڑے تو اسے ڈبو کر نکال دو کہ اس کے ایک پر میں بیماری اور ایک میں شفا ہے جیسا کہ آئندہ شعر میں ہے [5] یعنی دوپہر کے کھانے کے بعد بھاری اور مشکل کام نہ کرنا چاہیے بلکہ کسی قدر استراحت چاہیے اور رات کے کھانے کے بعد چلنا پھرنا چاہیے، چنانچہ کہتے ہیں اِذَا تَغَدَّیْ تَمَدَّدْ وَاِذَا تَعَشّٰی تَمَشّٰی [7] گام قدم، چہل چالیس یعنی کچھ چلنا پھرنا چاہیے، زحمتی بیماری [8] بیحد و عد، بہت اور بے شمار، کش فعل امر از کشیدن، لانا۔

درؔ تو گہے مہماں شوی ہر جا کہ جا یابی نشیں
از میزباں آب و نمک خواہش مکن چیزے دگر
شخصےؔ کہ خواند مر ترا وقتیکہ سازد دعوتے
عذرے بکن ہم معذرت چوں بشنوی ہم شور و شر
درؔ طعم دانی شبہتے یا طعم بھر مردہ
آنجا سرودے دف دہل فحشے و عشرت یا خمر
یاؔ ساختند آں طعم را بہر ریا نے بہر حق
خوانند آنجا اغنیا بکنند بر فقرا زجر
گرؔ ایں چنیں طعمے بود دعوت قبول آنجا مکن
فارغ نشیں در خانہ از ایں چنیں شو پر حذر

باب پانزدہم دربیان آداب آب خوردن گوید

گرؔ آب خواہی تا خوری باید خوری اں اندکے
ساکن بخور اندر سہ دم تعجیل در یک دم مخور
استادہؔ باشی آں زماں آبے مخور جز چار جائے
باقی وضو در وقف جا ہم آب زمزم ہم سؤر

۱؎ در، اور اگر گہے کبھی (ف) جب آدمی کسی کا مہمان ہو تو جہاں جگہ ملے بیٹھ جائے یہ کوشش نہ ہو کہ عزت والی جگہ ہی بیٹھے اور جو ملے کھالے کچھ طلب نہ کرے ۲؎ مسئلہ: جب کسی دعوت میں ممنوعات شرعیہ ہوں تو معذرت کر دینی چاہیئے ۳؎ سرود گانا دف وہ ڈھول جو ایک طرف سے بجایا جائے عشرت عیاشی بعض نسخوں میں غیبت ہے خمر شراب (ف) یہ ممنوعات اور شور و شر کی تفصیل ہے، میت کے لیے صدقہ کا طعام پکایا جائے تو اسے فقرا کھائیں گے مال داروں کے لیے کھانا مکروہ ہے، میت کے گھر تین دن تک دعوت ممنوع ہے ملاحظہ ہو جلی الصوت لنہی الدعوۃ امام الموت" از امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ البتہ بزرگوں کی نیاز مال دار بھی کھا سکتے ہیں ۴؎، ۵؎ ریا نمائش، حق اللہ تعالیٰ اغنیا مالدار زجر روکنا، ڈانٹ ڈپٹ ۶؎ اندک تھوڑا، ساکن آرام سے سہ دم تین سانس تعجیل جلدی (ف) پانی تین سانس میں پینا مسنون ہے دو سانس میں پینا مباح ہے ایک سانس میں پینے سے جگر میں بیماری کا خطرہ ہے، پینے سے پہلے بسم اللہ شریف پڑھنی چاہیے اور ہر گھونٹ کے بعد کہے الحمد للہ، پانی دائیں ہاتھ سے اور دیکھ کر پینا چاہیے ۷؎ استادہ کھڑا ہو وقف جا، کھڑے ہونے کی جگہ، سؤر باقی ماندہ، جھوٹا (ف) چار جگہ کھڑے ہو کر پانی پیا جا سکتا ہے (۱) وضو کا باقی ماندہ پانی (۲) جہاں بیٹھ کر نہ پیا جا سکے مثلاً مشکیزہ سے پینا ہو (۳) زمزم شریف (۴) مسلمان اور خاص طور پر کسی بزرگ کا باقی ماندہ پانی۔

marfat.com

آبے[1] نباید تا خوری در چار جا اے جانِ من
نہار و پس خلوت مخور پس خواب ہم حاجت بشر
آبے[2] مخور یک ساعتے یابی اماں از درد ہا
ہر گہ کہ خوردی طعم را از گرم و شیریں چرب تر
چوں[3] تو گنہ داری بسے آبے بدہ مر خلق را
تا چیز گردد آں گنہ از جوئے جنت آب خور
آبے[4] خورانی عام را یابی ثوابے از خدا
یک قدح بدہی تشنہ را حوضے بجنت صد ببر

باب شانزدہم در بیان آداب جامہ پوشیدن

جامہ[5] پوشی آنچناں کاں دیر ماند مر ترا
نے جھونہ پوشی شرتی پوش آنچناں باشد ستر
از[6] پنبہ پوشی جامہ را در ایں بیابی راحتے
دستار باشد پیرہن ایزار کن زاں سفت تر
کمخواب[7] و خز دیباج را باید نپوشی ہیچگہ
ابریشمی چوں رشتہ شد زاں ثوب کن کلی حذر

[1] نہار صبح کے وقت کچھ کھائے بغیر، خلوت صحبت، حاجت بشر قضائے حاجت (ف) ان اوقات میں پانی پینا مضر ہے [2] یک ساعتے ایک گھڑی، شیریں میٹھا، چرب تر مرغن (ف) مرغن کھانے کے متصل پانی پینا معدے کے لیے اور گرم یا میٹھا کھانے کے بعد دانتوں کے لیے نقصان دہ ہے، تبخیر کا مریض کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے پانی پیئے اور دو گھنٹے بعد پیئے تو اس کے لیے مفید ہے [3] جوئے نہر (ف) پانی پلانا بھی عمدہ صدقہ ہے اسی لیے ختم شریف کیساتھ پانی رکھا جاتا ہے [4] خورانی تو پلائے، قدح پیالہ، تشنہ پیاسا، صد سو [5] جامہ کپڑا، پوشی تو پہن، ماند رہے، جھونہ باریک کپڑا، یہ لفظ ہندی ہے شرتی رنگین باریک کپڑا، ایک نسخے میں ہے ہرگز نہ پوشی، پوش پہن ستر ڈھانپنے والا (ف) کپڑا پہننے کا بڑا مقصد ستر عورت ہے لہٰذا باریک کپڑا نہ پہننا چاہیے، زیادہ لمبا بھی نہ ہو ورنہ جلد پھٹ جائے گا [6] پنبہ روئی، دستار پگڑی پیرہن کرتہ، ایزار پاجامہ، تہ بند سفت تر بہت موٹا (ف) تمام کپڑے روئی کے ہوں ریشمی نہ ہوں، نیز موٹے ہوں خاص طور پر تہ بند کیونکہ ناف سے گھٹنے تک چھپانا فرض ہے [7] کمخواب مختلف رنگوں والا ریشمی کپڑا، خز اونی کپڑا، دیباج ریشمی کپڑا جو ریشم کے کیڑے سے حاصل شدہ ریشم سے بنایا جاتا ہے، ابریشمی ریشمی، رشتہ دھاگہ، ثوب کپڑا، حذر پرہیز (ف) اگر کپڑے کا تانا ریشمی اور بانا سوتی ہو تو اس کا پہننا جائز ہے کہ ریشم جسم سے نہیں چھوئے گا اور اگر برعکس ہو تو مردوں کے لیے ناجائز، اسی طرح ٹوپی یا دوسرے کپڑے پر ریشمی دھاگے سے چار انگشت سے زیادہ کڑھائی کی گئی ہو تو اس کا استعمال ممنوع ہے۔

marfat.com

مختار[1] شد از جامہا اسپید جامہ جانِ من
تو دور کن از خویشتن ہم زرد و لعل و مُعَصْفَر

کم پوش[2] پشم و چرم را سجدہ مکن بالائی آں
بر پنبہ سجدہ افضل ست نزدیک علما معتبر

دستار[3] بندی ہفت گز شملہ گذاری پس عنق
بے شملہ باشد بندشے آں بندش شیطان شمر

شملہ[4] کہ باشد با علم آں شملہ را روشن بداں
بے علم شملہ داں چناں چوں خانۂ تاریک تر

دیگرے[5] بماند پاک ہم کوتہ چو پوشی جامہ را
ایں لُبس شکل صالحاں ہم مردم نیکو سیر

چوں[6] کفش پوشی موزہ ہم باید کہ پوشی زرد و لعل
چوں کفش و موزہ شد سیاہ اندوہ بینی بیشتر

موزہ[7] چو پوشی کفش ہم باید کہ پوشی راست پا
چوں تو کشی ایں ہر دو را باید کشی بر عکس تر

ہرگہ[8] کہ پوشی جامہ نو یک کف بہ از آبے بکن
دو بارہ سورۂ قدر خواں زاں آب کُن تو جامہ تر

---

[1] مختار پسندیدہ، اسپید سفید، زرد پیلا، لعل سرخ معصفر پہلا حرف مضموم، دوسرا مفتوح تیسرا ساکن، لیکن ضرورت شعری کے لیے دوسرا ساکن اور تیسرا مفتوح ہے، عُصفُر (گوند کی ایک قسم) سے رنگا ہوا کپڑا، سُرخ [2] پشم اون چرم چمڑا (ف) اونی اور چمڑے کا لباس پہننا انبیاء کرام اور صالحین کا طریقہ ہے لہٰذا افضل ہوگا، ممکن ہے مصنف نے اس صورت میں منع کیا ہو جب ریا یا فخر کا خطرہ ہو، [3] [4] عنق گردن، بندش باندھنا، (ف) نافع المسلمین میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عام طور پر سات گز کی پگڑی باندھتے تھے، (شرح) [5] کوتہ چھوٹا لبس پہننا، صالحاں نیک لوگ، نیکو سیر اچھی سیرت والے [6] کفش جوتا، زرد پیلا، لعل سُرخ (ف) جوتا اور موزہ سرخ یا زرد ہونا چاہیے نہ کہ سیاہ، یہ مصنف کی رائے ہے ورنہ اہلِ علم نے سیاہ کو ترجیح دی ہے (شرح) [7] کشی تو اتارے (ف) جوتا اور موزہ پہلے دائیں پاؤں میں پھر بائیں میں پہننا چاہیے، اتارتے وقت اس کے برعکس ہو [8] کف چلو دو بارہ دو دفعہ، بعض نسخوں میں "دہ بار" ہے سورۂ قدر "انا انزلناہ فی لیلۃ القدر"۔

marfat.com

انگشتری[۱] ز آہن میوش از مس و ازار زیر ہم
تو دور کن از خویشتن خاتم چو یابی عین زر
ترک تختم[۲] افضل است امرے نباشد چوں ترا
از نقرہ کن انگشتری حاکم چو گشتی نامور

باب ہفدہم در بیان ذکر کردن و خفتن

در[۳] ذکر خواب رو بیدار گردی ذکر گو
باید بخسپی با وضو بسیار تو یابی ثمر
کوچہ[۴] نگردی نیم شب از خانہ بیروں در مرو
خفتن چو خواہی شمع کش آوند پوش و بند در
تنہا نہ خسپی[۵] خانۂ کانجا نہ باشد ہیچ کس
آسیب یابی از پری باشد ترا از جاں خطر
چوں[۶] تو ادا کردی عشا فی الحال تو خوابے بکن
عاصی شوی دوزخ روی شبہا بگوئی چوں سمر
قیلولہ[۷] را داں نعمتے ہرگز نگیری ترک آں
راحت بیابی در بدن آسودہ گردد مغز سر

۱ انگشتری انگوٹھی، آہن لوہا، میوش نہ پہن، مس تانبا، ازار زیر قلعی، خاتم انگوٹھی، عین خالص، زر سونا ۲ تختم انگوٹھی پہننا، امرے حکومت نقرہ چاندی (ف) مرد کے لیے ساڑھے چار ماشہ چاندی کی ایک نگینے والی انگوٹھی جائز ہے کسی اور دھات کی جائز نہیں، البتہ عقیق اور یشب (پتھر) کی انگوٹھی جائز ہے افضل یہ ہے کہ نہ پہنے اگر حاکم یا کاتب نہیں تو نہ پہنے، حاکم اور کاتب کو مہر لگانے کے کام آتی تھی، ۳ بخسپی از خفتن سونا، ثمر فائدہ، پھل (ف) آدمی کو باوضو ذکر کرتے ہوئے سونا چاہیے فرشتے اس کے نامۂ اعمال میں عبادت لکھتے رہیں گے اور اسے اچھے خواب دکھائی دینگے ۴ کوچہ گلی نیم شب آدھی رات، شمع چراغ کش فعل امر از کشتن بجھا دینا، آوند برتن پوش ڈھانپ (ف) رات کے وقت پھرنا محافظوں کا کام ہے عام آدمی پر چوری اور فسق وفجور کی تہمت آسکتی ہے، حدیث شریف میں ہے کہ سوتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لے کر دروازہ بند کر، چراغ بجھا اور برتن ڈھانپ دے اور مشکیزے کا منہ اچھی طرح باندھ دے، ۵ آسیب تکلیف (ف) گھر میں اکیلا سونے سے کہ رات کو ڈر جائے، جن پری کا اثر ہو یا چور کا خطرہ ۶ فی الحال اسی وقت، عاصی گنہگار، سمر قصہ کہانی (ف) حدیث شریف میں ہے کہ عشا کے بعد باتیں کرنے سے ممانعت ہے تاکہ صبح اٹھنے میں دقت نہ ہو ۷ قیلولہ دوپہر کے کھانے کے بعد آرام کرنا، (ف) اس سے بدن اور دماغ کو راحت ملے گی اور رات کے قیام کے لیے مدد حاصل ہوگی۔

marfat.com

مقدور[1] تا باشد ترا ہرگز نہ خُسپے بر زمین
طاعون و باہم از زمین آید برون جانِ پدر

خواب[2] کہ بینی جانِ من تعبیر پُرس از عالماں
نہ از کودکاں نے دشمناں نے از زماں اہلِ کفر

تعبیر[3] بکند چوں کسے آں خواب افتد ہم براں
بد را بگوید خوب چوں آں زشت گردد خوب تر

گر[4] بد بگوید خوب را آں خوب بے شک بد بود
خواندم چنیں اندر کتب دیدم چنیں اندر خبر

منکر[5] مشو از خوابہا مروی ست از پیغمبراں
در خواب بینی مُصطفےٰ تحقیق داں ہم معتبر

شیطاں[6] بصُورت مُصطفےٰ قدرت ندارد تا شود
نے ہمچو کعبہ او شود نے ہمچو شمس و نے قمر

جاناں[7] نخسپی شب جمعہ عاشورا عرفہ عید ہم
رمضاں ز آخر دہ شبے بیشک بیابی شبقدر

[1] مقدور قدرت میں ہو (ف) یہ ممانعت عوام کے لیے ہے کاملین کے لیے نہیں [2] نہ آزادسے نہ پڑھا جائے (ف) خواب کی تعبیر دیندار اہلِ علماء سے پوچھنی چاہیے، بچوں، دشمنوں، عورتوں اور کافروں سے نہ پوچھی جائے، اس کی وجہ آئندہ شعر میں ہے [3] افتد واقع ہوتی ہے، بد بری، خوب اچھی، زشت بری (ف) اچھی خواب کی بُری تعبیر اور بری خواب کی اچھی تعبیر بیان کردی جائے تو وہ اس کے مطابق واقع ہوگی اسی لیے تعبیر صرف دیندار، مخلص علماء سے پوچھنی چاہیے، [4] [5] خواب کئی قسم کے ہوتے ہیں، (۱) انبیاء اور اولیاء کے خواب سچے ہوتے ہیں جیسے حضرات ابراہیم و یوسف علیہما السلام کا خواب (۲) فسادِ مزاج اور شیطانی وسوسے کے اثر سے ہوتی ہے اس کی کوئی تعبیر نہیں ہوتی (۳) رؤیائے صادقہ جس میں ایسا عارضہ نہ ہو جیسے شاہِ مصر اور قیدیوں کے خواب، حدیث شریف میں ہے جس نے مجھے دیکھا اس نے سچ مچ مجھے دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت نہیں اپنا سکتا [6] [7] جاناں اے دوست نخسپی تو نہ سو، عاشورا دس محرم، عرفہ نو ذوالحجہ (ف) شب قدر میں مختلف اقوال ہیں غالب یہ ہے کہ رمضان شریف کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں ہے، اہلِ علم کی ایک جماعت نے ستائیسویں رات کو قرار دیا ہے۔

marfat.com

باب[۱] بیجدہم در بیان بیع و شراء

[۲] می کن تجارت جانِ من ایں از مکاسب خوب داں
در بز برکت بیشتر اسپاں بہائم ہم بخر
[۳] غلّہ بخر نیّت گراں بردہ فروشی ہم مکن
پرہیز کن ایں ہر دو را ملعون نہ گردی محتکر
[۴] در سود غلّہ بردہ ہم ہرگز نباشد برکتے
محروم مانی از کفن آں مال بخورد کس دگر
[۵] در ہر چہ بینی ضرر کس ہیزم بود یا کاہ و گج
ایں احتکار ست بیشکے مخصوص نے قوت بشر
[۶] گر غلّہ آری از زرع بکنی ازاں انبارہا
ہرگز نباشی محتکر نزدیک عُلماء معتبر
[۷] چوں تو خریدی بندہ مفروش او را ہیچگہ
دانی برادر بیشکے گر چہ بود آں بدتر

۱۔ بیع بیچنا، شراء خریدنا ۲۔ تجارت خرید و فروخت، مکاسب جمع مکسبۃ، کاروبار، بز پہلا حرف مفتوح دوسرا مشدد، کپڑا اور سازوسامان بُز پہلا حرف مضموم، بکری، اسپاں جمع اسپ، گھوڑا، بہائم جمع بہیمۃ، چوپایہ، بخر فعل امر از خریدن، خریدنا، ۳۔ غلّہ جنس، گندم چاول وغیرہ گراں مہنگا، بردہ لونڈی اور غلام محتکر وہ شخص جو غلّہ وغیرہ جمع کر کے روک لیتا ہے تاکہ مہنگا ہونے پر فروخت کرے حالانکہ لوگ ضرورت مند ہیں پھر بھی نہیں دیتا، شارح نے حدیث شریف نقل کی ہے کہ "الجالب مرزوق والمحتکر ملعون"، دور سے غلہ وغیرہ خرید کر لانے والا مرزوق ہے یعنی اسے نفع بھی ہے اور ثواب بھی اور محتکر ملعون ہے کہ لوگوں کی اذیت کا سبب ہے، شارح کہتے ہیں کہ کسی معتبر کتاب میں بردہ فروشی کی ممانعت نظر سے نہیں گذری، عقلی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ آدمی اگرچہ غلام ہی ہو دوسری چیزوں سے محترم ہے اور اسکی تجارت قساوت قلب کا سبب ہے لہٰذا اس سے اجتناب کرنا چاہیے، پھر فرماتے ہیں کہ میں نے احیاء العلوم میں کتاب الکسب میں دیکھا کہ طعام اور کفن کی بیع مکروہ ہے طعام میں آدمی گرانی کا متمنی رہتا ہے اور کفن بیچنے والا لوگوں کے مرنے کا امیدوار اس لیے اگر کہا جائے کہ یہ لفظ بردہ ہے کفن کے معنی میں تو مناسب رہے گا، آئندہ شعر میں ہے کہ تو کفن سے محروم رہے گا اس سے اس توجیہ کو تقویت ملتی ہے ۴۔ سود نفع محروم بے نصیب ۵۔ ہیزم ایندھن، کاہ گھاس، گج چونا قوت روزی، خوراک بشر انسان (ف) یعنی جمہور علماء کے نزدیک اگرچہ احتکار غلہ اور خوراک کے ساتھ مخصوص ہے لیکن مختار یہ ہے کہ جس چیز میں عامۃ الناس کو ضرر پہنچے اس کا ذخیرہ کرنا احتکار ہے اور ممنوع، یہ امام مالک اور امام ابو یوسف کا مذہب ہے (شرح) ۶۔ آری صیغہ واحد حاضر فعل مضارع از آوردن، لانا، زرع کھیتی انبارہا جمع انبار ڈھیر (ف) مصنف فرماتے ہیں کہ احتکار یہ ہے کہ دوسروں سے خرید کر ذخیرہ کیا جائے اپنی کھیتی سے ہو تو ذخیرہ کرنے میں حرج نہیں، تاہم قلت اور قحط کے وقت ایسا نہ کرنا چاہیے، ۷۔ مفروش از فروختن، نہ بیچ، بدتر بہت ہی برا۔

marfat.com

گر تو فروشی یا خری[1] سوگند ناری بر زباں
سوگند چوں صادق خوری روزیت گردد تنگتر

کیلی[2] و وزنی چوں خری آری بخانہ از دکاں
ناکردہ کیل و وزن ہم مفروش جاناں ہم مخر

مالک کنیزک[3] چوں شوی پاکی رحم از فرض داں
مستی مکن تقبیل ہم فی الحال در خلوت مبر

کامل[4] بہ بینی حیض چوں اندر کنارش زود کش
بیعے کنی چوں جاریہ پاکی رحم داں دوست تر

پرہیز کن[5] تو از ربٰوا خوردن ربٰوا باشد چناں
کردن زنا با مادراں ہفتاد کرّت اے پسر

باب نوزدہم در بیان منع صحبت سلطان و اکابر اغنیا

درویش شو در کنج[6] شیں طمعی مخواہ از ہیچکس
قانع شدن ملکے بداں خانہ پُر از درّ و گہر

نزدیک[7] سلطاں خود مرو دریا و سلطاں داں یکے
چوں تو ہوس سلطاں کنی باشد ترا از جاں خطر

ے خری تو خریدے، سوگند قسم، ناری نہ لا تو (ف) حدیث شریف میں ہے جب دو آدمی معاملہ کریں، سچ کہیں اور کھلائی چاہیں انکی بیع میں برکت دی جاتی ہے اور جب جھوٹ بولیں اور عیب چھپائیں برکت اٹھالی جاتی ہے، یہ بھی ہے کہ مَنْ غَشَّنَا فَلَیْسَ مِنَّا جو ہمارے ساتھ ملاوٹ کرتا ہے ہم میں سے نہیں ہے ۲ے کیلی ناپ والی چیز وزنی تول والی چیز، کیل ناپ، وزن تول (ف) تولنے اور ناپنے والی چیز خریدی جائے تو اسے بیچنے اور کھانے سے پہلے ناپ تول لیا جائے تاکہ اگر زیادہ ہو تو واپس کر دی جائے ۳ے کنیزک لونڈی، تقبیل بوسہ لینا خلوت تنہائی ۴ے کنار گود جاریہ کنیز (ف) لونڈی خریدی جائے تو قربت سے پہلے ایک حیض گزارنا ضروری ہے اسے استبراء کہتے ہیں کہیں ایسا نہ ہو پہلے سے حاملہ ہو اگر اسے فروخت کرنا ہو تو استبراء افضل ہے ۵ے ربٰوا سود، ہفتاد ستر، کرّت مرتبہ (ف) حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں سود میں ستر گناہ ہیں ان میں سے معمولی یہ ہے کہ گویا اپنی ماں سے زنا کیا ہے، ممکن ہے مصنف کی نظر سے ایسی روایت گزری ہو جسکی بنا پر انہوں نے ماں کے ساتھ ستر مرتبہ زنا کرنے سے تشبیہ دی ہے (شرح)، ۶ے کنج گوشہ شیں بیٹھ (نشیں کا مخفف)، قانع جو مل جائے اس پر کفایت کرنے والا، ملک بادشاہی، دُر موتی، یعنی قناعت بادشاہی ہے اور موتیوں سے بھرا ہوا گھر ہے ۷ے سلطان بادشاہ خود آپنے آپ، دریا و سلطاں داں یکے دریا اور بادشاہ کو ایک جیسا جان، نہ معلوم کب فائدہ پہنچا دیں کب نقصان بعض نسخوں میں ہے "دربار سلطاں داں بلا"، ہوس حرص خوف و خطر ایک نسخہ میں ہے "از جاں خطر" (ف) حضرت سعدی فرماتے ہیں ؎

بدریا در منافع بے شمار است
اگر خواہی سلامت بر کنار است

یہی حال بادشاہ کا ہے کہ وہ گہے بسلامے برنجند و گہے بدشنامے خلعت دہند"

marfat.com

ۤ۱ احساں مروّت ہیچگہ ہرگز نخواہی از شہاں
چوں توستانی دہ زمین افتادہ باشی پیش در

۲ تقلید شغلِ شاں مکن آفت بداں مدغم دراں
راحت بہ بینی اندکے زحمت عذابے بیشتر

۳ اشغالِ شہ بیشک بداں ہم چوں براتی جامۂ
آنکس کہ پوشد عاریت اورا ندانی معتبر

۴ چوں تو غنی بینی بدر بگریز تو فی الحال ازو
درویش چوں آید نظر آور بہ پیشش ماحضر

۵ بگریز از میر و ملک داں زہر قاتل قربِ شاں
چوں تو نشینی با ملک ہر لحظہ بینی صد خطر

۶ تعظیم کن درویش را چیزے بدہ از بہرِ حق
چوں نوح گردد عمرِ تو دہ چند یابی مال و زر

۷ پرسند از تو چوں سخن خدمت بکن پاسخ بدہ
برود ز تو ثلثانِ دیں عظم تونگر بہرِ زر

۸ الطاف سلطاں چوں کند ہرگز مشو مغرور آں
شکر کہ سلطاں خود دہد آں زہر دانی نے شکر

---

۱ احسان مہربانی مروت جوانمردی ستانی تو لے گا دِہ گاؤں (ف) بادشاہ کا انعام حاصل کر کے ضروری ہوگا کہ شکریہ ادا کرنے کے لیے اسکے دروازے پر پڑا رہے جس میں سراسر ذلت ہے ۲ تقلید ذمہ لینا شغل مصروفیت، کسی گاؤں یا شہر کی سرداری، آفت مصیبت، مدغم پوشیدہ (ف) شاہانِ وقت سے کوئی ذمہ داری لی جائے تو اس میں فائدہ کم اور مصیبت زیادہ ہے ۳ براتی جامہ لنگا ہوا کپڑا، عاریت مانگ کر ۴ غنی مال دار، بدر دروازے پر، بگریز بھاگ از گریختن، ماحضر جو حاضر ہو (ف) آدمی کو امراء سے دور اور فقراء کا خادم رہنا چاہیے، اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ انسان بادشاہ کا دشمن ہو بلکہ بادشاہ اسلام کا خیر خواہ ہونا چاہیے البتہ دنیاوی مفاد حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے ۵ میر امیر، سردار، ملک بادشاہ ۶ تعظیم عزت، بہر حق خدا کے لیے، دہ چند دس گنا ۷ پرسند جب امراء و سلاطین تجھ سے پوچھیں پاسخ جواب برود چلا جائے گا ثلثان دو تہائی عظم — تعظیم ضرورت شعری کے لیے صیغہ مجرد استعمال کیا ہے تونگر مال دار، زر سونا، (ف) حدیث شریف میں ہے جس شخص نے دولت مند کی دولت کی بنا پر عاجزی کی اس کے دین کا دو تہائی حصہ چلا جائے گا، البتہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے تعظیم جائز ہے ۸ الطاف جمع لطف مہربانی مغرور دھوکے میں مبتلا۔

زالیشاں[1] نیابی راحتے مہرے نیارند بر کسے
رافت ملک آفت بداں احسانِ شاں خشم و قہر
چوں[2] تو روی مجلس شہاں باید نگہداری زباں
سخنے نہ گوئی پیش شاں آئی بروں باشی چو کُر
ناخواندہ[3] بر شاہاں مرو خوانند چوں در حال رو
طاعت بکن فرمان شاں ایں نوع را واجب شمر
عدلے[4] کہ بکند بادشاہ بہتر ز سالِ شصت داں
بکند کسے طاعت دراں یا خود عبادت بیشتر
حدے[5] اقامت چوں شود اندر زمینے بہر حق
از چہل صبحے داں نکو بارد کہ متواتر مطر

بابِ بستم[6] دربیان حسنِ خلق و معیشت و مشورت و حقوق ہمسائیگاں

تو پیشہ[7] کن خلق حسن تا اجر یابی بے عدد
با خلق چنداں خلق کن تا تو بگردی مشتہر
ناداں[8] چو گوید بد ترا خلقے بکن پاسخ مدہ
خلقے کند یاری ترا گردند ہر یک داد گر

---

[1] مہر ے محبت رافت مہربانی خشم غصہ قہر غضب [2] کُر بہرہ (ف) بڑے لوگوں کی مجلس میں انکے مطالبے کے بغیر زبان نہیں کھولنی چاہیے، البتہ اگر خلافِ شریعت کوئی چیز سامنے آئے تو اس سے منع کرنا واجب ہے اور جب اس مجلس سے واپس آئے تو اس طرح ہو جیسے بہرہ، انکے راز لوگوں سے بیان نہ کرے کہ موجب فتنہ ہے [3] ناخواندہ، بن بلائے نوع قسم (ف) بادشاہِ اسلام جب کسی ایسے امر کا حکم دے جو مخالف شریعت نہیں تو اسکی اطاعت واجب ہے ارشادِ ربانی ہے واولی الامر منکم [4] (ف) عدل انصاف شصت ساٹھ طاعت فرائض و سنن کی ادائیگی، عبادت فرض و سنت کے علاوہ نیکی خود تحقیق (ف) حدیث شریف میں ہے عَدْلُ سَاعَةٍ خَيْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ سَبْعِيْنَ سَنَةً، ایک ساعت کا عدل ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے (شرح) [5] حد شریعت مبارکہ کی مقرر سزا، متواتر پے در پے مطر بارش (ف) ایک شرعی حد جاری کرنے کا فائدہ چالیس دن پے در پے بارش ہونے سے زیادہ ہے کیونکہ اجراءِ حد، رحمت باری تعالیٰ کے نزول کا سبب ہے [6] حسنِ خلق، عادت کی اچھائی، معیشت زندگی گزارنا، مشورت مشورہ، ہمسائیگان جمع ہمسایہ، پڑوسی [7] پیشہ عادت، طریقہ، اجر ثواب، بے عدد ان گنت، خلق پہلا حرف مفتوح مخلوق اور اگر مضموم ہو تو عادت عام ازیں کہ اچھی ہو یا بُری، لیکن مراد اچھی عادت ہے (ف) ایک شخص نے پوچھا کون عمل افضل ہے؟ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حسن الخلق، خوش اخلاقی، ایک حدیث شریف میں ہے کہ تیرا اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے ملنا بھی صدقہ ہے [8] ناداں بے وقوف پاسخ جواب مدہ فعل نہی از دادن، نہ دہ، یاری امداد، دادگر انصاف کرنے والا (ف) ارشاد ربانی ہے وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا، بندگانِ خدا جب بیہودہ کے پاس سے گزرتے ہیں تو کریمانہ گزر جاتے ہیں حضرت سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ؎ وَلَقَدْ اَمُرُّ عَلَى اللَّئِيْمِ يَسُبُّنِيْ ۔ فَمَضَيْتُ ثُمَّةَ قُلْتُ لَا يَعْنِيْنِيْ۔ جب میں کسی کمینے کے پاس سے گزرتا ہوں جو مجھے بُرا بھلا کہہ رہا ہو تو میں یہ سوچ کر وہاں سے گزر جاتا ہوں کہ وہ مجھے نہیں کہتا۔

عقل[۱] و معیشت حلم ہم با مرداں ورزش بکن
تا شہد گردی در جہاں یابی بعقبےٰ بس ثمر

نرمی[۲] بکن با جملہ کس خُلق و مدارا پیشہ کن
تا دوست گردی خَلق را چوں روح در قالب بشر

کُن مشورت[۳] در کارہا کارے مکن بے مشورت
مامور شد در مشورت شاہِ رسل اے نامور

چُوں[۴] تو ہے بردہ خری اورا بداں ہم زاد خود
طعمش خوراں چوں طعم خود جامہ پوشاں خوب تر

چُوں[۵] او کند عصیاں خطا بگذر از و صبرے بکن
آوند گر او بشکند یا وہ مگو دیگر بخر

کارے[۶] مفرما آنچناں رنجہ شود زاں کارہا
خاصہ چو بینی صائمش فرمائی کارے ما قدر

رنجہ[۷] مکن ہمسایہ را بسیار احساں کن برو
ورنہ بدوزخ مر ترا باشد عذابے صعب تر

رنجہ[۸] کُنی ہمسایہ را حضرت خدا او را دہد
خانہ زمینہا مِلک تو آمد چنیں اندر خبر

[۱] عقل دانائی، معیشت زندگی، حلم نرمی، ورزش حاصل مصدر از ورزیدن، اختیار عقبےٰ آخرت، ثمر پھل، (ف) حافظ شیرازی فرماتے ہیں:

آسائش دو گیتی تفسیر ایں دو حرف است
با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا

[۲] جملہ تمام مدارا در اصل مدارات ہے واداری، قالب جسم، بشر انسان (ف) حضرت سعدی فرماتے ہیں:

تواضع عزیزت کند در جہاں
گرامی شوی پیش دلہا چو جاں

[۳] بمشورت، مشورے کے بغیر مامور حکم دیئے گئے، (ف) نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام مخلوق سے زیادہ عقلمند ہیں آپ کو وحی الٰہی کی تائید حاصل ہے اسکے باوجود حکم دیا جاتا ہے وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ، صحابۂ کرام سے معاملات میں مشورہ کرو اور جب کسی کام کا پختہ ارادہ کر لو تو اللہ تعالیٰ پر توکل کرو، [۴] بردہ غلام، ہم زاد بھائی، خوراں فعل امر از خورانیدن کھلا، پوشاں فعل امر از پوشانیدن، پہنا (ف) حضرت انس فرماتے ہیں کہ رحلت کے وقت سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر یہ کلمات جاری تھے "الصَّلٰوةَ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ"، نماز کا خیال رکھو اور غلاموں سے اچھی طرح پیش آؤ، [۵] عصیاں گناہ، نافرمانی، خطا غلطی آوند برتن یاوہ بیہودہ دیگر دوسرا برتن، (ف) عین العلم میں ہے کہ غلام کو تین ضرب سے زیادہ نہ مارا جائے، نیز ادب سکھانے کی نیت ہو نہ کہ غصہ اتارنے کی، افضل یہ ہے کہ معاف کر دے، اگر اس سے اچانک برتن ٹوٹ جائے تو گالی نہ دے، دوسرا برتن خرید لے [۶] رنجہ رنجیدہ، تنگ، صائم روزہ دار ماقدر جو کر سکے [۷] ہمسایہ پڑوسی، صعب تر بہت سخت (ف) حدیث شریف میں ہے حضرت جبرئیل امین علیہ السلام مجھے ہمسائے کے بارے میں اتنی تاکید کرتے رہے کہ مجھے گمان ہوا کہ اسے وارث قرار دیں گے [۸] خانہ گھر مِلک ملکیت آمد چنیں اندر خبر اللہ اعلم بالصواب۔

جملہ[۱] بزرگان اولیاء ایذا تحمل بیشکے
کردند از ہمسائیگاں چند انکہ ناید در حصر
خدمت[۲] بکن تو جملہ را مخدوم گردی بیشکے
آنکس کہ او خدمت کند مخدوم گردد تاج سر
اسپ[۳] و بہایم چوں خری کاہ و دلیدہ شان بدہ
آبے نما ہم بارہا بخورند اندک بیشتر
دانی[۴] دہانش بستہ است گفتن نداند حالِ خود
دائم بماند بستہ لب شفقت کنی تو بے خبر

باب بست و یکم در حقوق والدین بر فرزنداں

با[۵] والدین احساں بکن تا اجر یابی بے عدد
خدمت تو شاں فرضے بداں در نص ہم اندر خبر
ہر[۶] چونکہ خواہند آں کنی جنّت درآئی بیشکے
مر مصطفےٰ را گفت خالق یاد کن اے نامور
آنکس[۷] کہ عزّت می دہد ابوین را بشتونکو
دارین عزّت مرد را مقبول در جملہ بشر

---

۱ ایذا تکلیف تحمّل برداشت، ناید نہیں آتا، حصر شمار ۲ مخدوم جسکی خدمت کی جائے (ف)

۲ ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد

۳ اسپ گھوڑا بہائم جمع بہیمہ، چوپایہ کاہ گھاس، دلیدہ دلیہ وغیرہ دہان منہ دائم ہمیشہ، بماند رہے گا ایک نسخہ میں ہے نماند یعنی ممکن ہے کبھی تنگ آکر بھاگ ہی جائے، شفقت مہربانی،

۵ والدین ماں باپ نص حکم قرآنی خبر حدیث شریف (ف) ارشادِ ربّانی ہے " وَقَضٰی رَبُّكَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْا اِلَّآ اِیَّاهُ وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا " تیرے رب کا حکم ہے کہ صرف اسی کی عبادت کرو اور والدین کی خدمت کرو، حدیث شریف میں ہے کوئی بیٹا اپنے باپ کا حق ادا نہیں کرسکتا مگر یہ کہ اسے غلام پائے اور اسے خرید کر آزاد کردے ۶ ہر چونکہ خواہند، جو کچھ کہ وہ چاہیں، ایک نسخے میں دوسرا مصرع یوں ہے۔
" مر گفت خالق مصطفےٰ را یاد کن اے نامور "
(ف) یعنی اللہ تعالیٰ اپنے حبیب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ اپنی امّت کو والدین کے حکم کی تعمیل کا حکم دیجئے ورنہ آپ کے والدین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما آپ کے بلوغ سے پہلے وفات پاچکے تھے، ارشادِ ربّانی ہے اَنِ اشْكُرْ لِیْ وَلِوَالِدَیْكَ میرا شکر کر اور اپنے والدین کا۔

۷ ابوین والدین، بشتونکو اچھی طرح سن دارین دو جہاں دنیا و آخرت۔

marfat.com

در[1] رزق او برکت شود ہم عمر او گردد دراز
مقبول باشد جا بجا مشہور اندر ہر شہر

ابوین[2] را راضی بکن تا بر تو راضی حق شود
یابی تو قصرے در جناں باشند از دُرّ و گہر

در[3] زیر پا مادر پدر جنت بیابی بیشکے
فرمانِ شاں آری بجا یابی ثوابے بے حصر

شیریں[4] سخن ہم نرم گو در پیشِ شاں شیں باادب
آداب شاں آری بجا تا تو نگردی مضطر

طعمے[5] بدہ آں را کافی جامہ پوشاں قدرِ خود
نامے نخواں ابوین را تا تو نہ گردی مفتقر

بر[6] امرِ شاں مامور شو الا کہ امرِ معصیت
بکنند جاناں چوں ترا می کن ازاں کلی حذر

اُف[7] مگو در پیش شاں خوف است زیں گفتن عظیم
بے اذنِ شاں جائے مرو، باشد ترا صدہا خطر

[1] رزق روزی، برکت اضافہ دراز لمبی [2] قصر محل جناں جمع جنت، بہشت دُرّ و گہر موتی اور جواہرات، (ف) حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا والدین کی رضا میں ہے اور والدین کی ناراضگی سے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے جب اللہ تعالیٰ راضی ہوگا تو عمر کی لمبائی، برکت، عزت اور شہرت سب کچھ حاصل ہوگا [3] فرمان حکم بے حصر بے اندازہ (ف) حدیث شریف میں ہے اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے، باپ کا بھی یہی حکم ہے، خدمت ماں کی زیادہ اور تعظیم باپ کی زیادہ کرنی چاہیے [4] شیریں میٹھی نرم آہستہ، شیں مخفف نشیں، بیٹھ [5] پوشاں پہنا، قدر مرتبہ، حیثیت، مفتقر محتاج (ف) پہلا مصرع بے وزن ہے اگر طعمے بدہ کافی لباس ہو تو وزن درست ہو جائے گا ادب یہ ہے کہ والدین کا نام نہ لیا جائے [6] امر حکم، مامور فرماں بردار، الا مگر، معصیت گناہ، حذر پرہیز (ف) ارشاد باری تعالیٰ ہے وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰۤى اَنْ تُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا اگر تمہیں اس بات پہ مجبور کریں کہ میرے ساتھ اس چیز کو شریک کرو جس کا تمہیں علم نہیں تو ان کی اطاعت نہ کرو، حدیث شریف میں ہے لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقِ، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت نہیں ہے، [7] اُف زجر و توبیخ اور تنگدلی کے اظہار کا کلمہ، عظیم بڑا، اذن اجازت (ف) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا والدین کو اُف نہ کہو اور نہ ڈانٹ، ذخیرہ میں ہے کہ اگر والدین محتاج ہوں اور ان کا نفقہ بیٹے پر ہو تو اسے اجازت کے بغیر تجارت، حج اور عمرہ کے لیے جانا جائز نہیں ہے، اگر بیٹے کے علاوہ نفقہ دینے والا موجود ہے یا بیٹا فقیر ہے تو بلا اجازت ایسے سفر پر جا سکتا ہے جہاں جان کا خطرہ نہ ہو، ورنہ نہیں (شرح)

marfat.com

مر[١] ہر کرا خوشنود شد مادر پدر اُو شد سعید
خوشنود گردد حق بر او، او را نہ سوزد در سقر

گر[٢] میکنی بست ہزار سال عبادت بہر حق
بہتر ز حق والدین ایں نیست از خیر السیر

گر[٣] عاق بکند طاعتے خیرات ہم روز و شب
جائے نہ باشد مرد را اِلّا کہ در جوفِ سَقَر

داں[٤] عاق مادر ہم پدر محروم از بوئے بہشت
دیدم چنیں اندر کتب از نسخہائے معتبر

اَبَوَین[٥] چوں خوشنود نے فرضاً و نفلاً داں یقیں
مقبول نے حضرت خدا، خیرات دیگر ہم ہَدَر

مردود[٦] مادر ہم پدر ہرگز نہ باشد سرخ رو
عزّت نہ باشد مرد را برکت نہ اندر مال و زر

خوار[٧] و خجل ہر دو جہاں آساں نیابد آب و ناں
تنگی برزقش آنچناں کاید پریشاں دربدر

تلخی[٨] فراواں مرد را در وقتِ نزعِ جانِ او
در گور نے راحت ورا باشد عذابے بیشتر

[١] خوشنود، راضی مادر ماں پدر باپ سعید نیک بخت، سقر جہنم [٢] بست بیس، بہر حق اللہ تعالیٰ کے لیے، خیر السیر اچھی عادت (ف) پہلا مصرع بے وزن ہے، یعنی بیس ہزار سال کی عبادت والدین کی خدمت سے بہتر اور اچھی عادتوں میں سے نہیں ہے، ہونا یہ چاہیے کہ بندوں کے حقوق بھی ادا کیے جائیں اور اللہ تعالیٰ کی عبادت بھی کی جائے [٣] عاق والدین کا نافرمان اور اذیت دینے والا، خیرات نیکیاں، روز و شب، دن رات، جوف پیٹ، گہرائی [٤] طریقہ محمدیہ میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا والدین کی نافرمانی سے بچو، کیونکہ جنت کی خوشبو ایک ہزار سال کی مسافت سے محسوس ہوگی لیکن والدین کے نافرمان، قاطع رحم اور بوڑھے زانی کو محسوس نہیں ہوگی [٥] خوشنود راضی، نے نہیں ہدر باطل، ضائع [٦] مردود نا مقبول، سرخ رو کامیاب معزز [٧] خوار ذلیل، خجل شرمندہ، (ف) یہ والدین کے آداب اور حقوق کا بیان تھا خزانہ جلالی وغیرہ میں ہے کہ استاذ کے حقوق یہ ہیں (١) اس کا نام نہ لے (٢) اسکی جگہ نہ بیٹھے خواہ وہ موجود ہو یا نہ (٣) اسکے سامنے باادب دو زانو ہو کر بیٹھے (٤) اسکے سامنے ہنسنے اور دیگر مذموم صفات بالخصوص تکبر سے پرہیز کرے (٥) جو کچھ پوچھنا ہو عاجزی سے پوچھے، جھگڑے اور اعتراض سے پرہیز کرے، اس کے احکام کی تعمیل کرے بولنے اور چلنے میں اس سے سبقت نہ کرے، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اَنَا عَبْدُ مَنْ عَلَّمَنِیْ حَرْفًا، جس نے مجھے ایک حرف سکھایا میں اسکا غلام ہوں، بخارا کے ایک امام درس کے دوران کئی دفعہ اٹھ کر کھڑے ہوئے، پوچھنے پر بتایا کہ میرا استاد زادہ بچوں میں کھیلتا ہوا مسجد کے دروازے کے سامنے آگیا تھا میں اسکے احترام کے لیے کھڑا ہوتا تھا (شرح) بعض حضرات نے فرمایا اگرچہ والدین اولاد کے وجود کا وسیلہ ہیں تاہم اس میں

marfat.com

حکایت علقمہ صحابی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

نشنیدہ[۱] بر علقمہ در وقتِ نزعِ روح او
زحمت گراں بندِ زباں تلخی چو بر وے بیشتر
زن[۲] او بیامد بر نبی گفتا کہ اے شہ مرسلاں
بر شوہرم نزع گراں گشتہ است عاجز مضطر
فرمود[۳] احمد مصطفٰے مرمرتضٰے و ہم بلال
سیوم بہ سلماں فارسی عمار را چارم شمر
رفتند[۴] شاں بر علقمہ کردند تلقیں مرورا
ہرگز نہ جنبیدش زباں کردند بر احمد خبر
پرسید[۵] سیّد پاکِ دیں ابوین دارد زندہ او
گفتند اصحابش چنیں، مردہ یقیں او را پدر
زندہ[۶] است مادر علقمہ گشتہ ضعیف و ناتواں
فرمود سیّد مرسلاں روا اے بلال زود تر
برمادرش[۷] از من سلامے گو چنیں اے پیر زن
گر قدرتت داری بیا خواندہ ترا خیر البشر

(بقیہ صفحہ ۶۱)
ان کے خط نفس کا بھی دخل ہوتا ہے بخلاف استاذ کے کہ وہ محض فی سبیل اللہ دین سکھاتا ہے لہٰذا اس کا مرتبہ زیادہ ہے۔

۱ نشنیدہ کیا تو نے نہیں سنا، صیغہ واحد حاضر فعل ماضی قریب، بطور استفہام نزع نکالنا، آخری وقت زحمت گراں، سخت تکلیف بند زباں زبان کا نہ چلنا، کلمہ طیبہ کا جاری نہ ہونا، تلخی کڑواہٹ

۲ عاجز بے بس مضطر مجبور، لاچار،

۳ مرتضٰی پسندیدہ، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، شمر گن ۴ شاں وہ حضرات تلقین تعلیم، میت کے سامنے کلمہ طیبہ پڑھنا تاکہ وہ سن کر پڑھ لے، اسے کہا نہ جائے، کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ شدت تکلیف کی بنا پر انکار کر دے نہ جنبید حرکت نہ کی ۵ سید پاک دیں، دین کے پاکیزہ سردار، پدر باپ

۶ مادر ماں، ناتواں کمزور، ایک نسخہ میں دوسرے مصرع میں یہ الفاظ ہیں "روا اے بلالا" بلال کے آخر میں الف ندائیہ ہے، زود تر بہت جلد ۷ گو کہہ پیر زن بوڑھی عورت، قدرت طاقت خیر البشر تمام انسانوں سے افضل (ف) حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی کے فتاویٰ میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو صرف بشر نہ کہنا چاہیے کہنا ہو تو یوں کہو خیر البشر افضل البشر،

marfat.com

گر[1] او ندارد قدرتے او را بگو تو اے بلال
در خانہ خود تو شستہ شو آید بتو شافع حشر
رفتہ[2] مؤذن مصطفےٰ بگذارد چوں پیغام ایں
برخاست شاداں شد ضعیف اندر شنیدن ایں خبر
او گفت[3] سازم جان فدا بر خاک پائے مصطفےٰ
کردہ عصا در دستِ خود آمد بحضرت نامور
کردہ[4] سلامش مصطفےٰ ہم خواندہ احمد پیش خود
افعال جملہ علقمہ کردہ بیاں او سر بسر
گفتا[5] کہ بودہ علقمہ صاحب صلوٰۃ و صوم ہم
ہم عابد و ہم زاہد و بودہ سخی و معتبر
لیکن[6] ز خدمت ہائے من قاصر بُدہ اے ختمِ رُسل
[7] زن خویش را عزت بدادے کرد مارا بے وقر
ہر گز نہ کردے گفت من می کرد گفتِ زن قبول
راضی نیم زو زیں سبب اے شافعِ روزِ حشر
فرمود[8] سید زود تر ہیزم جمع کن اے بلال
سوزیم تا مر علقمہ کن آتشے تعجیل تر

[1] شستہ مخفف نشستہ، بیٹھی رہ، شافع حشر، قیامت کے دن شفاعت فرمانے والے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم [2] مؤذن مصطفےٰ حضرت بلال، برخاست اُٹھی، شاداں خوش خوش، ایک نسخہ میں ہے "ضعیفہ از شنیدن"۔ [3] فدا قربان، عصا لاٹھی [4] سر بسر تمام [5] صلوٰۃ نماز روزہ زاہد دنیا سے بے نیاز۔
[6] قاصر کمی کرنے والا بُد مخفف بُود، تھا، زن بیوی بے وقر بے عزت [7] گفت من، میرا کہنا راضی نیم میں راضی نہیں ہوں، [8] ہیزم ایندھن، سوزیم ہم جلائیں، از سوختن، کن آتشے آگ تیار کر، تعجیل تر بہت جلد۔

marfat.com

عجز[۱] بے بکرد آں پیرزن گفتا کہ اے شہ مرسلاں
بہر چہ سوزی علقمہ دلبند دارم ایں پسر

فرمود[۲] سید گر شوی خشنود بر فرزند خود
ہرگز نسوزانم درایابد نجات اندر حشر

شو[۳] تو گواہ اے مصطفےٰ راضی شدم بر علقمہ
خشنود گشتم ایں زماں گر جور کردی یا جبر

فرمود[۴] ختم الانبیاء روز زود اے صاحب اذاں
دریاب حالِ علقمہ بروے بکن نیکو نظر

چوں[۵] متقی صاحب اذاں آمد بسوئے علقمہ
بشنید کلمہ زد ہنوز او بود بیرونِ زدر

گفتے[۶] چنیں آں علقمہ ہستی تو واحد لاشریک
ہست آں محمد بندہ ات ہم شہ رسولِ راہبر

چوں[۷] مادرش خوشنود شد بر علقمہ اے جانِ من
آنگہ کشادہ شد زباں آساں شدہ تلخی ضرر

آساں[۸] شدہ کندن براو بس جاں بحق تسلیم کرد
پس مات ھٰذا الشاب چوں آمد رسولِ معتبر

---

۱ ہر ترحم کس لیے، دلبند محبوب ۲ خفا سوزانم میں نہیں جلواؤں گا، از سوزانیدن، نجات خلاصی، حشر قیامت، ۳ جور ظلم جبر زیادتی، ایک نسخہ میں پہلے مصرع میں یہ الفاظ ہیں "گفتا گواہ شو اے نبی"، ۴ دریاب معلوم کر، صیغہ واحد حاضر فعل امر از دریافتن ۶ لاشریک تیرا کوئی شریک نہیں راہبر راہنما، یعنی کلمہ طیبہ پڑھ رہے تھے اور ان کی آواز دروازے سے باہر آرہی تھی ۷ آنگہ اس وقت کشادہ شد کھل گئی، ضرر تکلیف (ف) معلوم ہوا کہ زبان کی بندش اور اس کے علاوہ تکلیف والدہ کی ناراضگی کے سبب تھی کندن نکالنا (جان کا) تسلیم سپرد مات، ھذا الشاب، یہ نوجوان فوت ہوگیا، یعنی حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

فرمود سیّد[1] تا ورا غسل و کفن بدہند زود
خواندش جنازہ پس ورا کردند جاے اندر قبر
شنوید[2] اے یارانِ من گفتہ چنیں آں مصطفٰے
کارے نیاید طاعتے اِلّا رضا مادر پدر
اے[3] بادشاہِ باکرم مارا چنیں توفیق دہ
بکنیم طاعت بے ریا خدمت کنم مادر پدر

باب بست[4] و دوم در بیان ستادن وام و دادن قرض میگوید

در[5] وام نافتی جانِ من تازندہ باشی در جہاں
از وام شکند دست و پا از وام برود جان سر
ہرگز ندارد کس روا[6] وامے کشیدن جز سہ جا
در مخمصہ بہر کفن تزویج دختر یا پسر
چوں[7] تو دہی وامے بکس باید دہی قرضِ حسن
خواہش مکن مہلت بدہ یادہ مگو دیواں مبر
وامے[8] مخواہ بہر ہوس زاں وام اُفتی در بلا
اینجا کشی اندوہ غم آنجا شوی ہم بے وقر

[1] سیّد، سردار یعنی سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، ایک نسخہ میں دوسرا مصرع اس طرح ہے "خواندش جنازہ پس ورا گردندے را در قبر"۔ (ف) خزانۂ جلالی میں ہے کہ ایک جوان پر چند دن سکراتِ موت طاری رہے اس کے بعد یہی حکایت بیان کی ہے (شرح) ممکن ہے وہ جوان حضرت علقمہ ہی ہوں۔ [2] شنوید، سنو، صیغہ جمع حاضر فعل امر از شنیدن، بعض نسخوں میں ہے "جز رضا مادر پدر"۔ (ف) یعنی والدین کی فرمانبرداری کے بغیر عبادتیں مقبول نہیں ہیں [3] کرم بخشش، توفیق ہمت، وسائل ریا نمائش [4] بست و دوم، بائیسواں، ستادن لینا، وام قرض، ادھار قرض کاٹنا چونکہ ادھار تعلقات کو کاٹ دیتا ہے اس لیے اسے قرض کہتے ہیں چنانچہ کہتے ہیں القرض مقراض المحبۃ، قرض محبت کی قینچی ہے [5] نافتی نہ پڑے تو، دراصل نہ اُفتی ہے ضرورتِ شعری کے لیے اسے ملا کر پڑھا جائے، از وام قرض سے شرح میں از بام ہے یعنی چھت سے گرا تو ہاتھ پاؤں ٹوٹے گا قرض میں جان کا خطرہ ہے [6] مخمصہ بھوک کا غلبہ تزویج نکاح کرنا (ف) حضرت مصنف کا مقصد یہ ہے کہ اگرچہ بوقتِ ضرورت قرض لینا جائز ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ ضرورتِ شدیدہ کے بغیر قرض نہ لیا جائے [7] قرض حسن ایسا قرض کہ مقروض کو اجازت دی جائے کہ جب ہو سکے ادا کر دینا، خواہش مطالبہ یادہ مگو بیہودہ گوئی نہ کر دیوان حاکم، تھانہ مبر نہ لے جا [8] ہوس حرص، بلا ضرورت، اینجا اس جگہ، دنیا میں کشی کھینچے گا، اٹھائے گا، آنجا اس جگہ، آخرت میں ایک نسخہ میں اینجا کی جگہ دنیا اور آنجا کی جگہ عقبیٰ ہے بے وقر بے عزت (ف) قرض واپس نہ کرنے کی صورت میں دنیا و آخرت کی رسوائی ہے۔

marfat.com

چوں[1] تو بکس وامے دہی نیت بکن ناخواستن
چوں او دہد بستاں خوشی ورنہ بکن کُلّی حذر
از دَین[2] گر یک دانگ را بدہی بدائن خویشتن
نزدیکِ حق باشد نکو از صدقۂ دینار و زر
صدقہ[3] کہ چوں مقبول شد یابی ازاں اجر و جزا
یک حبّہ گر از حق کسے یابی کشاکش در حشر
از وام[4] دارِ خویشتن مستاں گہے چیزے نفع
کشتے ستانی چوں گرو غلّہ مخور بر خصم بر
جملہ[5] گر وہاں حکم ایں جاناں من نیکو شنو
گاوے ستانی چوں گرو تو شیرا و ہرگز مخور

باب[6] بست و سوم در بیان کلام و سلام و سکوت و غیبت و عطسہ و سوگند گوید

چوں[7] تو روی در مجلسے ساکت نشیں خاموش ہم
ہرگز مگو اوّل سخن پاسخ بدہ در و گہر
باشی تو ساکت روز و شب چیزے مگو جز ذکر حق
سخنے کہ باشد گفتنش نزدیکِ حق آں را اجر

[1] ناخواستن نہ مانگنا بستاں لے، صیغہ واحد حاضر فعل امر از ستاندن حذر پرہیز، خوف (ف) آج کل اتنا قرض دینا چاہیے جسے بآسانی معاف کیا جا سکے [2] دَین قرض، دانگ چھ رتی، تھوڑی سی مقدار، دائن قرض خواہ دینار سونے کا ایک سکہ، زر سونا (ف) قرض کی ادائیگی صدقہ سے بہتر ہے [3] اجر و جزا بدلہ اور ثواب حبّہ ایک دانہ کشاکش کھینچا تانی، حشر قیامت (ف) صدقہ مقبول ہوا تو ثواب ملے گا اور اگر کسی کا قرض ادا نہیں کیا تو قیامت کے دن مصیبت ہو گی اور مصیبت سے بچنا ثواب کے حصول سے بہتر ہے [4] وام دار مقروض مستاں نہ لے گہے کبھی نفع فائدہ کشت کھیتی گرو رہن، قرض لینے کے لیے کوئی قیمتی چیز کسی کے پاس رکھنا۔ غلہ پیداوار، مخور نہ کھا خصم زمین کا مالک، بر لے جا [5] گرو ما جو چیزیں رہن رکھی جائیں، گاوے گائے، شیر دودھ، (ف) اگر کسی نے کوئی چیز رہن رکھی ہو تو اس سے حاصل ہونے والا نفع یا تو مالک کو دے دیا جائے یا اس کی قیمت قرض سے کم کر دی جائے [6] بست و سوم تیئیسواں باب، سکوت خاموشی، غیبت پس پشت کسی کی برائی کرنا عطسہ چھینک سوگند قسم [7] روی تو جائے صیغہ واحد حاضر فعل مضارع از رفتن مجلسے کسی محفل میں، یا تنکیر کے لیے ہے۔ ساکت خاموش، نشیں بیٹھ، اوّل پہلے پاسخ جواب دُر و گہر موتی اور جواہر (ف) مجلس میں جا کر خاموشی سے بیٹھ جانا چاہیے اگر کوئی سوال کرے تو اسے مناسب جواب دینا چاہیے [8] ذکر حق اللہ تعالیٰ کا ذکر، اجر ثواب (ف) بے فائدہ اور دنیاوی باتوں سے زبان بند رکھنی چاہیے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے یا اچھی باتیں کہی جائیں۔

marfat.com

سخنے[1] نباشد کاندراں غرضے ترا اسلام و دیں
غرضے معاشی نے درو آں را تو لا یعنے شمر

غیبت[2] حرام ست بیشکے در گفتنش دوزخ روی
عیبے کہ در غیبت کنی ایں است غیبت اے پسر

آنکس[3] کہ غیبت می کند حسنات وے بر وے دہد
مغتاب گویا می خورد مُردار لحمے از بشر

غیبت[4] مکن در ہیچگہ بگریز از غیبت کناں
از جملگی عصیاں گناہ غیبت بدانی زشت تر

نمام[5] را داں دوزخی بوئے نیابد از جناں
ہر چند طاعت می کند داں طاعتش جملہ ہدر

دانی[6] مؤکل بر زباں جملہ بلا آفات ہم
جرم زباں گر اندک است ہم جُرم آں دان بیشتر

کفر[7] ہے از و شرکے از و قذفے و بہتان زُور از و
ہرگز ندیدم در جہاں جز خاموشاں کس خوب تر

لے کاندراں دراصل کہ اندر آں ہے کہ اس میں غرض مقصد اسلام اور دین کا ایک ہی معنیٰ ہے غرض معاشی زندگی کی غرض لایعنی بے مقصد بے فائدہ شمر گن (ف) جس گفتگو میں دینی یا جائز دنیاوی فائدہ نہ ہو مکروہ ہے ۲ے غیبت پہلا حرف مفتوح ہو تو اس کا معنیٰ غائب ہونا ہے اور اگر پہلا حرف مکسور ہو تو اس کا معنیٰ ہے کہ کسی کی عدم موجودگی میں ایسی برائی بیان کی جائے جو اس میں موجود ہو، ایسی برائی بیان کرنا جو اس میں نہ ہو بہتان کہلاتا ہے ۳ے حسنات نیکیاں. وے غیبت کرنے والے کی. بر وے جس کی غیبت کی گئی ہو مغتاب غیبت کرنے والا، می خورد کھاتا ہے لحمے گوشت بشر انسان (ف) اللہ تعالیٰ غیبت کرنے والے کے متعلق فرماتا ہے أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا الآیہ کیا تم میں سے کوئی شخص ہے جو مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرے گا ۴ے بگریز بھاگ، صیغہ واحد حاضر فعل امر از گریختن غیبت کناں غیبت کرنے والے، جملگی تمام عصیاں گناہ زشت تر زیادہ برا، ۵ے نمام چغلخور کسی کی تکلیف دہ بات دوسرے تک پہنچانے والا، نیابد نہیں پائے گا جناں جمع جنت ہدر ضائع ۶ے مؤکل مقرر آفات مصیبتیں جَرم پہلا حرف مفتوح جسم اندک تھوڑا، جُرم پہلا حرف مضموم گناہ ۷ے کفر وہ چیزیں جن کا دین سے ہونا بدیہی ہے ان میں سے کسی کا انکار، شرک کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرانا قذف کسی پاکدامن پر زنا کا الزام لگانا، بہتان کسی کا جھوٹا عیب بیان کرنا زُور جھوٹ، جھوٹی گواہی،

marfat.com

قذف[۱] مگو دا ہیچگہ کز وے گناہاں می شوند
سو وے ندارد مر ترا داخل بعصیاں زود تر

کذب[۲] نگوئی ہیچگہ لعنت خدا بر کاذباں
کاذب نباشد سُرخ رو اورا نیارد کس نظر

قذف[۳] مگو مملوک را مقذوف چوں باشد بری
حدّے خوری در ہیچگہ گشتی سیاہ رو در حشر

چوں[۴] قذف گفتن مر ترا بر بندگاں عادت شود
مردود گردی از شہادت در سراجی کن نظر

سوگند[۵] ہم غیر از خدا ہرگز نیاری بر زباں
بزہ گار گردی دوزخی ایں شرک باشد خفیہ تر

ہرگز[۶] مخور سوگند تو گرچہ خوری از صدق دل
حلّاف در دوزخ بداں در خشم حق اورا شمر

اوّل[۷] بہ بینی چوں کسے اورا سلامے زود کن
یابی جزا بیحد و عد ہرگز نیابد در حصر

چوں[۸] تو سلامے رد کنی گر مسلم ست رد کن نکو
اورا چو بینی کافرست گو مثل آں نے بیشتر

---

[۱] [۲] کذب جھوٹ لعنت اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم ہونا کاذب جھوٹا سُرخ رو باعزت، (ف) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:
"لَعْنَتَ اللّٰہِ عَلَی الْکٰذِبِیْنَ"

[۳] مملوک غلام مقذوف جس پر زنا کی تہمت لگائی گئی ہو، بری پاک حدّ مقرر سزا، مثلاً اگر کسی نے آزاد کو قذف کیا ہے اور گواہی یا اقرار سے اس کا جرم ثابت ہو جائے تو اسے اسّی درے لگائے جائیں گے، کسی کے غلام کو قذف کرنے کو زیادہ سے زیادہ انتالیس درے تعزیر کے طور پر لگائے جائیں گے [۴] سراجی فتاویٰ سراجیہ، فقہ کی کتاب (ف) درے لگانے کے علاوہ قذف کی سزا یہ ہے کہ اس کی گواہی مقبول نہیں ارشاد ربانی ہے وَلَا تَقْبَلُوْا لَہُمْ شَہَادَۃً اَبَدًا،

[۵] سوگند قسم بزہ گار گناہگار، (ف) بادشاہ، امیر یا بیٹے کی قسم کھانے میں کفر کا خوف اور شرک خفی ہے، [۶] حلّاف بہت قسمیں کھانے والا خشم ناراضگی [۷] بیحد و عد بے حد و حساب، حصر شمار (۸) (ف) جب کسی مسلمان سے ملاقات ہو تو سلام کہنے میں پہل کرنی چاہیے کہ انبیاء کرام کی سنت ہے، سلام کا معنی یہ ہے کہ میں مسلمان ہوں اور تو میری ایذا سے محفوظ ہے، سلامے رد کنی سلام کا جواب دے (ف) ارشاد ربانی ہے وَاِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّۃٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْہَا اَوْ رُدُّوْہَا جب تمہیں سلام دیا جائے تو اس سے بہتر جواب دو یا ویسا ہی جواب دو،

marfat.com

سلطاں سلامے بر حشم مولا کند بر بندگاں
بی بی کنیزک خویش را ہم اغنیا بر مفتقر

تنہا کہ باشد مردمے خدمت کند مر جمع را
راکب کند بر راجلے بینا کند بر بے بصر

چوں عطسہ بزند مسلمے تحمید گوید متصل
گو یرحمک در حالِ تو فرض کفایت می شمر

سبقت کنی گر تو بر و تحمید گوئی پیش ازاں
در گوش و دنداں ہم شکم دردے نہ بینی اے پسر

باب بست و چہارم در خشم و تکبر و حسد و عجب و عیوب و غیرت گوید

حاسد نیابد نیکوئی ہرگز نیاساید گہے
بخورد حسد طاعات را چوں ہیزمے تنور در

بگذار کبر و عجب ہم شو خاک پائے ہمگناں
مانند بد و زخ مدتے خود بیں کہ باشد کینہ ور

لے حشم لشکر مولا آقا بندگاں جمع بندہ غلام، بی بی مالکہ، کنیزک لونڈی، اغنیا جمع غنی مالدار مفتقر محتاج (ف) سلام کے آداب میں سے یہ ہے کہ بڑا چھوٹے کو اور بڑے مرتبہ والا کم مرتبہ کو سلام دے ۲ لے خدمت کند یعنی سلام کہے جمع جماعت راکب سوار راجل پیدل بینا آنکھوں والا، بے بصر نابینا ۳ لے عطسہ چھینک تحمید الحمد للہ کہنا متصل اسی وقت یرحمک اللہ، اللہ تعالیٰ تجھ پر رحمت فرمائے، فرض کفایت وہ فرض کہ جماعت میں سے ایک کے ادا کرنے سے ادا ہو جائے کوئی بھی ادا نہ کرے تو سب گنہگار رہیں ۴ لے سبقت پہل پیش قدمی، گوش کان، دنداں دانت، شکم پیٹ (ف) شارح نے اس پر ایک حدیث نقل کی ہے کہ مَنْ سَبَقَ الْعَاطِسَ بِحَمْدِ اللّٰہِ اَمِنَ مِنَ الشَّوْصِ وَاللَّوْصِ وَالْعِلَّوْصِ جو شخص چھینک لینے والے سے پہلے الحمد للہ کہے وہ دانت، کان اور پیٹ کے درد سے محفوظ رہے ۵ لے باب بست و چہارم، چوبیسواں باب، خشم غصہ، تکبر اپنے آپ کو دوسروں سے بڑا جاننا، حسد اللہ تعالیٰ نے جو کسی کو نعمت دی ہو اسے دیکھ کر جلنا اور یہ چاہنا کہ اس سے یہ نعمت زائل ہو جائے اور مجھے مل جائے، یہ ناجائز ہے اور صرف یہ آرزو رکھنا کہ مجھے بھی ایسی نعمت مل جائے اسے رشک کہتے ہیں جو جائز ہے، عجب اپنی تعریف کرنا، خودستائی، عیوب جمع عیب برائی ۶ لے حاسد حسد کرنے والا، نیابد نہیں پاتا، نیکوئی بھلائی، نیاساید آرام نہیں پاتا، صیغہ واحد غائب فعل مضارع منفی از آسودن، طاعات جمع طاعت، نیکی، ہیزم ایندھن، ۷ لے بگذار چھوڑ دے، صیغہ واحد حاضر فعل امر از گذاشتن کبر دوسروں پر اپنی بڑائی ظاہر کرنا، ہمگناں جمع ہمہ، تمام مانند رہے گا، خود بیں اپنی خوبیاں دیکھنے والا، جس کی توجہ اس طرف نہ ہو کہ یہ خوبی اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی ہے، کینہ ور دشمنی والا۔

marfat.com

چوں[۱] تو بگوئی عیب کس صد عیب آید پیش تو
مکر و غدر ہم مکن تا تو نیفتی در سقر
ہرگز[۲] مکن استیزہ را گرچہ بود حق سوئے تو
با جور شینی در جناں کشکے بیابی در صدر
کبر[۳] مکن با ہیچکس زاں جملہ را بہتر ز خود
چوں کبر بکنی با کسے باشی ز کبراں بدتر
کبر[۴] سنت کار ابلیس را باید تواضع پیشہ کن
تا حق بہ بر دارد ترا اندر میان بحر و بر
چوں[۵] پیر و کودک مر ترا آید نظر تعظیم کن
کودک بدانی بے گنہ در پیر طاعت بیشتر
مومن[۶] ندارد کینہ اندر درون جان خود
شب چوں بخسپد جان من کینہ بشوید از جگر
ہر جا[۷] شجر بیند کسے گشتہ نگوں سوئے زمیں
خدمت کند ہم پشت خم چوں بگذرد تحت الشجر

۱ مکر فریب، غدر عہد کا توڑنا، سقر دوزخ (ف) کسی کے عیب ظاہر کرنے کا وبال دنیا میں بھی مل سکتا ہے مثلاً وہ خود اس عیب میں مبتلا ہو جائے، فریب اور نقض عہد حرام ہے اور منافقوں کی علامت ۲ استیزہ لڑائی جھگڑا، جور جمع حور، جنتی عورتیں، شینی تو بیٹھے گا، دراصل نشینی تھا، کشک مخفف کوشک، کوٹھڑی، کمرہ، صدر بلند جگہ (ف) حدیث شریف میں ہے اِنَّ اَبْغَضَ الرِّجَالِ عِنْدَ اللّٰہِ الْخَصُوْمُ، اللہ تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ ترین آدمی وہ ہے جو بہت جھگڑالو ہو (شرح) ۳ داں جاں جملہ تمام کبراں جمع گبر مجوسی، آتش پرست، بتر بہت برا، دراصل بدتر تھا (ف) کبر اللہ تعالیٰ کی صفت خاص ہے جو شخص تکبر کرتا ہے وہ گویا اللہ تعالیٰ کی صفت میں شریک ہونا چاہتا ہے حدیث شریف میں ہے لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِیْ قَلْبِهٖ خَرْدَلَةٌ مِّنَ الْكِبْرِ، وہ شخص جنت میں داخل نہ ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانہ برابر تکبر ہوگا، ۴ کار کام ابلیس شیطان تواضع عاجزی پیشہ طریقہ، عادت بر دارد بلند کرے میان درمیان، بحر دریا، بر خشکی (ف) حضرت شیخ سعدی فرماتے ہیں ؎ تکبر عزازیل را خوار کرد
بزندانِ لعنت گرفتار کرد۔

۵ پیر بوڑھا، کودک بچہ (ف) ہر چھوٹا اور بڑا مسلمان لائق تعظیم ہے، بڑا اس لیے کہ اس کی نیکیاں زیادہ ہیں اور چھوٹا اس لیے کہ اس کے گناہ کم ہیں ۶ کینہ دشمنی، شب رات، بخسپد سوتا ہے بشوید دھو دیتا ہے، (ف) تین دن سے زیادہ ناراضگی ممنوع ہے اس کے بعد خود پہلے سلام کہنا چاہیئے، ۷ شجر درخت، نگوں جھکا ہوا، خدمت کند عاجزی کرتا ہے، جھک جاتا ہے پشت کمر، خم ٹیڑھی، تحت نیچے (ف) جھکے ہوئے درخت کے نیچے سے لوگ جھک کر گزرتے ہیں اسی طرح اگر آدمی عاجزی اور تواضع اختیار کرے تو دوسرے بھی اس کے ساتھ عاجزی کا رویہ اختیار کریں گے۔

marfat.com

عیسٰے[۱] شده بر آسماں کرده تواضع خلق ہم
قاروں شده زیر زمیں چوں کرد بخل وکبر سر
چوں[۲] تو شجر بینی نگوں راکع شده سوئے زمیں
آرے ہموں گردد چناں شاخے که باشد میوه ور

باب[۳] بست وپنجم دربیان اخلاص وریا وعبادت جز آں گوید

صوم[۴] وصلوٰۃ وصدقہ ہم بہرِ خدا خالص کنی
نے بہرِ جنت حور نے بہرِ خلاصی از سقر
از بہرِ[۵] دنیا یا عمل بہرِ جزا عقبٰے[۱] کنے
مزدور باشی بیشکے کامل نیابی ایں اجر
حق[۶] را بیابی آنکہے کارے کنی از بہرِ او
مخلص چوں گشتی جان من بینی خدا را چشم سر
اخلاص[۷] دارد کارہا در کارہا اخلاص کن
کفرے بداں سمعہ وریا نے از مرائی کس بتر
چوں[۸] ذکر گوید پاسباں از بہرِ راندن دزد را
بزہ گار گردد ذکر گویا شد منافق بے خبر

۵ خلاصہ یہ کہ تواضع حضرت عیسٰی علیہ السلام کی صفت ہے جو چوتھے آسمان پر تشریف فرما ہیں، تکبر اور بخل قارون (حضرت موسٰی علیہ السلام کے زمانے کا امیر ترین آدمی) کی صفت ہے جو زمین میں دھنس گیا۔ ۲ راکع رکوع کرنیوالا، جھکا ہوا، سوئے طرف، آرے ہاں ہموں وہی میوہ ور میوے والی (ف) حضرت سعدی فرماتے ہیں ع نہد شاخ پُر میوہ سر بر زمین ۳ بست وپنجم پچیسواں، اخلاص محض رضائے الٰہی کے لیے عبادت کرنا، ریا دکھلاوا، نمائش ۴ صوم روزہ، صلوٰۃ نماز، خلاصی نجات، چھٹکارا، سقر دوزخ، ۵ بہر واسطے جزا عقبٰے آخرت کا ثواب (ف) یعنی اگر تو اجرِ دنیا کے لیے عبادت کرتا ہے تو تو مزدور ہے تجھے دنیا میں اجر مل جائیگا آخرت میں نہیں اور اگر اجرِ آخرت مطلوب ہے تو اخروی ثواب مل جائیگا لیکن کامل نہ ہوگا اخلاص والوں کے لیے تو اجر ہوگا جو کسی نے دیکھا نہ سنا ۶ خلاصہ یہ کہ جس کا عمل محض رضائے الٰہی کے لیے ہوگا وہ اللہ تعالٰی کی رضا اور اسکا دیدار پائے گا ۷ کارہا جمع کار، فائدہ، دوسرا کارہا جمع کار، کام، عبادت، بداں جان، سمعہ لوگوں کو سنانا، ریا نمائش مرائی نمائش کرنیوالا۔ بتر دراصل بدتر تھا (ف) طریقہ محمدیہ میں حدیث شریف ہے کہ مجھے تمہارے بارے میں سب سے زیادہ شرک اصغر کا خوف ہے، صحابہ نے پوچھا وہ کیا ہے؟ فرمایا ریا، کفر سے مصنف کی مراد شرک اصغر ہے، ایسا شخص تمام اہلِ اسلام سے برا ہے ۸ تشریح ۸ پاسباں محافظ، چوکیدار راندن دور کرنا، دزد چور بزہ گار گنہگار ذکر گو ذکر کرنے والا (ف) پہریدار اگر چور کو بھگانے کے لیے ذکر کرتا ہے تو وہ منافق ہے اور اپنے نفاق سے بے خبر ہے کیونکہ اسکا مقصد رضائے الٰہی نہیں ہے اور اگر رضائے الٰہی کے لیے ذکر کرے اور اس کی برکت سے حفاظت حاصل ہو تو جائز ہے۔

marfat.com

دُنیا[1] چو خواہی از خدا از بہرِ آں طاعت کنی
دُنیا بیابی بیشکے مانی زجنت دورتر

چپ و[2] راست بیند بندۂ چوں در نماز خویشتن
گوید خدا اے بنگری از من مگر او خوب تر

دِل[3] را چو بندی با خدا در کارہائے راہِ حق
مقدارِ کارِ آنچناں تا اجر یابی پُر گہر

ور[4] تو بخواہی از خدا حور و قصر اندر جناں
صد حور بینی بیشکے حق را نیابی اے پسر

باب[5] بست و ششم در توکل و رضا و خوف و رجا می گوید

چُوں[6] تو کنی بر حق توکّل ہم رضا در کارہا
بیشک ولی گردی یقیں در سلکِ خاصاں معتبر

جُملہ[7] سپردم کارہا در حضرتت اے بادشاہ
گو ایں سخن در روز و شب ترس از خدا نے کس دگر

لے مانی تو رہے گا صیغہ واحد حاضر فعل مضارع از ماندن (ف) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے مَنْ کَانَ یُرِیْدُ حَرْثَ الدُّنْیَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ الآیۃ جو شخص دنیا کا فائدہ حاصل کرنا چاہتا ہے ہم اسے عطا کریں گے اور اسکے لیے آخرت سے کوئی حصہ نہیں،
۲ے چپ بائیں راست دائیں مے بنگری تو دیکھتا ہے (ف) حدیث شریف میں ہے اگر نمازی جانے کہ کس سے مناجات کر رہا ہے تو وہ اِدھر اُدھر نہ دیکھے ۳ے بندی تو وابستہ کرے، در کارہائے راہِ حق، اللہ تعالیٰ کی راہ کے کاموں میں، بعض نسخوں میں ہے "در کارہا راہِ خدا،" دوسرے مصرع میں تا ابتدا میں لگایا جائے تو معنی واضح ہو جائیگا (ترجمہ) جب تو راہِ خدا کے کاموں میں دل باندھے تب تجھے ایسے کاموں کے مطابق موتیوں سے بھرا ہوا اجر ملے ۴ے قصر اور اگر، قصر محل۔ (ف) اگر عبادت سے مقصد حور و قصور ہو تو یہ مقصد پورا ہو جائیگا لیکن اللہ تعالیٰ کی زیارت نہیں ہوگی، اسی لیے حدیث شریف میں ہے اَکْثَرُ اَهْلِ الْجَنَّةِ بُلْهٌ، اکثر جنتی نا سمجھ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے دیدار کی بجائے نعیم جنت کے لیے عبادت کرتے رہے، ۵ے باب بست و ششم چھبیسواں باب، توکل بھروسہ، تمام کاموں کو اللہ تعالیٰ کی مشیت کے سپرد کرنا، رِضا پہلا حرف مکسور اللہ تعالیٰ کی قضا پر راضی ہونا، خوف ڈر رجا اُمید ۶ے حق اللہ تعالیٰ کا نام کام ولی اللہ تعالیٰ کا دوست، صالح سلک لڑی ۷ے جملہ تمام سپردم میں نے سپرد کیے حضرت بارگاہ، ترس ڈر، صیغہ واحد حاضر فعل امر از ترسیدن (ف) عام آدمی کا توکل یہ ہے کہ دن رات کہے یا اللہ! میرے تمام کام تیرے سپرد ہیں، اللہ تعالیٰ سے ڈرے اور کسی سے نہ ڈرے، کاملین کا توکل یہ ہے کہ بدن اللہ تعالیٰ کی عبادت میں اور دل اس کی ربوبیت میں محو اور تمام ماسوی اللہ تعالیٰ سے نظر بند ہو۔

marfat.com

خوفِ[1] خدا باید چناں جز من مگوکس دوزخی
اُمید باید ایں چنیں باشم بجنت در صدر
مُسلم[2] بباید درمیاں خوف و رجا ہر دو طرف
خوفش بباید اندکے اُمید باید بیشتر
ابلیس[3] شش لک سال گر میکرد طاعت رانده شد
بوبکر بُد در پیش بُت کردند بروے صد نظر
دل[4] را نداری ملتفت تا زندہ از بہر ناں
روزی رساند ذوالمنن وارد خزائن گنج زر
بخشش[5] ندانی از کسے جز از خدائے جان من
چوں مرترا بخشد کسے جنّ و ملائک یا بشر
خالق[6] ہمیں گوید ترا اندر بلائے دہ رضا
ورنہ برو زیرِ سما خالق طلب جز من دگر

۱؎ صدر بلند مقام، مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ کا خوف اتنا ہو کہ آدمی سمجھے میرے سوا کوئی دوزخی نہیں اور امید اتنی کہ میں جنت کے بلند مقام پر ہوں گا (ف) شارح کہتے ہیں مشائخ کا اس میں اختلاف ہے کہ غلبہ خوف کا ہونا چاہیئے یا امید کا، راجح یہ ہے کہ تندرستی اور خوشی میں خوف کا غلبہ ہو تاکہ گناہوں سے بچے، بیماری اور موت کے قریب امید کا غلبہ ہونا چاہیئے تاکہ موت کی تلخی اور شدت کم ہو مصنف نے آیندہ شعر میں امید کو راجح قرار دیا ہے ۲؎ حدیث شریف میں ہے، اَلْاِیْمَانُ بَیْنَ الرَّجَاءِ وَالْخَوْفِ ایمان امید اور خوف کے درمیان ہے، حدیث قدسی ہے اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ فَلْیَظُنَّ بِیْ مَا شَاءَ میں اپنے بندے کے ظن کے مطابق معاملہ کرتا ہوں وہ جو چاہے میرے متعلق گمان کرے ۳؎ ابلیس شیطان ششں لک چھ لاکھ راندہ مردود بوبکر کنیت حضرت یارِ غار خلیفۂ اوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کا اسم مبارک عبداللہ ہے دورِ جاہلیت میں عبدالعزیٰ نام تھا، اس وقت اگرچہ بت خانہ میں آمدورفت تھی لیکن بت کو سجدہ کبھی نہیں کیا، مطلب یہ کہ شیطان غرور میں آگیا اس کی لاکھوں سال کی عبادت برباد ہوئی، حضرت صدیق اکبر خوف و رجا کے مقام پہ فائز ہوئے تو انکے سابقہ تمام معاملات بخش دیئے گئے، ۴؎ ملتفت متوجہ تا زندہ جب تک تو زندہ ہے ناں روٹی رساند پہنچائے گا، ذوالمنن احسانوں والا ایک نسخے میں ہے بے منن یعنی جس کے احسان محدود نہیں ہیں، خزائن جمع خزانہ گنج خزانہ، (ف) ارشاد باری تعالیٰ ہے فِی السَّمَاءِ رِزْقُکُمْ تمہارا رزق آسمانوں میں ہے، ۵؎ بخشش عطا ملائک جمع مَلَک فرشتہ بشر انسان (ف) حدیث شریف میں ہے اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰہُ یُعْطِیْ میں صرف تقسیم کرنے والا ہوں اور اللہ تعالیٰ دیتا ہے، امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے سے رب معطی ہے یہ ہیں قاسم۔ رزق اس کا ہے کھلاتے یہ ہیں ۶؎ بلا آئے مصیبت دہ دے صیغہ واحد حاضر فعل امر از دادن (ف) طریقۂ محمدیہ میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی نازل کی کہ جو شخص میری قضا پر راضی نہیں، میری نازل کردہ بلا پر صبر نہیں کرتا، میری عطا پر کفایت نہیں کرتا اور میری نعمتوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ میرے آسمان کے نیچے سے نکل جائے اور کوئی دوسرا رب تلاش کرے ۱۲ شرح۔

marfat.com

تکیہ[1] مکن بر کارِ خود عجبے بطاعت ہم مکن
بلعم و ہم برصیصیا گشتند ملعون خاک سر

باب[2] بست و ہفتم در بیان صبر و شکر می گوید

فرحت[3] نخواہی دائما ہمدم بسازی صبر را
ہر گز ندیدم در جہاں جز صبر چیزے خوبتر

صبرے[4] بکن در کارہا از صبر یابی صد فرح
ظالم چو دیدی خصم را صبرے بکن یابی ظفر

اُمید[5] کس در دل مکن اُمید کن بر خالقے
کو رزق بدہد وحش را طیر و بہائم ہم بشر

ظالم[6] چو ظلمے می کند صبرے بکن با کس مگو
از کس نخواہی داد خود دادت دہد تا داد گر

داں[7] نصف ایماں صبر را ہم شکر را نصفے دگر
محکم بکن ایں ہر دو را مومن بگردی اے پسر

۱ تکیہ بھروسہ، اعتماد، عُجب خود بینی، اپنے آپکو اچھا سمجھنا بلعم بن باعورا کنعان کا مستجاب الدعوات ولی تھا صُحف ابراہیم علیہ السلام پڑھتا تھا اور اسم اعظم جانتا تھا۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے ساتھ قوم جبارین کی طرف متوجہ ہوئے بلعم نے ان سے رشوت لے کر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کے خلاف دعا کی جس سے وقتی طور پر انہیں شدت کا سامنا کرنا پڑا لیکن بلعم کا ایمان سلب کر لیا گیا برصیصیا ایک راہب تھا جس نے طویل عرصہ عبادت کی شیطان نے اسے گمراہ کرنے کے لیے اپنا بیٹا ابیض مقرر کیا، ابیض نے اسکے سامنے اتنی عبادت کی کہ وہ اسکا مرید ہو گیا، ابیض نے جاتے ہوئے اسے چند کلمات سکھائے کہ جس مریض پر دم کرتا تندرست ہو جاتا یہاں تک کہ ایک شہزادی بیمار ہوئی اسکے پاس لائی گئی اس نے شیطانی فعل کے بعد اسے قتل کر دیا، ابیض کی نشاندہی پر راز فاش ہوا برصیصیا گرفتار ہوا، ابیض نے کہا مجھے سجدہ کرو بچ جاؤ گے اس نے سجدہ کیا ایمان بھی گیا اور جان بھی گئی، در اصل یہ وبال تھا اس بات کا کہ ان لوگوں کو اپنی عبادت پر ناز تھا ۲ باب بست و ہفتم ستائیسواں باب، صبر تکلیف و مصیبت کو برداشت کرنا نفس کو معصیت سے روکنا، شکر نعمت و رحمت پر اظہار تعظیم ۳ فرحت خوشی دائما ہمیشہ ہمدم ساتھی، دوست بسازی تو بنائے خوبتر بہت اچھا (ف) حدیث شریف میں ہے الصبر مفتاح الفرج، صبر خوشی کی چابی ہے شارح فرماتے ہیں عام طور پہ یہ حدیث حاء کے ساتھ مشہور ہے لیکن کتب حدیث اور مثنوی شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ جیم کے ساتھ ہے فَرَج کا معنی ہے کشادگی ۴ فرح خوشی خصم دشمن، مخالف، ظفر کامیابی (ف) ارشادِ ربانی ہے اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ۔ ۵ کو در اصل کہ او تھا وحش جنگلی جانور، طیر پرندہ، بہائم چوپائے ۶ داد انصاف داد گر انصاف والا، اللہ تعالیٰ ۷ نصف آدھا محکم مضبوط، پختہ (ف) طریقہ محمدیہ میں حدیث شریف ہے اَلْاِیْمَانُ نِصْفَانِ نِصْفُہٗ صَبْرٌ وَ نِصْفُہٗ شُکْرٌ ایمان دو حصے ہیں آدھا صبر ہے اور آدھا شکر، اور بہتر یہ ہے کہ صدمہ کی ابتدا میں صبر کیا جائے ۲ شرح

marfat.com

۱؎ موجودہ دارد، ایک نسخے میں ہے موجود دارد معنی کے اعتبار سے مناسب یہ ہے کہ "موجود داری"، ہو قید مضبوط، نامور مشہور (ف) علماء فرماتے ہیں الشکر قید الموجود وصید المفقود، شکر نعمت موجودہ کے محفوظ رہنے اور غیر موجودہ کے حاصل ہونے کا ذریعہ ہے ارشاد ربانی ہے لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَأَزِیْدَنَّکُمْ اگر تم شکر کرو گے تو میں تمہاری نعمتیں زیادہ کردوں گا ۲؎ بعید بے شمار غنی شاکر مال دار شکر گزار کو وراصل کہ اوتھا (ف) صبر کرنے والا فقیر شکر گزار مال دار سے افضل ہے ارشاد ربانی ہے إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ صبر کرنے والوں کو بے حساب اجر دیا جائے گا جبکہ شاکر کو اسکے شکر کے مطابق اجر ملے گا ۳؎ غنی مالداری ایک نسخے میں ہے اندر رضا، سلطنت حکومت (ف) یہ شعر گزشتہ شعر کی تائید ہے یعنی حضرت سلیمان علیہ السلام دولت و حکومت کے باوجود اللہ تعالیٰ کے شکر گزار تھے تاہم حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان پر فضیلت ہے آپ نے فقر اور تکالیف شاقہ میں صبر کیا اور نعمتوں پر کما حقہ شکر ادا کیا، ۴؎ باب بست و ہشتم اٹھائیسواں باب، توبہ رجوع، گناہوں کو نفرت اور ندامت کے ساتھ چھوڑنا اور اطاعت خداوندی کی طرف رجوع کرنا، زہد دنیا سے نفرت اور آخرت کی رغبت، ۵؎ امروز آج فردا کل آنے والا، بمیری تو مرجائے صبحدم صبح کے وقت (ف) شامت نفس سے اگر کوئی گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرنی چاہیئے کہ زندگی کا کوئی اعتماد نہیں، ۶؎ صدق دل دل کی سچائی سے، فیما مضی وہ گناہ جو گزر گیا، ندم پریشانی، منکسر شکستہ، (ف) جب آدمی گزشتہ گناہ کو ندامت اور خوف خداوندی سے یاد کرے تو وہ گناہ برباد ہو جاتا ہے،

موجودہ[۱] دارد نعمتے قیدش بکن در شکرِ حق
زاید بر آں خواہی اگر شکرے بگوے نامور

گرچہ[۲] مراتب بیعدد دارد و غنی شاکرے
او کے رسد با صابراں کو صبر بکند در فقر

شاکر[۳] سلیماں گرچہ بد اندر غنا ہم سلطنت
او کے رسد با مصطفٰے کردہ بدرویشی صبر

باب[۴] بست و ہشتم در بیان توبہ و زہد می گوید

توبہ[۵] بگو امروز تو ہرگز مگو فردا کنم
شاید بمیری صبحدم فردا نیابی اے پسر

توبہ[۶] کنی از صدق دل فیما مضٰی آری ندم
چوں یاد آری آں گنہ گردد خراب و منکسر

زہد[۷] سے بکن دستے مزن در مالِ دُنیا جانِ من
ہر ذرہ را باتو بود فردا حساب و ہم حصر

۷؎ دست ہاتھ مزن نہ مار، نہ ڈال، فردا کل قیامت کے دن (ف) ارشاد ربانی ہے مَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ جو شخص ایک ذرہ کے برابر نیکی کرے گا اس کا ثواب دیکھے گا اور جو شخص ذرہ برابر برائی کرے گا اسکی سزا دیکھے گا۔

marfat.com

ل؎ باز مانی تو رک جائے، آں بہتر است" ایک نسخہ میں ہے باشد نکو (ف) طریقہ محمدیہ میں حدیث شریف میں ہے ترک ذرۃ مما نھی اللہ تعالیٰ عنہ خیر من عبادۃ الثقلین، اللہ تعالیٰ نے جن چیزوں سے منع کیا ہے ان میں سے ایک ذرہ کو چھوڑنا جن وانس کی عبادت سے بہتر ہے ۲؎ معصیت گناہ زاں کردہ ہا ان کئے ہوئے گناہوں سے اثر نشان (ف)

گر ۱؎ بازمانی از گنہ واں گرچہ باشد ذرۂ
نزدیکِ حق آں بہتر ست از طاعتِ جنّ و بشر

گر بندۂ ۲؎ با صدق دل توبہ کند از معصیت
بروے نماند ذرۂ زاں کردہ ہا در وے اثر

در بند ۳؎ دنیا چوں شوی طلبش کنی از ہر یکے
محروم مانی از خدا مبغوض گردی منخسر

عصیاں ۴؎ بدانی دوستی کردن بدُنیا ہم خطا
دُشمن خدا داں آں کسے مولع کہ باشد مال و زر

فارغ ۵؎ شدی از سیم و زر رستی ز شیطاں شرّ او
زاہد ز شیطاں ایمن ست وسواس نے بر وے گذر

اموال ۶؎ دُنیا چوں کسے جمع کند دانی سگے
کو ہم شکم پُر مے کند داں زر بداں سنگ و مدر

درویش ۷؎ خواہد مال و زر او را مداں درویش تو
ہست او مغادر دزدِ دین دیوے بداں صورت بشر

ارشادِ ربانی ہے توبوا ایھا المومنون لعلکم تفلحون اے ایمان والو توبہ کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ ۳؎ بند قید مبغوض ناپسندیدہ منخسر نقصان والا، (ف) حدیث شریف میں ہے جو شخص مال جمع کرنے کے لیے لوگوں سے سوال کرتا ہے یہ مال انگارے ہیں کم حاصل کرے یا زیادہ ۱۲ شرح ۴؎ عصیاں گناہ خطا غلطی مولع حریص (ف) حدیث شریف میں ہے حُبّ الدنیا راسُ کلِّ خطیئۃ دنیا کی محبت ہر گناہ کا سر ہے ۵؎ فارغ بے تعلق سیم چاندی زر سونا رستی پہلا حرف مفتوح تو چھوٹ جائیگا، شرّ او شیطان سے بدل ہے ایمن بے خوف وسواس شیطانی خیال (ف) انسان کا شکار کرنے کے لیے شیطان کا جال دُنیا کی محبت ہے، جس کے دل میں دنیا کی محبت نہیں وہ شیطانی مکر اور حملے سے محفوظ ہے ۶؎ سگ کتا شکم پیٹ، سنگ پتھر مدر کچی اینٹ (ف) حدیث شریف میں ہے الدنیا جیفۃ و طالبھا کلاب دنیا مردار ہے اور اسکے طالب کتے ہیں، جو مال مصارف شرعیہ میں صرف نہیں کیا گیا مرنے کے بعد اس شخص کے لیے اینٹ اور پتھر کی طرح بے کار ہوگا، ۷؎ درویش اللہ تعالیٰ کی محبت کا دعویدار مغادر دھوکے باز ایک نسخے میں متلد ہے کسی کے پیچھے چلنے والا، دزد چور دیو جن، شیطان (ف) درویشی کا لباس پہننے والا اگر مالِ دنیا کا طلبگار ہے تو وہ فریبی ہے بلکہ صورتِ انسانی میں شیطان ہے۔

marfat.com

چوں[1] ہست دُنیا بیوفا دربند او بودن خطا
در جمع او دال صد عنا در دین نہ سودے بل ضرر

باب بست و نہم[2] در بیان بخل و سخا و ایثار امساک گوید

گر دور داری خویش را از بخل و از امساک ہم[3]
رستہ شوی یابی جناں شینی چو شاہاں در صدر
ایثار را ہم پیشہ کن چیزے نخواہی از کسے
محظور دانی خواستن دادن لطیف و خوب تر
صد چند[5] کس از صوفیاں بودند عمرے در سفر
گشتند تشنہ ہر یکے بود آبک بر یک نفر
او داد[6] او را او بدو مردند تشنہ جملگی
آں آب ماندہ ہمچنیں آنجا نماندہ کس دگر
ہم صدر[8] و مسند منزلت محراب در محفل جائگاہ
ایثار کن بر دیگرے گردی تو شخص معتبر

[1] بیوفا ساتھ نہ دینے والی، بند قید، خطا غلطی عنا پہلا حرف مفتوح مشقت سود فائدہ ضرر نقصان [2] باب بست و نہم انتیسواں باب، بخل شرعی طور پر جہاں مال خرچ کرنا چاہیے وہاں خرچ نہ کرنا، سخا سخاوت ایثار قربانی، دوسرے کی ضرورت کو اپنی ضرورت پر ترجیح دینا امساک روکنا، بخل [3] رستہ پہلا حرف مفتوح نجات پانے والا، جناں جمع جنت شینی تو بیٹھے گا دراصل نشینی تھا، صدر بلند جگہ (ف) حدیث شریف میں ہے الجنۃ دار الاسخیاء، جنت سخیوں کا گھر ہے [4] ایثار قربانی، پیشہ طریقہ، عادت نخواہی تو نہ مانگ محظور ممنوع خواستن مانگنا (ف) حدیث شریف میں ہے جس نے سوال کا دروازہ کھولا، فتح اللہ لہ سبعین بابا من الفقر اللہ تعالیٰ اس کے لیے فقر کے ستر دروازے کھول دے گا [5] صد چند کس سو افراد تشنہ پیاسا آبک کاف تصغیر کے لیے ہے تھوڑا سا پانی ایک نسخے میں ہے ابریق بد بر یک نفر، ابریق لوٹا، بد مخفف بود، تھا نفر فرد [6] ایک سو صوفی سفر میں تھے ایک کے پاس تھوڑا سا پانی تھا، پیاس ہر ایک کو لگی ہوئی تھی ایک نے دوسرے کو اس نے تیسرے کو پانی دیا، اسی حالت میں تمام شہید ہو گئے، ایک جنگ میں صحابہ کرام زخمی تھے ایک کو پانی پیش کیا گیا اتنے میں آواز آئی العطش مجھے پیاس لگی انہوں نے دوسرے کو پانی دے دیا انہوں نے تیسرے کو یہاں تک کہ سبھی پانی پیے بغیر شہید ہو گئے رضی اللہ تعالیٰ عنہم ارشاد ربانی ہے وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ صحابہ حاجت مند ہوتے ہوئے دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں [8] صدر بلند جگہ، مسند ٹیک لگانے کی جگہ، محراب اسم آلہ بمعنی اسم ظرف، شیطان سے لڑنے کی جگہ، وہ جگہ جہاں امام کھڑا ہوتا ہے، محفل جائگاہ، محفل میں عزت کی جگہ یعنی درمیان، معتبر بائے مفتوح ہے (ف) ایثار و قربانی صرف کھانے پینے کی چیزوں میں نہیں بلکہ یہ بھی ایثار میں داخل ہے کہ عزت کی جگہ دوسرے کو دے خود پست جگہ بیٹھے۔

marfat.com

ہے مطابقت ہے کہ جسکو بخل کی عادت ہو وہ بارگاہِ خداوندی میں ناپسندیدہ ہے اور سخی محبوب بارگاہ ہے حدیث شریف میں ہے السخی حبیب اللہ ولو کان فاسقا سخی اللہ تعالیٰ کو پسند ہے اگرچہ فاسق ہو، حضرت سعدی فرماتے ہیں ؎ بخیل ار بود زاہد بحر و بر، بہشتی نباشد بحکم خبر ۲ے مہر پہلا اور دوسرا حرف مفتوح نہ دے جا فرو کیجے یعنی زمین میں دفن کر کے بیٹھنی

دشمن[1] خدا شخصے بداں کو پیشہ سازد بخل را
محبوب حق داں آں کسے ایثار بکند سیم و زر
ہرگز[2] مہر مالِ فرد از بہر روزِ نیستی
آں روز چوں آید ترا آں مال گردد مستتر
از بہر[3] دختر یا پسر مالے مکن زیرِ زمیں
حاجت چو افتد شاں گہے ہرگز نگوید کس خبر
ہم[4] بر خدا بسپار شاں میری بمیرد او گہے
از کارِ شاں بیغم شوی اندیشہ را از دل بر
ایں[5] مال باشد مار تو آں مار داں زُنّار تو
زُنّار فردا نار تو ایں نار بر زُنّار تو

باب[6] سی ام در تواضع و خُلقِ حسن و نفع رسانیدن خَلق را

با[7] خَلق ورزش کُن نکو تا دوست گردی جملہ را
با نغز مرداں خُلق کن با زشتِ خویاں بیشتر

نہ ہونا، مستتر پوشیدہ (ف) اگر کوئی شخص مال کو زمین میں دفن کر دے اس خیال سے کہ فقر و فاقہ کے دن کام آئے گا کوئی بعید نہیں کہ ضرورت کے وقت ملے ہی نہیں،
۳ے دختر لڑکی، پسر لڑکا ۴ے بسپار سپرد کر، صیغہ واحد حاضر فعل امر از سپاردن سپرد کرنا میری تو مر جائے گا بیغم بے خوف (ف) اولاد اور اہل و عیال کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنا چاہیے کیونکہ موت انسان کے لیے ہے اللہ تعالیٰ حی و قیوم ہے اسے فنا نہیں ہے ۵ے مار سانپ زنار پہلا حرف مضموم دوسرا مفتوح مشددہ سفید دھاگا جو برہمنوں کی خاص علامت ہے، جینو، ایں نار بر زنار بر، ایں نار سے مراد مالِ دنیا اور زنار سے پہلے مضاف مقدر یعنی اہل زنار مطلب یہ کہ مالِ دنیا ہنود اور کفار کے سپرد کر یا ایں نار سے مراد دنیا کی آگ ہے اور زنار سے مراد مالِ دنیا مطلب یہ کہ آگ سے مالِ دنیا اور اس کی حرص کو جلا دے (ف) مالِ دنیا جس میں سے اللہ تعالیٰ کے حقوق ادا نہ کیے جائیں قیامت کے دن آگ کا طوق بنا کر اس شخص کے گلے میں ڈال دیا جائے گا اس لیے مال سے اتنی محبت نہ ہونی چاہیے کہ اس میں سے حقوق الٰہیہ زکوٰۃ و صدقہ ہی ادا نہ کیے جائیں ۶ے باب سی ام تیسواں باب، تواضع عاجزی خُلق پہلے دونوں حرف مضموم خلق حسن اچھی عادت رسانیدن پہنچانا خَلق پہلا حرف مفتوح دوسرا ساکن مخلوق، ۷ے ورزش اختیار، حاصل مصدر از ورزیدن نغز نرم مزاج زشت خویاں سخت مزاج والے (ف) اچھے اخلاق والوں سے خوش خلقی سے پیش آنا نیکی بدمزاج سے اچھی طرح پیش آنا چاہیے تاکہ وہ بھی خوش اخلاقی سیکھے اور آدمی اس کے شر سے محفوظ رہے، حافظ شیرازی فرماتے ہیں ؎
آسائش دو گیتی تفسیر ایں دو حرف است ۔ با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا

marfat.com

آنکس[۱] تواضع می کند با او بکن صد چند آں
ور کس تکبّر می کند صدقہ بداں با او کبر
چوں[۲] تو نخواہی با کسے بودن بیک جا مدّتے
گر روز را گوید شب ست بنمائی پروین ہم قمر
گر مردمے[۳] منکر شود با تو ستیزد ہر دمے
گوید حمارے اسپ گر تازی ست میگو ید حمر
رنجہ[۴] مشو اندوہ مکن خلقے چہ گوید بد ترا
مخلوق بدہا بر خدا گفتند ناید در حصر
از مدح[۵] کس خوش دل مشو اندوہ ز دشنامے مکن
از مدح کس نے نفع تو نے ہجو کس بکند ضرر
سخنے[۶] چہ گوئی با کسے بر قدر عقل او بگو
عالم چو بینی سامع است با او بگو ہم دُر و گہر
چوں[۷] تو بدانی جاہل ست فہمے ندارد از سخن
سخنے بگو ہم آنچناں در وے کند قدرے اثر

۱ صد چند سو گنا، تکبّر بڑائی کا اظہار (ف) بزرگ فرماتے ہیں التواضع مع المتواضعین حسنۃ والتکبر مع المتکبرین صدقۃ، عاجزی والوں سے عاجزی نیکی ہے اور تکبّر والوں سے تکبّر صدقہ ہے، یعنی اگر یہ نیت ہو کہ دوسرے آدمی کو تکبر کی برائی معلوم ہو تو متکبر سے تکبر کرنا جائز ہے ۲ بودن رہنا، مدّت عرصہ بنمائی تو دکھائے، پروین ثریا، ستارے، قمر چاند (ف) کسی کے ساتھ یکجا رہنے کے لیے ضروری ہے کہ اسے اپنے موافق کر لیا جائے یا اس کی موافقت اختیار کر لی جائے ۳ مردم لوگ منکر انکار کرنے والا ستیزد جھگڑتا ہے ہر دمے ہر وقت، حمار گدھا، اسپ گھوڑا، تازی عربی گھوڑا، حمر پہلے دو حرف مضموم جمع حمار (ف) مخلوق کی تکلیفیں برداشت کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ ان سے موافقت کی جائے، اگر کوئی شخص تمہاری بات نہیں مانتا تو تم اس کی بات مان لو اگرچہ گھوڑے کو گدھا ہی کہے ۴ رنجہ رنجیدہ اندوہ غم بدہا بری باتیں حصر شمار (ف) کسی کے برا کہنے سے تنگ دل نہ ہونا چاہیے لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے بارے میں کیا کچھ نہیں کہا یہاں تک کہا کہ حضرت عیسیٰ و عزیر علیہما السلام خدا کے بیٹے، فرشتے خدا کی بیٹیاں، بت خدا کے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے بلکہ ہر اس قباحت سے موصوف ہو سکتا ہے جس سے بندہ موصوف ہو سکتا ہے العیاذ باللہ تعالیٰ ۵ مدح تعریف، مشو نہ ہو، دشنام گالی، ہجو برائی، مذمت، ضرر نقصان (ف) جب کسی کی تعریف سے فائدہ نہیں برا کہنے سے نقصان نہیں تو خوش یا ناخوش ہونا چہ معنی دارد؟ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

نہ مرا نوش ز تحسیں نہ مرا نیش ز طعن
نہ مرا گوش بمدحے نہ مرا ہوش ذمے
منم و کنج خمولی کہ نہ گنجد در وے
جز من و چند کتابے و دوات و قلمے

۶ قدر مطابق، برابر سامع سننے والا، در و گہر، موتی، علمی نکات (ف) حدیث شریف میں ہے کلموا الناس علی قدر عقولہم لوگوں سے ان کی عقول کے مطابق گفتگو کرو، ۷ جاہل بے علم فہم سمجھ قدرے تھوڑا بہت۔

لطفے[1] و نرمی کن سخن قصدِ خریدن چوں کنی

باید فروشی ہم چنیں تا سود بینی زاں تجر

نفعے[2] رساں مر خلق را در بندِ نفعِ خود مشو

می کن چنیں تا زندہ بیشک شوی خیر البشر

ہرگز[3] ندیدم در کتب نشنیدہ ام از عالمے

نے چوں جزائے نافعاں باشند جزائے کس دگر

نانے[4] بدہ درویش را رستہ شوی در دو جہاں

نظرے کنی چوں بر گدا بر تو کند حق صد نظر

شصت[5] و سی صد چوں نظر بر ما کند حق روز و شب

دل تو کجا ہا می رود بارے بہ بیں اے بے بصر

رنجے[6] بکن دردے بکش راحت رساں مر خلق را

ایں کار دارد اجر ہا زیں نیست کارے خوبتر

شو[7] سنگ زیریں آسیا رنجے بکش نفعے رساں

ورنہ چو خیرہ مسخرہ نانے طلب از در بدر

خوش[8] وقت آں مرغے کہ او افتد بدام مردمے

او را فروشد نان خرد بدہد بزن دختر پسر

---

[1] لطف مہربانی، قصد ارادہ فروشی تو فروخت کرے، ہم چنیں اسی طرح نرمی کے ساتھ سود فائدہ، تجر تجارت کا مخفف ہے،

[2] رساں پہنچا صیغہ واحد حاضر فعل امر از رسانیدن، بند قید، مشو نہ ہو، می کن کر تا رہ، (ف) حدیث شریف میں ہے خَیرُ النَّاسِ مَن یَنفَعُ النَّاسَ بہترین شخص وہ ہے جو لوگوں کو فائدہ پہنچائے،

[3] ترجمہ میں نے کسی کتاب میں نہیں دیکھا نہ کسی عالم سے سنا کہ خلقِ خدا کو نفع پہنچانے والے کی مثل کسی دوسرے کو جزا ملے گی

[4] نان روٹی، رستہ نجات پانے والے، نظرے مہربانی کی ایک نظر گدا فقیر (ف) حدیث شریف میں ہے: اِرحَمُوا مَن فِی الاَرضِ یَرحَمکُم مَن فِی السَّمَاءِ تم زمین والوں پر رحم کرو اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے گا

[5] روز و شب دن رات، سی تین اس کا تعلق صد کے ساتھ ہے در اصل سہ تھا تخفیف کے لیے ہا کو یا سے تبدیل کر دیا گیا، شصت ساٹھ، صد سو ایک نسخے میں ہے شصت و سی صد چوں نظر بر ما کند حق روز و شب، کجا ہا کن جگہوں میں بارے ایک دفعہ بہ بیں دیکھ بے بصر نابینا، مطلب یہ کہ دن رات میں اللہ تعالیٰ بندوں پر رحمت کی تین سو ساٹھ نظریں فرماتا ہے تمہیں اس کے شکریے میں مخلوق پر رحمت کرنی چاہیے

[6] رنج تکلیف راحت آرام

[7] سنگ زیریں نچلا پتھر آسیا چکی، خیرہ بے حیا بعض نسخوں میں ہیتر ہے پہلا حرف مکسور ہیجڑہ، مخنث، مسخرہ بھانڈ، نقال (ف) اگر تم خدمتِ خلق انجام نہیں دے سکتے تو تمہارے ہیجڑے میں کیا فرق ہے؟ اپنے لیے روٹی تو وہ بھی حاصل کر لیتا ہے

[8] مرغ پرندہ، خوش وقت آں مرغے، وہ پرندہ کتنا اچھا ہے دام جال فروشد بیچے، خرد خریدے ایک نسخہ میں خورد ہے کھائے، زن عورت، بیوی، مطلب یہ کہ وہ پرندہ کتنا اچھا ہے جو لوگوں کے کام آ گیا۔

marfat.com

سائلؔ[1] چو آید پیش در راز تو نخواہد نانکے
منعے کنی چوں نان ازو یا خود کنی او را نہر
گوید[2] کہ خدا ناں خواستم مارا ندادی لقمہ

از در چو رانی سائلے گوید مرا اندی زدر
چوں[3] تو برانی سائلے زو باز داری لقمہ
یابی عذابے زیں گنہ سالے ہزارے در سقر
چوں[4] پیشہ بکنی نان دہی در بہشت یابی منزلت
خلعت بگیری از خدا تاجے نہی بر فرق سر
سائل[5] چو آید ہدیہ داں از حق تعالیٰ بر درت
صد چند کن تعظیم آں او را بہ بخشے ما قدر
ایتام[6] را پرورسے نانے بدہ ہم جامہ را
ہر لحظہ کن شفقت برو تا یاد ناید شاں پدر
خدمت[7] کند چوں مردمے باشد چو خادم پیش تو
باید نوازی ہر زماں او را بداں نور البصر
گر یک دو ناں[8] پیش آورند تو لقمہ لقمہ بخش کن
یابی فضیلت بیشتر آں ہر دو را تنہا مخور

[1] سائل مانگنے والا، در دروازہ نانکے چھوٹی سی روٹی، یا تصغیر کے لیے ہے، نہر ڈانٹ ڈپٹ (ف) ارشاد ربانی ہے وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْھَرْ سوالی کو زجر و توبیخ نہ کرو [2] نان روٹی، خواستم طلب کی، لقمہ روٹی کا ٹکڑا جو ایک دفعہ منہ میں ڈالا جاتا ہے، رانی تو واپس کرے

(ف) یہ حدیث قدسی کا ترجمہ ہے بندہ عرض کرے گا یا اللہ تو طلب کرنے سے بے نیاز ہے فرمائے گا سائل کو جواب دینا مجھے جواب دینا ہے، [3] خزانہ جلالی میں حدیث شریف ہے کہ جو شخص سائل کو ڈانٹ پلائے گا اسے دوزخ میں ہزار سال تک عذاب دیا جائے گا ۱۲ شرح [4] نان دہی، مصدر کے معنی میں ہے روٹی دینا در بہشت اس کی بجائے اگر "جنت بیابی منزلت"، پڑھا جائے تو شعر کا وزن درست ہو جائے گا، خلعت پوشاک فرق سر، سر کی مانگ [5] ہدیہ تحفہ ما قدر، جو کچھ ہو سکے (ف) حدیث شریف میں ہے اَلسَّائِلُ ھَدِیَّۃُ اللہِ اِلَی الْغَنِیِّ، سائل اللہ تعالیٰ کا تحفہ ہے مالدار کے لیے، [6] ایتام جمع یتیم وہ بچہ جس کا والد فوت ہو گیا ہو جامہ کپڑا، ہر لحظہ ہر گھڑی شفقت مہربانی، شاں ان کو پدر باپ (ف) حدیث شریف میں ہے اَنَا وَکَافِلُ الْیَتِیْمِ کَھَاتَیْنِ فِی الْجَنَّۃِ میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا جنت میں (انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) ان دو کی طرح ہوں گے [7] خادم خدمت کرنے والا، نوکر، نوازی تو عزت کرے نور البصر آنکھ کا نور، بیٹا (ف) خادم کی ضروریات کا اولاد کی طرح خیال رکھنا چاہیے [8] اگر کسی شخص کو کھانا آئے تو اس میں سے کچھ خادموں اور حاضرین کو بھی کھلانا چاہیے، تمام کھانا تنہا نہیں کھانا چاہیے۔

marfat.com

ای[۱] حکمہا بر اغنیا نے بر فقیر و گرسنہ
او خود بود محتاج ناں نانے کجا بدہد دگر[۲]

باب[۳] اسی و یکم در بیان حلم و غضب مے گوید

حلمے[۴] بکن با جملگی محبوب گردی بیشکے
ہرگز نباشد نزدِ حق از حلم چیزے خوبتر

جاہل[۵] چو گوید بد ترا حلمے بکن چیزے مگو
خلقے ترا ناصر شود بکنند یاری یک دگر

مردم چو خوانند علمہا عالم شوند اندر جہاں
حلمے نباشد چوں درو شجرے بدانی بے ثمر

خشمے[۶] مکن بر ہیچکس غاضب بداں مغضوب حق
چوں بر تو بکند کس غضب سخنی مگو می کن صبر

عفوی[۷] بکن بر مردماں خشمیکہ داری خور فرو
تا ہیچکس نزدیک حق چوں تو نباشد دوست تر

خشمے[۸] بباید چوں ترا کوہے نماید نزدِ تو
آں خشم چوں خوردی فرو یابی مزہ شہد و شکر

---

[۱] حکمہا جمع حکم اغنیا جمع غنی مالدار گرسنہ بھوکا محتاج ناں، روٹی کا حاجتمند دگر دوسرا [۲] باب سی و یکم اکتیسواں باب حلم بردباری، برداشت، غضب غصہ [۳] جملگی تمام (ف) بطور مبالغہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حلم سے کوئی چیز بہتر نہیں ہے، یہ مطلب نہیں کہ حقیقۃً باقی صفات حلم سے کم ہیں [۴] جاہل بے علم، اجڈ ناصر مددگار، یاری امداد یک دگر مل جل کر (ف) اگر جاہل تم سے بدکلامی کرتا ہے تو تحمل سے کام لو سننے والے خود اسے ملامت کریں گے [۶] شجر درخت ثمر پھل (ف) عالم بے ثمرہ اچھی صفات ہیں جس عالم میں حلم نہیں وہ ایسا درخت ہے جس کا پھل نہیں ہے [۶] خشم غصہ غاضب غصہ کرنے والا مغضوب حق جس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہے [۷] عفو معاف کرنا، خور فرو پی جا (ف) ارشاد باری تعالیٰ ہے وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ، ایمان والوں کی صفت یہ ہے کہ وہ غصہ پی جاتے ہیں اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں اور اللہ احسان کرنے والوں کو پسند رکھتا ہے، [۸] کوہ پہاڑ (ف) غصّے کا برداشت کرنا بہت گراں دکھائی دیتا ہے جب آدمی غصہ پی لے تو اسے شہد و شکر کی لذت حاصل ہوتی ہے۔

marfat.com

دا۱ں اہلِ جنّت آں کسے درو بے چو بینی ایں صفت
ناگہ کند خشمے بکس، ہم باز آید زود تر

چوں۲ علم کس را داد حق با حلم شد آں منتظم
چوں او نباشد بیغمے اندر جہاں مردے دگر

خشمے۳ کہ آید مر ترا استادہ باشی می نشیں
ور شستہ باشی خسپ تو الّا بنوش آب اے پسر

خشمے۴ کہ بکنی روز را تا شب نباشی ہمچناں
خشنود کن مغضوب را یابی جزائے بیشتر

جا۵ئیکہ خصمے بد بود کشتن ہمی خواہد ترا
حلمے مکن گر دد زیاں می کُن جوابش سخت تر

باب۶ سی و دوم در بیان امر از معروف و نہی از منکر گوئید

شد۷ امر معروف فرض ہم شد نہی از منکر ہمی
بر جملہ مومن مسلماں پیر و جواں ہم بندہ حُر

---

۱ ناگہ اچانک زود تر بہت جلد (ف) اہلِ جنّت کی یہ صفت ہے کہ اگر کبھی اچانک غصہ آ بھی جائے تو اسے فوراً پی جاتے ہیں ۲ حق اللہ تعالیٰ، منتظم جمع بیغمے بے خوف ایک نسخے میں ہے منعمے مال دار (ف) طریقہ محمدیہ میں حدیث شریف میں ہے جس شخص میں تین خصلتیں ہوں گی اللہ تعالیٰ اسے اپنے دامنِ رحمت میں جگہ دے گا اس کی پردہ داری فرمائے گا اور اسے جنت میں داخل فرمائے گا اِذَا اُعْطِیَ شَکَرَ وَاِذَا قَدَرَ غَفَرَ وَاِذَا غَضِبَ فَتَرَ جب اسے نعمت دی جائے تو شکر کرے جب قدرت پائے تو بخش دے اور غضبناک ہو (امورِ شرعیہ کی مخالفت کی بنا پر) تو سختی کرے ۳ خشم غصہ استادہ کھڑا ہوا، می نشیں بیٹھ جا، ور اور اگر شستہ بیٹھا ہو، در اصل نشستہ تھا خسپ لیٹ جا، سو جا الّا ورنہ دراصل اِن لا تھا آب سرد تر خوب ٹھنڈا پانی ایک نسخہ میں ہے "الّا بنوش آب اے پسر" (ف) آدمی کو جب غصہ آئے تو کھڑا ہو تو بیٹھ جائے بیٹھا ہو تو لیٹ جائے یا ٹھنڈا پانی پی لے یا وضو کرے غصہ جاتا رہے گا یا کم ہو جائے گا ۴ تا ہرگز خشنود راضی مغضوب وہ شخص جس سے ناراضگی ہے ۵ جائیکہ جس جگہ کشتن قتل کرنا زیاں نقصان (ف) اگر ناراضگی کا سبب ذاتی معاملہ ہو تو درگزر کرنا چاہیے لیکن اگر کوئی بے دینی کا اظہار کرے یا درپے قتل ہو تو اسے سخت جواب دینا چاہیے ۶ باب سی و دوم، بتیسواں باب امر حکم. معروف نیکی نہی منع کرنا منکر گناہ، ناپسندیدہ ۷ جملہ تمام پیر بوڑھا بندہ غلام، حُر آزاد (ف) قرآن پاک میں ایمانداروں کا یہ وصف بیان فرمایا ہے تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو، حدیث شریف میں ہے جو شخص برا کام دیکھے تو اسے ہاتھ سے روکے یہ نہ ہو سکے تو زبان سے ورنہ دل سے برا جانے اور یہ ایمان کا ضعیف درجہ ہے۔

marfat.com

تذکیر را چوں بشنوی از گوشِ دل نیکو شنو
زشتے بگوید یا حسن خُذ ما صَفا دَعْ ما کَدَر

پندے چو گوید عالمے آں را بصد عزت شنو
در فسق او نظرے مکُن در علم او می کن نظر

از امر کردن یا منع چوں کس عداوت می کند
بگذار امر و منع ہم از وے بکن کلّی حذر

پندے چو خواہی تا دہی اوّل بدہ مر خویش را
پس پند دہ مر اہل را منکوحہ دختر یا پسر

سرگیں گلابہ منع شد کہگل مکن دیوار را
سرگیں گلابہ چوں کنی گردد ملائک منتفر

پا چک مپز تو دیگ و ناں گرچہ شود خاکسترے
گوید نجس آں خاک را یوسف امام معتبر

ل تذکیر وعظ نصیحت، گوشِ دل، دل کا کان، توجہ، نیکو اچھی طرح شنو سن، زشتے بری گفتگو، حسن اچھی خُذ ما صفا صاف ستھری چیز لے لو دَعْ ما کدر، نا صاف چھوڑ دو (ف) تقریر اگر رطب و یابس پر مشتمل ہو تو اسے بالکل ہی چھوڑ دینا صحیح نہیں کام کی بات سن کر پلے باندھ لو غیر ضروری بات چھوڑ دو ٢ پند نصیحت فسق بد عملی (ف) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد ہے اُنْظُرْ اِلٰی مَا قَالَ وَلَا تَنْظُرْ اِلٰی مَنْ قَالَ یہ نہ دیکھو کس نے کہا ہے (یعنی با عمل ہے یا بے عمل ہے) یہ دیکھو کہ کیا کہا ہے، البتہ بدعقیدہ اور بے دین کی گفتگو نہیں سننی چاہیے مبادا اس کی کوئی غلط بات دل میں بیٹھ جائے ٣ عداوت دشمنی بگذار چھوڑ دے حذر پرہیز (ف) فتاویٰ برہنہ میں ہے اگر آدمی کو معلوم ہو کہ میری بات سنی جائے گی تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر واجب ہے ورنہ واجب نہیں یعنی خاموشی اختیار کر سکتا ہے ٤ نصیحت پر پہلے خود عمل کرنا چاہیے پھر اپنی بیوی اور اولاد کو حکم دینا چاہیے حدیث شریف میں ہے کُلُّکُمْ رَاعٍ وَ کُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِیَّتِہٖ تم میں سے ہر شخص محافظ ہے اور ہر ایک سے بازپرس ہوگی پھر دوسروں کو نصیحت کی جائے ارشاد باری تعالیٰ ہے اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَکُمْ کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھلا دیتے ہو ٥ سرگیں گوبر، گلابہ کیچڑ گل (مٹی) اور آب (پانی) کا مجموعہ کہگل لپائی ملائک فرشتے منتفر نفرت کرنے والا (ف) مٹی میں گوبر زیادہ ہو یا صرف گوبر ہو تو اس سے گھر اور دیوار کی لپائی کرنا ممنوع اور فرشتوں کی نفرت کا باعث ہے، گذشتہ شعر میں کہا تھا کہ پہلے خود نیکی پر عمل پیرا ہونا چاہیے اس مناسبت سے یہ مسئلہ بیان کر دیا کہ مبلغ اور محتسب کو اپنا ظاہر و باطن اور اسی طرح اپنی رہائش بھی پاک صاف رکھنی چاہیے ٦ پاچک اوپلہ مپز نہ پکا صیغہ واحد حاضر فعل نہی از پختن، دیگ ہنڈیا ناں روٹی خاکستر راکھ نجس پلید، یوسف امام ابو یوسف حضرت امام ابو حنیفہ کے شاگرد رشید اور ہارون الرشید کے دور کے چیف جسٹس، (ف) امام ابو یوسف کے نزدیک گوبر وغیرہ کی راکھ پلید ہے امام محمد کے نزدیک پاک ہے اور اسی پر فتویٰ ہے، پہلے قول کی رعایت کرتے ہوئے روٹی کو راکھ پر رکھ کر نہ پکانا چاہیے اسی طرح یہ بھی نہ چاہیے کہ ہنڈیا راکھ پر رکھ کر اس کے گرد اوپلے کی راکھ اوپر تک جمع کر دی جائے اگر توے پر روٹی پکائی جائے تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں۔

marfat.com

از[1] شہر بعضے مرداں بکنند عصیاں ہم گنہ
مانع نگردد دیگراں گیرد بلاشاں عام تر
ترک[2] کنی معروف را نے نہی از منکر کنی
افتی تو ہم اندر بلا خود را یکے زیشاں شمر

باب سی و سوم[3] دربیان سماع و رقص و سرود می گوید

داں نعمتے[4] صوتِ حسن ہم بخشش از حضرت خدا
تو زینوا الحاکم بر خواں حدیث مشتہر
آواز[5] خوش جاں بشنود قوتش رسد عاشق شود
خواہد نختیں جائے خود قصدے کند سوئے زبر
زور[6]ے کند کاید بروں قالب بگیرد دامنش
ایں نوع را تو رقص خواں تاکے ترا باشد خبر
سر[7]ے خدا دانی سماع محروم زیں نعمت بسے
مرداں بدانند قیمتش نامردکے داند قدر

[1] عصیاں نافرمانی مانع روکنے والا (ف) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے راوی ہیں کہ جس قوم میں گناہ کیے جاتے ہوں اور وہ قدرت کے باوجود انہیں منع نہ کریں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں بلاءِ عام میں مبتلا فرمادے [2] ترک کنی معروف را، تو نیکی کے حکم دینے کو ترک کرے (ف) جس شخص کو برے کام سے روکنے کی قدرت ہو اور ضرر کا خطرہ نہ ہو اسے روکنا واجب ہے حدیث شریف میں ہے اِنَّ السَّاکِتَ عَنِ الْحَقِّ شَیْطَانٌ اَخْرَس حق بیان کرنے سے خاموش رہنے والا گونگا شیطان ہے [3] باب سی و سوم تینتیسواں باب سماع سننا، قوالی، رقص ناچنا سرود گانا، خوش آوازی سے پڑھنا [4] نعمتے میں یاء عظمت کے لیے ہے زَیِّنُوا الْحَاکِم قرآن پاک خوش آوازی سے پڑھو، حدیث شریف میں ہے زَیِّنُوا اَصْوَاتَکُم بِالْقُرْاٰن، مصنف نے روایت بالمعنی ذکر کی ہے مشتہر مشہور، (ف) قرآن پاک اچھی آواز سے پڑھنا مستحسن ہے لیکن گویّوں اور قوالوں کی طرح بگاڑ کر پڑھنا حرام ہے ۱۲ شرح [5] قوت روزی، خوراک، نختیں پہلی قصدے ارادہ زبر اوپر (ف) چونکہ روح کا تعلق عالمِ بالا سے ہے اور اچھی آواز اس کی غذا ہے اس لیے اچھی آواز سن کر اپنے اصلی مقام کی طرف جانا چاہتی ہے [6] بروں باہر قالب جسم نوع قسم (ف) اولیاء کرام کا رقص اور وجد اس قسم سے تعلق رکھتا ہے اور غیر اختیاری ہوتا ہے، تکلف اور تصنع کے ساتھ رقص اور اضطراب کا اظہار مذموم ہے [7] سر راز، مرداں کاملین نامرد ناقص۔

۱؎ روا جائز میرد مر جائے حذر پرہیز (ف) حضرت مصنف فرماتے ہیں سماع اس شخص کے لیے جائز ہے جس کی خواہشات نفسانی مرچکی ہوں اور روح اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کی ملاقات کے شوق سے زندہ ہو ورنہ اس سے اجتناب بہتر ہے ۲؎ تحمید الحمد للہ کہنا مجذوب کھینچا ہوا، بے خود

۱؎ اورا سماع باشد روا آنکس کہ میرد نفس او
جانے بود زندہ درو ورنہ ترا بہتر حذر

۲؎ چوں بشنوی صوتِ حسن تحمید گو بر حال خود
مجذوب چوں گردی ازو پیدا شود حالِ دگر

۳؎ تا مر ترا قوت بود رقصِ مکن اے جانِ من
منکر مشو ایں حال را داں قیل وقال بیشتر

۴؎ مطلق بداں حرمت غنا مشغول لاہی ہیچگہ
طنبور بربط چنگ و نے جملہ حرام ست در خبر

۵؎ در طبل ہم حرمت بداں اِلّا کہ طبلِ غازیاں
دف ہم مزن در ہیچ جا جز در عروسی اے پسر

۶؎ دانی غنا افسوں زنا از سر ہوا چوں بشنوی
بیشک بیفتی در بلا بر بند زیں کلی نظر

۷؎ اندر سماع چوں بشنوی کس نعرہ آہے می زند
ہرگز مشو مغرور زاں شاید کہ باشد از مکر

(ف) حالت جذب اور بیخودی میں جو افعال غیر اختیاری طور پر صادر ہوں ان پر ملامت نہیں ہے ۳؎ قوت طاقت، برداشت، قیل وقال گفتگو، بیشتر بہت زیادہ (ف) اگرچہ سماع اور رقص کے بارے میں مختلف اقوال ہیں تاہم اولیاء کرام کے حال کا منکر نہ ہونا چاہیے ۴؎ مطلق عام، بغیر کسی قید کے، غنا گانا ملاہی جمع ہو، کھیل کود جیسے شیخ کی جمع خلافِ قیاس مشائخ ہے ہیچگہ کسی جگہ، طنبور پہلا حرف مضموم سارنگی بربط رباب، بڑی سارنگی اس میں ایک پیالہ بڑا اور دو تین چھوٹے ہوتے ہیں، طنبور اور بربط دونوں ہاتھ سے بجائے جاتے ہیں چنگ ایک ساز جو منہ سے بجایا جاتا ہے، نے بنسری خبر حدیث شریف (ف) لہو ولعب کے طور پر گانا سننا اور بجانا مطلقاً حرام ہے خواہ آلات کے ساتھ ہو یا اس کے بغیر، حدیث شریف میں ہے استماع صوت الملاھی معصیۃ والجلوس علیہا فسق والتلذذ بہا من الکفر، لہو لعب کا گانا سننا گناہ ہے اس پر بیٹھنا فسق ہے اور اس سے لذت حاصل کرنا کفر ہے یعنی ناجائز ہے ۱۲ شرح ؎

آ تجھ کو بتاؤں میں تقدیر امم کیا ہے
شمشیر وسناں اول طاؤس و رباب آخر

۵؎ طبل ڈھول اِلّا مگر، صرف استثناء، طبلِ غازی وہ ڈھول جو مجاہدین کی فتح کے موقع پر بجایا جاتا ہے (ف) ڈھولکی جسکی ایک جانب چمڑہ لگا ہوتا ہے، عروسی شادی (ف) مختصر احیاء العلوم میں ہے کہ اوقات سرور میں سماع، سرور کو تقویت دیتا ہے لہٰذا اگر سرور مباح ہے تو سماع بھی مباح ہے مثلاً عید اور شادی کے موقع پر ۱۲ شرح ۶؎ غنا گانا، افسوں منتر خیال ہوا خواہش نفسانی، بیفتی تو گرے گا، (ف) بعض روایات میں ہے الغناء رقیۃ الزنا گانا زنا کا منتر ہے یعنی اس تک پہنچانے والا ہے ۷؎ نعرہ بلند آواز مغرور فریب خوردہ، مکر فریب،

marfat.com

بابِ سی و چہارم در بیانِ لاغ بازی و نرد و شطرنج گوید

بازی حرام ست جملگی جز لاغ بازی اہلِ خود

آنکس کہ بازی می کند او در بداں چوں گاؤ خر

در نرد یا شطرنج کس دستے ببازی می کند

در لحم خوکاں خونِ شاں گوئی کند او دست تر

در نرد یا شطرنج چوں بیند کسے نظرے کند

در شرمگاہِ مادراں آنکس کند گوئی نظر

حضرت خدا بر مسلمے سی صد نظر روزے کند

شطرنج بازاں زیں نظر محروم دانی اے پسر

شطرنج بازی شافعی لاباس گوید آں زباں

گروی نباشد درمیاں فحشے نگوئید یک دگر

---

۱ باب سی و چہارم چونتیسواں باب، لاغ بیہودہ گوئی، ظرافت، نرد شطرنج کے مقابل ایک کھیل جس میں چھ خانے ہوتے ہیں ۲ بازی کھیل گاؤ گائے خر گدھا (ف) حدیث شریف میں ہے کل لھو مؤمن باطل الا ثلاثۃ تادیبہ فرسہ ورمیہ عن قوسہ وملاعبتہ مع اھلہ مومن کی ہر کھیل بے فائدہ ہے سوائے تین کے گھوڑے کو سدھانا، تیر اندازی (یہ جہاد کی تیاری ہے) اور اپنے اہل سے خوش طبعی کرنا، مصنف کا مقصد حصر نہیں بلکہ مواضع مشروعہ کا استثنا ہے ۱۲ شرح،

۳ بازی کھیل لحم گوشت خوکاں جمع خوک خنزیر، سور تر گیلا (ف) نرد شیر کھیلنے والا مردود الشہادۃ ہے شطرنج میں اگر مال کی شرط لگائی گئی ہو یا اسکے سبب نماز وقت مستحب سے فوت ہو جائے یا اس میں جھوٹی قسمیں کھائی جائیں ایسا شخص فاسق مردود الشہادۃ ہے ارشاد ربانی ہے انما الخمر والمیسر والازلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوہ لعلکم تفلحون، شراب، جوا اور پانسے پلید ہیں، شیطانی عمل ہیں ان سے بچو تاکہ کامیاب ہو جاؤ. طریقہ محمدیہ میں حضرت بریدہ سے مرفوعا روایت ہے جو نرد شیر سے کھیلتا ہے گویا خنزیر کے گوشت اور خون میں ہاتھ ڈبوتا ہے ۱۲ شرح ۴ مادراں جمع مادر (ف) یہ نرد اور شطرنج وغیرہ کھیلوں کے دیکھنے کا حکم ہے، طریقہ محمدیہ میں ہے. مشاھدۃ المعاصی عن رضا نفسہ حرام، خوشی سے معاصی کو دیکھنا حرام ہے ۵ سی صد تین سو، اس سے پہلے مصنف تیسویں باب میں فرما چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر دن میں بندے پر رحمت کی تین سو ساٹھ نظریں فرماتا ہے، (ف) چونکہ ایسے کھیل خواہش نفسانی کے تحت ہوتے ہیں یادِ خداوندی اور نماز سے غفلت کا سبب بنتے ہیں اس لیے اللہ تعالیٰ کی نظرِ رحمت سے محرومی کا سبب ہیں ۶ شافعی محمد بن ادریس شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ چار اماموں میں سے ایک امام لاباس حرج نہیں، یہ کلمہ خلاف اولیٰ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے گروی مال کی شرط فحشے بدکلامی، گالی گلوچ (ف) امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اگرچہ شطرنج کو جائز قرار دیتے ہیں لیکن اس شرط کے ساتھ کہ نماز فوت نہ ہو، مال کی شرط نہ ہو، بدکلامی نہ ہو، جیتنے والا فخر نہ کرے اور مقصد یہ ہو کہ اس طرح میدانِ جنگ کی تدبیریں معلوم ہوں گی۔

marfat.com

چوں[۱] کس سلامے می دہد گوید علیک او را رواں
نے فوت وقتے زو شود باشد ازاں نے مفتخر
تعلیم[۲] غزوے کافراں باشد ہمیں اصلی غرض
وز بہر دفع ناخوشی یک ساعتے اے نامور
رگروے[۳] چو باشد درمیاں محظور مطلق آں زماں
در لہو بازی مرد ماں بینی بکن شاں صد زجر
بازی[۴] کبوتر ہم مکن مردود گردی در شرع
چوں تو پرانی آں زماں ملعوں شوی ہم خاکسر
اسپے[۵] دوانی یا شتر تیرے فرستی یا دوے
دانی روا ایں چیز ہا گروی دریں جائز شم
شرط[۶] گرو ہر دو طرف بیشک حرام ست جان من
دانی حلال از یک طرف آید میاں ثالث نفر

۱ علیک سلام کا جواب وعلیکم السلام، مفتخر فخر کرنے والا ۲ تعلیم سکھانا غزوے جہاد غرض مقصد، ناخوشی پریشانی، تھکاوٹ ساعتے ایک گھڑی، ۳ گروی مال کی شرط محظور ممنوع مطلق قید کے بغیر زجر ڈانٹ ڈپٹ (ف) حضرات احناف اور شافعیہ کا اختلاف اس وقت ہے جب شرط کے بغیر کھیلا جائے اگر شرط لگائی گئی ہو تو یہ جوا ہوگا اور ناجائز ۴ پرانی تو اڑائے، ملعون لعنتی خاکسر (ف) کبوتر اڑانے والے چھت پر چڑھ کر کبوتر اڑاتے ہیں جس سے دوسروں کی بے پردگی ہوتی ہے ۵ اسپ گھوڑا دوانی تو دوڑائے شتر اونٹ فرستی تو بھیجے صیغہ واحد حاضر فعل مضارع از فرستادن، دوے دوڑنا روا جائز شم گن (ف) یہ امور جہاد کی تیاری کے ضمن میں آتے ہیں ان میں یک طرفہ شرط جائز ہے مثلاً ایک شخص کہے کہ اگر تم جیت گئے تو انعام دونگا اور اگر میں جیت گیا تو تم کچھ بھی نہ دینا ۶ ثالث تیسرا نفر شخص (ف) مقابلے میں شرط لگانے کی تین صورتیں ہیں (۱) دو طرفہ شرط یعنی دو شخصوں میں سے ہر ایک کہے کہ اگر تم سبقت لے گئے تو میں تمہیں اتنی رقم دوں گا اور اگر میں سبقت لے گیا تو اتنی رقم لوں گا یہ جوا ہے اور حرام ہے (۲) یک طرفہ شرط ہو ایک شخص کہے کہ اگر تم سابق ہو گئے تو اتنا انعام دوں گا اور اگر میں سابق ہوا تو تم کچھ نہیں دو گے یہ جائز ہے (۳) تیسرا شخص درمیان میں آجائے جس کے بارے میں یقین نہیں کہ وہ سبقت لے جائے گا یا پیچھے رہے گا، دو شخص اسے کہیں کہ اگر تم ہم دونوں سے آگے نکل گئے تو ہم اتنا انعام دیں گے اور اگر تم پیچھے رہ گئے تو تمہیں کچھ نہ دینا پڑے گا اب اگر وہ شخص پیچھے رہ گیا تو باقی دونوں میں سے جو آگے نکل گیا دوسرا اسے مقررہ انعام دے گا یہ بھی جائز ہے، شارح کہتے ہیں دوسرے مصرع سے معلوم ہوتا ہے کہ یک طرفہ شرط تب حلال ہے جب تیسرا شخص درمیان میں آجائے اور یہ غلط ہے کیونکہ تیسرے شخص کی ضرورت دو طرفہ شرط میں ہے یک طرفہ شرط میں ضروری نہیں، ممکن ہے اس جگہ یا محذوف ہو یعنی یک طرفہ شرط حلال ہے یا جب تیسرا شخص درمیان ہو۔ اب دوسرا مصرع درست ہوگا۔

marfat.com

ہر کہ[1] کبوتر پائے پر یابی خروسے تاج سر
از خود مکن ہر دو جُدا تا دیو ناید خانہ در

شکرہ[2] پرانی دائما از بہر صید ہر زماں
ایں وجہ وجہے پاک داں میکن شکار ای شہ پسر

با سگ[3] مکن بازی کہے ناقص شود اعمالِ تو
جُز سگ کہ باشد پاسباں یا صید گیرد از قہر

خالق[4] نگہباں مر ترا از سگ نگہبانی مجو
میکن توکّل بر خدا ورنہ توئی از سگ بتر

ور سوئے[5] صیدے تیر را چوں تو فرستی یا سگے
شکرہ پرانی سوئے آں گو تسمیہ تعجیل تر

باشد سگے[6] آموختہ از صید چیزے کم خورد
ہم شکرہ باید آنچناں خوانی دواں آید بسر

گیرند[7] ایشاں صید را با جرح میرد صید چوں
ذبحے نہ حاجت اندراں مذبوح داں طیّب شمر

گر زندہ[8] یابی ذبح کن در میرود دُنبال سُورد
باید نہ شینی از طلب گر مُردہ یابی خوش بخور

---

[1] پائے پر وہ کبوتر جس کی ٹانگوں پر پر ہوں اسے حمام مسرول کہتے ہیں، خروس مرغ، تاج سر جس مرغ کے سر پر پروں کی کلغی ہو، دیو جن (ف) ایسے جانوروں کا گھر میں رکھنا باعثِ برکت اور جنات سے محفوظ رہنے کا ذریعہ ہے، لیکن لہو و لعب کے لیے نہ ہو،

[2] شکرہ شکاری پرندہ پرانی تو اڑائے دائما ہمیشہ یعنی کبھی کبھی، صید شکار (ف) گاہے بگاہے جنگلی جانوروں کا شکار حلال ہے بشرطیکہ لہو و لعب یا پیشہ کے طور پر نہ ہو

[3] سگ کتا بازی کھیل، پاسباں محافظ صید شکار قہر غلبہ (ف) گھر، کھیتی یا ریوڑ کی حفاظت یا شکار کے لیے کتا رکھنا جائز ہے ورنہ نقصان عمل کا موجب ہے حدیث شریف میں ہے جس نے کھیتی یا چوپایوں کی حفاظت کے علاوہ کتا رکھا اسکے عمل سے ہر دن ایک قیراط کم ہو جاتا ہے ۱۲ شرح

[4] خالق پیدا کرنے والا، اللہ تعالیٰ، نگہباں محافظ، مجو نہ ڈھونڈھ، توکل بھروسہ بتر دراصل بدتر تھا (ف) بہتر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا جائے اور کتے وغیرہ کی حفاظت کا سہارا نہ لیا جائے

[5] سوئے طرف فرستی تو نے بھیجا تسمیہ بسم اللہ شریف تعجیل جلدی (ف) شکار کی طرف تیر پھینکنے اور کتا یا شکرہ چھوڑنے کے ساتھ ہی بسم اللہ شریف کا پڑھنا شرط ہے

[6] آموختہ سدھایا ہوا، کم خورد کا مطلب یہ ہے کہ نہیں کھاتا، دواں دوڑتا ہوا (ف) جانور کے سدھائے ہوئے ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب اسے بلایا جائے واپس آجائے اور شکار کو نہ کھائے

[7] جرح زخم مذبوح ذبح کیا ہو طیّب پاک شمر گن

[8] دُنبال پیچھے نشینی تو نہ بیٹھے طلب تلاش مردہ مرا ہوا خور کھا،

marfat.com

وز گز[1] چو بزنی صید را جرحے نشد مردار داں
در آب افتد بام ہم آں صید را ہرگز مخور
در آتشے[2] سوزد ورا مردار دانی بیشکے
روشن بکردم پیشِ تو ایں مسئلہ چوں شمس و قمر

باب[3] سی و پنجم در بیان ذبح کردن و خوردن جانوراں

بسمل[4] چو خواہی تا کنی گو تسمیہ ذبحے بکن
گر ترک گیری عامداً مُردار شد زاں کن حذر
ذابح[5] چو باشد مسلمے مردے بُود خواہی زنے
یا کودکے عاقل بود کو ذبح داند ہم بخور
در ذبح بُبری[6] چار رگ حلقوم دو شہ رگ ہم مری
زین جملہ گر بری سہ رگ حلقوم باشد یا دگر
مذبوح باشد بیشکے آں را بخور از جان و دل
کردی فراموش[7] تسمیہ پاکش بداں فوراً بخور

لے گز نیزہ آب پانی، بام چھت (ف) شکار کو اگر تیز دھار آلے سے بسم اللہ شریف پڑھ کر زخمی کیا جائے اور وہ مرجائے تو حلال ہے اور اگر چوڑائی یا دستے کی طرف سے مارا اور وہ چوٹ لگنے سے مر گیا تو حلال نہیں، اسی طرح اگر شکار زخمی ہو کر پانی میں گرا یا چھت اور دیوار پر گر کر نیچے گر گیا اور مر گیا تو حلال نہیں ہے

ے۲ آتش آگ سوزد جل جائے ورا اس کو، شمس سورج قمر چاند (ف) جانور آگ میں گر کر ہلاک ہو گیا تو حلال نہیں ہے

ے۳ باب سی و پنجم پینتیسواں ۳۵ باب،

ے۴ بسمل ذبح کرنا، تسمیہ بسم اللہ شریف ترک گیری تو چھوڑ دے عامداً جان بوجھ کر حذر پرہیز (ف) ذبح دو قسم ہے:
(۱) اضطراری جانور کے جسم پر زخم لگانا جب گلے پر زخم لگانا ممکن نہ ہو؛
(۲) اختیاری گھنڈی اور سینہ کے درمیان تیز دھار آلہ سے رگوں کا کاٹنا

ے۵ ذابح ذبح کرنے والا زن عورت کودک بچہ، عاقل سمجھ دار، عاقل کا مطلب یہ ہے کہ بسم اللہ اللہ اکبر پڑھنا جانتا ہو اور عقیدہ رکھتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کا نام پاک لے کر چار میں سے تین کاٹ دینے سے جانور حلال ہو جائے گا اس کے علاوہ رگوں کے کاٹنے پر قدرت بھی رکھتا ہو

ے۶ بُبری تو کاٹے حلقوم وہ رگ جس میں سانس کی آمد و رفت ہوتی ہے دو شہ رگ دو بڑی رگیں گردن کی اگلی جانب جن میں خون کی آمد و رفت ہوتی ہے انہیں وَدجان کہتے ہیں مری پہلا حرف مفتوح بروزن فعیل وہ رگ جس میں سے خوراک معدہ تک جاتی ہے دگر دوسری (ف) ذبح کے وقت چار رگوں میں کوئی سی تین رگیں کاٹنا شرط ہے

ے۷ فرامش مخفف فراموش بھلایا ہوا، فوراً جلد (ف) مسلمان ذبح کرے اور بسم اللہ شریف بھول جائے تو حرج نہیں اگر قصداً ترک کرے گا تو جانور حرام ہوگا۔

ؔاہلِ کتاب و صابیاں وز اہلِ قبلہ ہر کہ ہست
مذبوحِ شاں باشد روا طیب بداں ہم خوبتر
ؔبسمل کنی از بہرِ بُت یا در عمارت چاہ و جُوئے
وقتیکہ آید نوعروس آید کسے از خواہ سفر
ؔیا زحمتی نیکو بود یا بہرِ زرع و باغ و رز
آباد بکنی موضعے یا میر آید در شہر
ؔمکروہ باشد ایں ذبح کس را نشاید تا خورد
جُز اہلِ سجن و بندیاں آں کس کہ باشد مفتقر
ؔغیر ایں خلق بر ہیچکس نرسد کہ بخورد لحم آں
مُردار داں مذبوح را ذابح چو کافر می شمر
ؔچنگل کہ دارد طائرے پشک بہائم ہم مخور
داں پشک و چنگل ہر دو را باشد سلاح ای نامور

لے اہلِ کتاب یہودی اور عیسائی، صابیاں عیسائیوں کا ایک فرقہ جو یہودیت کی طرف میلان رکھتا ہے، تفسیر حسینی میں ہے یہ ایک گروہ ہے جس نے کچھ حصہ عیسائیت سے اور کچھ مجوسیت سے اپنے لیا ہے اور فرشتوں کی عبادت کرتے ہیں، ان کا ذبیحہ حضرت امام اعظم کے نزدیک حلال اور صاحبین کے نزدیک مکروہ ہے، اہلِ قبلہ وہ مسلمان جو ضروریات دین میں سے کسی چیز کا منکر نہیں ہے، حنفی ہو یا شافعی، مالکی ہو یا حنبلی ۲ے بسمل ذبح عمارت تعمیر، چاہ کنواں جوئے نہر، نوعروس نئی دلہن ۳ے زحمتی بیمار نیکو تندرست، زرع کھیتی رز انگور کی بیل، میر حاکم ۴ے مکروہ کراہت تحریمی کے ساتھ ذبح بمعنی مذبوح نشاید لائق نہیں، تا بمعنی کہ اہلِ سجن قید خانے والے، بندیاں قیدی مفتقر محتاج ۵ے لحم گوشت مُردار حرام، ذابح ذبح کرنے والا (ف) قہستانی اور فتاوی برہنہ میں ہے کہ اگر کوئی شخص بسم اللہ اللہ اکبر پڑھ کر ذبح کرے اور حاکم یا ایسے ہی کسی بڑے آدمی کی آمد کے لیے ذبح کرے وہ جانور حلال نہیں ہے کیونکہ یہ حاکم کی تعظیم ہے نہ کہ اللہ تعالیٰ کی اسی لیے گوشت پکا کر حاکم کے سامنے نہیں رکھتے لیکن اگر جانور مہمان کے لیے ذبح کیا جائے تو حلال ہے کیونکہ وہ ذبح اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور ضیافت مہمان کی مقصود ہے اسی لیے اس کے سامنے رکھا جاتا ہے، تحقیق یہ ہے کہ اگر ذبح کے وقت ذبح کرنے والے کی نیت غیر خدا کی عبادت ہو تو ذبح کرنے والا مرتد اور ذبیحہ حرام ہے اور اگر ذبح سے اللہ تعالیٰ کی عبادت مقصود ہے اور اس جانور کا گوشت کسی کو کھلانا مقصود ہے یا اسے صدقہ کر کے اس کا ثواب کسی بزرگ کو پہنچانا مقصود ہے تو وہ جانور بلاشبہ حلال ہے تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو رسالہ مبارکہ "سبل الاصفیاء فی حکم الذبح للاولیاء"، از اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ۶ے چنگل پنجہ طائر پرندہ پشک پہلا حرف مفتوح دانت بہائم جمع بہیمہ چوپایہ، سلاح ہتھیار، نامور مشہور (ف) یہ حلال اور حرام جانوروں کا بیان ہے، وہ جانور جو پنجوں یا دانتوں سے شکار کرتے ہیں حرام ہیں صرف پنجوں اور دانتوں کا ہونا حرام ہونے کی نشانی نہیں کیونکہ کبوتر کے پنجے ہیں اور اونٹ کے دانت ہیں حالانکہ یہ حلال ہیں مسئلہ کیڑے مکوڑے اور بل میں رہنے والے جانور حرام ہیں کیونکہ وہ خبیث ہیں اور ارشاد ربانی ہے ویحرم علیکم الخبائث میرے حبیب تم پر خبیث چیزوں کو حرام کرتے ہیں۔

marfat.com

۱؎ گرگ و ہم طاؤس خور کردہ است رخصت مصطفیٰ
آہو بخور خرگوش ہم گاواں دشتی گور خر
۲؎ لحمِ حمار و بغل ہم مشکوک داں اندر شرع
لحمِ فرس محظور شد نزدیک نعمان معتبر
۳؎ مکروہ داں جلالہ را حبسے بکن علفے بدہ
سہ روز حبس ماکیاں یک ہفتہ بیش و دہ بقر
۴؎ چوں خام یابی گوشتے آں را مخور بریاں بکن
آتش برائے طبخ داں شرط است اے جانِ پدر
۵؎ ماخہ مخور خرچنگ ہم وزجنس اینہا کن حذر
طافی مخور جھینگہ مخور ہر چوں کہ باشد ملخ خور
ماہی ۶؎ ملخ ایں ہر دو را ذبحے مکن تعجیل خور
آمد بسنت مصطفیٰ خوردے سپرز و ہم جگر

۱؎ گرگ پہلا حرف مفتوح گینڈا، بڑے جسم اور سیاہ آنکھوں والا ایک جانور جسکی پیشانی پر سینگ ہوتا ہے، عربی میں اسے کرکش کہتے ہیں، طاؤس مور، آہو ہرن، گاواں دشتی جنگلی گائے، گور خر جنگلی گدھا (ف) گینڈا حضرت امام اعظم اور امام ابو یوسف کے نزدیک حلال ہے حضرت امام محمد کے نزدیک ناجائز ہے، ایک روایت میں ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک درخت کے نیچے تشریف فرما تھے ایک گینڈے نے آکر آپ کو سینگ مارنا چاہا آپ نے اسکی ٹانگ پکڑ کر اسے زمین پر دے مارا اور ذبح کرکے لشکرِ اسلام کو فرمایا کھاؤ کہ یہ جنگل کی بھینس ہے یہ واقعہ بارگاہ رسالت میں عرض کیا گیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی تائید فرمائی ۱۲ شرح ۲؎ حمار گدھا، بغل خچر مشکوک یعنی اس کے حلال اور حرام ہونے کے دلائل مختلف ہیں اس لیے اجتناب چاہیے۔ فرس گھوڑا محظور ممنوع نعمان حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسم گرامی (ف) گھوڑے کے بارے میں اختلاف ہے حضرت امام اعظم کے نزدیک مکروہ تحریمی ہے، بعض نے کہا کہ آپ نے وصال سے تین روز قبل اس سے رجوع فرمالیا، صاحبین کے نزدیک حلال ہے ۱۲ شرح ۳؎ جلالہ پہلا حرف مفتوح دوسرا مشدد، وہ جانور جو نجاست اور غلاظت کھائے، حبس قید، اس طرح بند کرنا کہ نجاست نہ کھائے۔ علف چارہ، خوراک، ماکیاں مرغی، بیش زیادہ بقر گائے (ف) دیر تک نجاست کھانے سے اگر تغیر پیدا ہو گیا ہو تو انڈہ اور گوشت کھانا اور دودھ پینا مکروہ تنزیہی ہے جب تک اسے بند نہ کیا جائے، اصح یہ ہے کہ انہیں اتنی دیر تک بند کیا جائے کہ گوشت اور دودھ سے بدبو جاتی رہے ۴؎ خام کچا بریاں بھونا ہوا، آتش آگ، طبخ پکانا شرط ضروری جانِ پدر بیٹا (ف) تحفہ خانی میں ہے کہ کچا گوشت کھانا حرام ہے پکانے کے لیے آگ ضروری ہے، دھوپ میں رکھنے سے اگرچہ خشک ہو جائے گا پکے گا نہیں ۵؎ باخہ کچھوا خرچنگ کیکڑا وزجنس اینہا کن حذر یعنی مچھلی کے علاوہ وہ جانور جو پانی میں ہی پیدا ہوتے ہیں اور پانی میں ہی رہتے ہیں احناف کے نزدیک حرام ہیں، طافی وہ مچھلی جو آفت کے بغیر مر جائے اور پانی کے اوپر الٹی تیرنے لگے، جھینگہ مچھلی کی ایک قسم ہے عربی میں اربیان کہتے ہیں تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو احکام شریعت حصہ اول از امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ ایک نسخہ میں جنگہ ہے سانپ مچھلی جو سانپ کی طرح سیاہ ہوتی ہے، اسے ہندی میں گوچہ کہتے ہیں، ملخ ٹکری، مچھلی کے انڈوں سے جب پانی ہٹ جائے تو ان میں سے ٹکڑی پیدا ہوتی ہے جو ہوا میں اڑتی ہے، ۶؎ ماہی مچھلی سپرز پہلے دونوں حرف مضموم، تلی، جگر کلیجی، (ف) مچھلی اور ٹکڑی ذبح کے بغیر کھائی جائیں گی، حدیث شریف میں ہے اُحِلَّ لَنَا دَمَانِ الطِّحَالُ وَالْکَبِدُ ہمارے لیے دو خون حلال ہیں تلی اور جگر،

marfat.com

لیکن[1] شکنبہ جملگی بارودگاں اے جانِ من
ہیچ از نبی ومرسلاں عامل بنودہ اے پسر

غدود[2] مرارہ بول داں فرج وذکر باخایہا
مکروہ شد ایں شش بداں مخطور خونِ منفجر

چوں[3] نرم یابی استخواں میخا تمصّص کن لسبی
باریک کوب[4] پس بخور وقتیکہ بینی سخت تر

باب[5] سی وششم دربیان ماہہا وروزہا وخاصیت سعد ونحس

سہ[6] بار می خواں فاتحہ باتسمیہ ناغہ مکن
ہرگہ کہ آید ماہِ نو اے ماہِ نو اندر نظر

اِنّا[7] فتحنا غرّہ خواں ناغہ مکن درخواندنش
ناید بلائے پیش تو یابی ہمہ فتح وظفر

ماہ[8] محرم زر ببیں اندر صفر ہیں آئینہ
اوّل ربیع آبِ رواں آخر غنم اے مہ نگر

[1] شکنبہ اوجھڑی، رودگان انتڑیاں، عامل سے مراد تناول فرمانے والے، [2] مرارہ پتہ، بول داں، مثانہ جس میں پیشاب جمع ہوتا ہے، فرج مادہ کی شرمگاہ، ذکر نر کی شرمگاہ، خایہا کپورے، خصیتین، مخطور ممنوع، حرام خونِ منفجر، ذبح کے وقت بہنے والا خون (ف) ریڑھ کی ہڈی میں جو مغز ہے وہ بھی مکروہ ہے ۱۲ شرح۔ [3] استخواں ہڈی، میخا چبا از خائیدن تمصص چوسنا کوب کوٹ (ف) ذبح کئے ہوئے حلال جانور کی ہڈی حلال ہے نرم ہو تو چبا کر کھائی جائے اور سخت ہو تو پتھر وغیرہ سے کوٹ کر کھائی جاسکتی ہے، مسئلہ: جن اعضاء کے متعلق شریعت میں ممانعت وارد نہیں انکا کھانا جائز حتی کہ مردہ مرغی کے پیٹ سے انڈہ نکلا اس کا کھانا جائز ہے۔ [5] باب سی وششم چھتیسواں باب ماہہا مہینے، سعد سعادت والے، نحس نحوست والے، [6] سہ بار تین مرتبہ شرح میں سی بار (تیس مرتبہ) ہے، شارح نے بعض مشائخ سے ۳۳ بار پڑھنا نقل کیا ہے تاکہ تمام بلاؤں سے محفوظ رہے ماہِ نو نیا چاند اے ماہِ لو نیا ہے بیٹے [7] انا فتحنا یعنی سورۂ فتح غرہ مہینے کے ابتدائی تین دن، ناید نہیں آئے گی، ظفر کامیابی، نافع المسلمین میں ہے چاند دیکھنے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیے اَللّٰھُمَّ اجعل لنا ھٰذا الشھر اولہ صلاحا واوسطہ نجاحا وآخرہ فلاحا اے اللہ ہمارے لیے اس ماہ کی ابتدا کو بہتری، درمیان کو کامیابی اور آخر کو کامرانی بنا، [8] زر سونا اول ربیع، ماہ ربیع الاول آبِ رواں جاری پانی آخر ماہ ربیع الثانی غنم بکری (ف) بزرگوں سے منقول ہے کہ مختلف مہینوں کی ابتداء میں مختلف چیزوں کا دیکھنا دینی اور دنیاوی طور پر باعث خیر وبرکت ہے، اگرچہ بعض حضرات نے کچھ دوسری اشیاء ذکر کی ہیں ۱۲ شرح ملخصا۔

marfat.com

اوّل[1] جمادی نقرہ ہیں پیرے نگر در آخریں
ماہِ رجب مُصحف ہیں شعبان گیاہے سبز تر
شمشیر[2] در رمضاں نگر شوال جامہ سبز ہیں
ذی القعد ہینی کودکے ذی الحجہ دختر خوب تر
از سال[3] اوّل روز را روزہ بداری جان من
در روز آخر سال ہم نیّت بکن یابی اجر
اوّل[4] خمیس از رجب نیّت بکن تو روزہ دار
می کن نمازے تا عشا افطار انگہ اے پسر
چوں[5] تو گذاری ایں چنیں رُستہ شوی در دو جہاں
رضواں کند خدمت ترا قصرے بیابی از گہر
نصفے[6] رجب طعمی بکن امساک ہم میخواں دُعا
الحاح کن در خواندنش یابی اجابت زود تر
غسلے[7] بکن اوّل رجب ہم درمیان و آخرش
تا پاک گردی از گنہ اکنوں شوی زادہ ز سر

۱ اوّل جمادی، جمادی الاولیٰ، جمادی پہلا حرف مضموم آخر میں الف مقصورہ، عوام جمادیُ الاولیٰ کہتے ہیں جو غلط ہے نقرہ چاندی، پیر بوڑھا، بزرگ، نگر دیکھ، آخریں جمادی الثانیہ، مصحف پہلا حرف مضموم تیسرا مفتوح قرآنِ پاک، گیاہ گھاس ۲ شمشیر تلوار جامہ سبز، سبز کپڑا، کودک بچہ، دختر لڑکی، ۳ اوّل روز پہلا دن (ف) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص گذشتہ سال کو روزے سے ختم کرے اور نیا سال روزے سے شروع کرے گویا اس نے ہمیشہ روزہ رکھا ہے ۱۲ شرح ۴ اوّل خمیس پہلی جمعرات اسے توچندی جمعرات کہتے ہیں (ف) حضرت شاہ کلیم اللہ جہان آبادی کے رسالہ اور جواہر میں لکھے کہ رجب کی پہلی جمعرات کا روزہ رکھا جائے، مغرب کی نماز باجماعت ادا کرکے صلوٰۃ اوّابین پڑھی جائے پھر بارہ رکعتیں چھ سلاموں سے ادا کی جائیں ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ قدر اور بارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے، فارغ ہوکر ستر بار پڑھے اللھم صل علی محمد النبی الامی و علی آلہ وبارک وسلم پھر دو سجدے کرے ہر سجدہ میں ستر مرتبہ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الملائکۃ والرُّوح پڑھے دونوں سجدوں کے درمیان درود پاک پڑھے بعد ازاں جو حاجت ہو مانگے اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا، اس نماز کو صلوٰۃ لیلۃ الرغائب کہتے ہیں، رغائب رغیبۃ کی جمع ہے جس کا معنی عطیہ ہے اس شب میں مقبولانِ الٰہی کو بے تمام عطیات ملتے ہیں، شارح فرماتے ہیں اس روزے کو قہر نفس کے لیے نماز عشا سے مؤخر کرنا بزرگوں کا معمول ہے ممکن ہے انکے سامنے کوئی دلیل ہو ۱۲ شرح ۵ گذار گذاری تو ادا کرے رستہ نجات پایا ہوا، رضواں داروغہ جنت قصر محل گہر موتی ۶ نصفے رجب کی پندرہویں رات طعمی کھانا، امساک روزہ رکھنا الحاح عاجزی وزاری اجابت مقبولیت زود تر بہت جلد (ف) ماہ رجب کا اول، درمیان اور آخر نیکیوں اور روزوں کے لیے خاص فضیلت رکھتا ہے، پندرھویں رات کو کھانا پکا کر اہل وعیال اور فقراء کو کھلایا جائے اور انکو روزہ رکھایا جائے ۷ اکنوں شوی زادہ ز سر گویا تو ابھی پیدا ہوا ہے،

marfat.com

رمضان بخواں قرآں بسے شعبان بخواں صلوات را
اندر رجب غفراں طلب شب روز ایجان پدر
چوں شب برات آید بکن دہ چیز را از جان و دل
غسلے بکن سرمہ بہم بیدار باشی تا فجر
یٰس نخست ایمان خود دومی برائے وسع تو
سیم برائے عمر ہم مے خواں بمانی دیر تر
در رخت خانہ دست زن آوند ہا جنباں بسی
می کن زیارت مردگاں وعظے شنو اے نامور
می کن نماز از بہر حق برخواں دعا از صدق دل
غفراں بخواہی بہر خود وز بہر مادر ہم پدر
عیدین تو غسلے بکن خوشبو بکن ہم جامہ تن
در فطر چوں آئی بروں شیرے تو با خور ما بخور

۱ صلوات جمع صلوۃ درود شریف غفراں مغفرت، معافی (ف) اس جگہ سے مہینوں کے خواص بیان کرتے ہیں کہ رمضان شریف میں قرآن پاک کی تلاوت کثرت سے کی جائے، حدیث شریف میں ہے قیامت کے دن قرآن پاک اور رمضان المبارک شفاعت کریں گے، شعبان میں کثرت سے درود شریف پڑھا جائے، حدیث شریف میں ہے جو شخص مجھ پر ہزار مرتبہ درود شریف بھیجے گا جنت کی خوشخبری پانے سے پہلے نہیں مرے گا، رجب میں بکثرت مغفرت کا سوال کیا جائے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے ۲ شب برات شعبان کی پندرہویں رات چونکہ اس رات نیکوں کے لیے جہنم سے اور کفار واشقیاء کے لیے جنت سے دوری لکھ دی جاتی ہے اس لیے اسے شب برات کہتے ہیں، بعض مفسرین کے مطابق انا انزلناہ فی لیلۃ مبارکۃ سے یہی رات مراد ہے، (ف) اس رات میں اہل وعیال اور غرباء کو کھانا کھلانے کے علاوہ دس کام کرنے چاہئیں (۱) غسل (۲) سرمہ لگانا (۳) تمام رات جاگنا، ۳ یٰس سورۂ یٰس نخست پہلی مرتبہ ایمان خود اپنے ایمان (کی سلامتی) کے لیے دومی دوسری مرتبہ وسع فراخی (رزق کی) برائے عمر، زندگی کی درازی اور بابرکت ہونے کے لیے (ف) اس رات تین مرتبہ سورۂ یٰس پڑھی جائے، یہ دس میں سے چوتھی چیز ہے ۴ رخت سامان دست زن ہاتھ ہلا آوند ہا برتن مردگاں اہل قبور وعظے نصیحت شنو سن (ف) (۵) سازوسامان الٹ پلٹ کیا جائے برتنوں میں ہاتھ پھیرا جائے تاکہ سب چیزوں کو برکت حاصل ہو (۶) قبروں کی زیارت کی جائے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس رات کا بڑا حصہ قبرستان میں گزارتے (۷) وعظ ونصیحت سننا ۵ غفراں بخشش مادر ماں پدر باپ (۸) نماز پڑھنا (۹) صدق دل سے دعا مانگنا (۱۰) اپنے لیے اور والدین کیلئے بخشش طلب کرنا ۶ عیدین دو عیدیں عید الفطر اور عید الاضحیٰ جامہ کپڑا تن جسم در فطر عید الفطر میں، بروں باہر شیر دودھ خورما کھجور (ف) عیدوں کی سنت یہ ہے کہ غسل کیا جائے، جسم اور کپڑوں کو خوشبو لگائی جائے اچھے کپڑے پہنے جائیں، دودھ پیا جائے اور کھجوریں کھائی جائیں آمد ورفت میں الگ الگ راستہ اختیار کیا جائے، عید الفطر میں آتے جاتے آہستہ آہستہ تکبیر کہی جائے عید قربانی میں بلند آواز سے، عید کی نماز کے بعد معانقہ کرنا مستحسن ہے اس مسئلہ کے لیے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کا رسالہ مبارکہ "وشاح الجید فی معانقۃ العید" ملاحظہ ہو۔

marfat.com

۱؎ عرفہ ذوالحجہ کی ۹ تاریخ حج سورۂ حج انبیاء سورۂ انبیاء رمی کنکر مارنا، منیٰ میں تین برجیوں کو کنکر مارے جاتے ہیں سعی صفا مروہ کے درمیان دوڑنا نحر قربانی کرنا (ف) شارح نے جواہر جلالی کے حوالہ سے حدیث نقل کی ہے کہ عرفہ کے دن ظہر کے بعد ان دو سورتوں کے پڑھنے کا ثواب حج و عمرہ جتنا ہے ۲؎ وجہے سبب، ذریعہ قربان قربانی کوثر سورہ کوثر عشر دس دن (ف) جو شخص حج کی طاقت نہ رکھے اسے سورۂ حج اور سورۂ انبیاء پڑھنی چاہیے اور جو قربانی نہ دے سکے اسے کثرت سے سورۂ کوثر پڑھنی چاہیے اس بارے میں حدیث شریف وارد ہے، یہ بھی وارد ہے کہ جو شخص ذوالحجہ کے دس دنوں میں سورۂ والفجر پڑھے اسے ڈرنے کی کیا ضرورت بلکہ وہ واصلین میں سے ہے، یہ روایت حضرت فرید الدین گنج شکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ملفوظات میں ہے ۱۲ شرح

عرفہ چو آید جان من ہم حج خوانی انبیاء ۱
یابی ثواب عمرہ حج باری وسعی و ہم نحر
وجہے نباشد گر ترا قربان کنی کوثر بخواں ۲
در عشر ذی الحجہ بخواں شب و روز سورۂ والفجر
صوم و صلوٰۃ و کن دعا ہم سرمہ صلح و توسعہ ۳
غسلے بکن اصلاح ہم بر عالماں چیزے ببر
چیزے بدہ ایتام را ارحام و پرس از زحمتی ۴
در روز عاشورہ بکن ہر دہ کہ گفتم اے پسر
اندر صفر بیروں مرو جنگے مکن با ہیچکس ۵
کایں ماہ دارد شومئے مدغم درو رنج و خطر
در چار شنبہ آخریں غسلے بکن جامہ بشو ۶
در خانہ شیں راحت بکن با اہل خود نعمت بخور

۳؎ صوم روزہ، صلوٰۃ نماز صلح جن مسلمانوں سے ناراضگی ہو ان سے مصالحت کرنا، توسعہ کھلانے پلانے میں فراخی، اصلاح جن مسلمانوں میں ناراضگی ہو ان سے مصالحت کرانا، ببر لے جا (ف) اس شعر اور آئندہ شعر میں یوم عاشورہ کے آداب بیان کئے گئے ہیں ۴؎ ایتام جمع یتیم وہ بچہ جس کا باپ فوت ہو گیا ہو، ارحام رشتے دار، اہل قرابت پرس پوچھ، عیادت کر، زحمتی بیمار عاشورہ دس محرم، (ف) ان دو شعروں میں بارہ چیزیں مذکور ہیں البتہ اگر صلح اور اصلاح کو اس اعتبار سے ایک شمار کیا جائے کہ عام معنی مراد ہے کہ خود دوسرے کی صلح کی جائے یا دوسروں میں مصالحت کرائی جائے اسی طرح یتیموں اور رشتہ داروں کو صدقہ و خیرات دینا ایک شمار کیا جائے تو کل دس چیزیں ہو جائیں گی، بعض حضرات نے انکے علاوہ کچھ اور چیزیں بھی ذکر کی ہیں مثلاً قبروں کی زیارت کی جائے شہداء اسلام بالخصوص شہداء کربلا کیلئے ایصال ثواب کیا جائے، حدیث شریف میں ہے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر آئندہ موقع ملا تو ہم نو اور دس محرم کا روزہ رکھینگے ۵؎ مفہوم ہشہ بیروں مرو سفر نہ کر جنگ لڑائی جھگڑا شومی نحوست، مدغم پوشیدہ، (ف) حضرت شیخ کلیم اللہ اپنے رسالہ میں فرماتے ہیں کہ تمام سال میں نازل ہونے والی مصیبتوں کے نو حصے صفر میں نازل ہوتے ہیں اور ایک حصہ باقی مہینوں میں ۶؎ چار شنبہ بدھ، بشو دھو، نشیں بیٹھ، (ف) حضرت شیخ کلیم اللہ، حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر قدس سرہما سے ناقل ہیں کہ اس ماہ میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مرض وصال کا آغاز ہوا تھا اور آخری بدھ کو کسی قدر تخفیف ہوئی تھی اس لیے اس دن مسلمانوں نے خوشی منائی تھی، امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں آخری چہار شنبہ کی کوئی اصل نہیں نہ اس دن صحت یابی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کوئی ثبوت ہے بلکہ مرض اقدس جس میں وفات مبارک ہوئی اس کی ابتداء اسی دن سے بتائی جاتی ہے اور ایک حدیث مرفوع میں آیا ہے آخر اربعاء من الشهر یوم نحس مستمر مہینے کا آخری بدھ دائمی نحوست والا ہے (احکام شریعت ص ۱۸۳)

marfat.com

[١] روزِ زحل ماہی بزن بہر شکارے روبروں
آہو بیابی کرگ ہم افتد شکارے بیشتر
می کن [٢] عمارت در احد باشد مبارک مر ترا
باغ و زراعت نے و کن ہم چاہ جوئے کن حفر
[٣] عزمِ سفر داری اگر خواہی روی بر دوستاں
مختار شد جانانِ من از روز ہا روزِ قمر
[٤] فصد و حجامت چوں کُنی روزِ سہ شنبہ کُن بسے
مریخ راخوں ریز داں ساعات او میموں شمر
چوں [٥] تو بخواہی دارو ئے بخوری برائے زحمتے
از بہرِ آں مختار شد روزِ عطارد اے پسر
چوں [٦] مر ترا کارے بود سلطان بینی یا ملک
تا حاجتت گردد رواپس مشتری دارد اثر
[٧] روزِ جمعہ تزویج کُن ہم با زناں کُن خلوتے
یابی جزا از حد بروں حضرت خدا بدہد پسر
[٨] روزِ زحل مریخ ہم گر تو بپوشی جامہ تو
یا قطع بکنی ہم دریں آید مصیبت بیشتر

[١] روزِ زحل ہفتہ، ماہی مچھلی، آہو ہرن، کرگ گینڈا باب ۳۵ میں گزرا ہے کہ گینڈا حلال ہے، ممکن ہے کہ کرگ (پہلا حرف مضموم) ہو بھیڑیا (ف) یہودیوں کے لیے ہفتے کے دن شکار ممنوع تھا خلاف ورزی کرنے پر عذاب نازل ہوا لیکن اُمتِ مسلمہ کے لیے اس دن شکار کرنا باعثِ خیر و برکت ہے [٢] می کن عمارت تعمیر کر، احد اتوار، زراعت کھیتی باڑی، چاہ کنواں، جوئے نہر حفر کھودنا (ف) نافع المسلمین میں شرعۃ الاسلام کے حوالہ سے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا جب تم تعمیر کا ارادہ کرو تو اتوار کے روز تعمیر کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسی دن زمین و آسمان بنائے تھے اور پیر کے دن سفر کرو کہ انبیاء اسی دن سفر کرتے تھے، سفر کے لیے مختار پیر اور جمعرات کا دن ہے ۱۲ شرح [٣] عزم ارادہ اگر خواہی روی اگر تو جانا چاہتا ہے، مختار پسندیدہ روزِ قمر پیر کا دن (ف) سفر کے لئے پیر اور جمعرات کا دن باعثِ خیر و برکت ہے [٤] فصد رگ کاٹنا حجامت سنگی لگوانا، سہ شنبہ منگل، مریخ منگل کا دن، خوں ریز خون بہانے والا، ساعات گھڑیاں، میموں مبارک [٥] دارو ئے علاج معالجہ بخوری تو کھائے، زحمتے بیماری روزِ عطارد بدھ [٦] ملک بادشاہ، روا پوری مشتری جمعرات (ف) مؤثر صرف اللہ تعالیٰ ہے ستارے اللہ تعالیٰ کے حکم کے تابع ہیں ان کی حیثیت زیادہ سے زیادہ علامت ہے [٧] تزویج شادی بیاہ، خلوت تنہائی [٨] روزِ زحل ہفتہ، مریخ منگل، قطع کاٹنا دریں اس دن میں ایک نسخہ میں بریں ہے بریدن سے۔

marfat.com

در[1] سال دانی بیشکے اثنا عشر روزِ نحس
غافل مشو زاں روزہا از جملہ کارے کُن حذر

ماہِ محرم[2] یازدہ ہم از صفر دہ ہم بداں
از شہر اوّل چارمے ہم از دہِ آخر شمر

اوّل[3] جمادی بیست ہفت ہم بست و دو از آخرش
نیز از رجب داں بیست و دو ہم بیست و سہ شعباں نگر

رمضاں[4] چہارم ماہ شد شوال را ہفتم بگو
ذی القعد ہفتم بست داں ذی الحجہ ہشتم اے پسر

در غرۂ[5] ثالث پنج ہم با بست و پنجم شانزدہ
کارے مکن جائے مرو خالی نباشد از خطر

در سوم[6] ہشتم سیزدہم ہم ہژدہم با بست و سہ
ہم بست و ہشتم جانِ من کارے مکن خاصہ سفر

باب سی[7] و ہفتم در بیان پیری و جوانی می گوید

چوں در[8] چہل عمرت رسد کاہل نہ نشینی یکدمی
بگذار عصیاں ہم گنہ طاعت عبادت بیشتر

---

[1] اثنا عشر بارہ حذر پرہیز [2] یازدہم گیارہ تاریخ، دہم دس شہر اوّل ماہ مبارک ربیع الاول آخر ربیع الثانی، (ف) نحوست والے بارہ دنوں میں سے چار اس شعر میں چار آئندہ شعر میں اور چار اس سے اگلے شعر میں مذکور ہیں، (۱) محرم کی گیارہ (۲) صفر کی دس، (۳) ربیع الاول کی چار (۴) ربیع الثانی کی دس تاریخ [3] اوّل جمادی جمادی الاولیٰ بست و ہفت ستائیس[2] بست و دو بائیس آخر تش جمادی الثانیہ بست و سہ تیئیس[2][3] (۵) جمادی الاولیٰ کی ۲۷ (۶) جمادی الثانیہ کی ۲۲ (۷) رجب کی ۲۲ (۸) شعبان کی ۲۳ [4] (۹) رمضان المبارک کی چار (۱۰) شوال کی سات (۱۱) ذیقعدہ کی ستائیس[27] (۱۲) ذوالحجہ کی آٹھ تاریخ [5] غرۂ ابتداء (ف) ان دو شعروں میں ماہ کے منحوس دنوں کا ذکر ہے ۳-۵-۱۶-۲۵- ان دنوں میں عمارت، زراعت اور سفر کا آغاز نہ کرنا چاہیئے، [6] اس شعر میں چھ تاریخوں کا ذکر ہے ۳-۸-۱۳-۱۸-۲۳-۲۸، انگلیوں پر گنتے وقت یہ تاریخیں درمیانی انگلی پر آئیں گی (ف) امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کسی دن کو منحوس نہ کہنا چاہیے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنوں کی نحوست میری آمد کے سبب ختم ہوگئی ہے ۱۲ الشریح صہ ۲۵۵ [7] باب سی و ہفتم سینتیسواں[37] باب پیری بڑھاپا، [8] چہل چالیس، کاہل سست نہ نشینی تو نہ بیٹھ، یکدمے ایک گھڑی، بگذار چھوڑ دے، عصیاں نافرمانی (ف) حضرت سعدی بطور تنبیہ فرماتے ہیں ؎ چہل سال عمر عزیزت گذشت - مزاج تو از حال طفلی نہ گشت

گر تو[1] نباشی ایں چنیں بر عکس بکنی کارہا
طاعات کم عصیاں بسے شو ساختہ بہر سقر
غالب[2] حیاتِ آدمی از شصت تا ہفتاد دال
کردی بباذی ثلث گم ثلثے زمستی بے خبر
ثلثے[3] کہ ماندہ آخریں دروے بداں آفت بلا
گہ باد گیرد دست و پا صد بار روزے درد سر
صحت[4] نیابی یک نفس درد و بلا در ہر زماں
شبہا نیابد خواب خوش فریاد بکنی تا سحر
تپ[5] در بدن لازم بود سرما و لرزہ دائما
ہاضم نیابد نانکے در چشم کم گردد نظر
بہرِ[6] مصالح پیشِ او ہرگز نیابد مردمے
رسوا شود بر اہلِ خود حرمت ندارد کس وقر
فہمے[7] نداند آنچناں سخنے نماند یاد او
دشمن ندارد باک از دہر روز عیشے منکدر
گر[8] بنگرد سوئے بتے در حال ازو نفرت کند
خوباں و ہم شکر لباں شنیند ازوے دور تر

[1] برعکس الٹ، دوسرا مصرع اس کی تفسیر ہے ساختہ تیار کیا ہوا، سقر دوزخ

[2] غالب اکثر حیاتِ زندگی، شصت ساٹھ ہفتاد ستر، بازی کھیل ثلث تہائی حصہ (ف) حدیث شریف میں ہے کثر عمار امتی ما بین ستین الی سبعین میری امت کی عمر عام طور پر ساٹھ اور ستر کے درمیان ہوگی، مطلب یہ کہ بچپن بے خبری میں جوانی مستی میں اور بڑھاپا سستی میں گزرا تو اللہ تعالیٰ کی عبادت کس وقت ہوگی، حضرت سعدیؒ فرماتے ہیں ؎

در جوانی توبہ کردن شیوۂ پیغمبری
وقت پیری گرگ ظالم می شود پرہیزگار

[3] گہ کبھی باد ہوا دست و پا ہاتھ پاؤں

[4] یک نفس ایک سانس، ایک گھڑی فریاد آہ و زاری سحر صبح [5] تپ بخار، اس جگہ بے چینی اور بے قراری مراد ہے سرما سردی یعنی طبعی حرارت کم ہوجاتی مزاج میں ٹھنڈک غالب ہوجاتی ہے، لرزہ کپکپی دائما ہمیشہ ہاضم نیابد ہضم نہیں ہوتی نانکے چھوٹی سی روٹی، یاء تصغیر کے لیے ہے [6] مصالح جمع مصلحت مراد ضروریاتِ زندگی رسوا بے عزت، بر اہلِ خود اپنے گھر والوں پر، حرمت عزت وقر تخفف وقار (ف) جب آدمی جوان ہو تو اسے ہر کوئی کھانے پینے اور دیگر ضروریات کے متعلق پوچھتا ہے بوڑھوں کو کم ہی پوچھا جاتا ہے [7] فہم سمجھ آنچناں یعنی جوانی کی طرح، باک خوف عیش زندگی، منکدر مکدر، تکالیف و مصائب سے پُر [8] بنگرد دیکھے بت محبوب، حسین شکر لباں میٹھے ہونٹ والے یعنی حسین، شنیند بیٹھتے ہیں۔

marfat.com

اسپید[1] موئیت چوں شود گردند خوباں منہزم
پیری مگر شد نیستی ورنہ چرا ازوے حذر
گر شاہ[2] باشد کامراں جملہ جہاں در ضبط او
ذوقے نہ او را راحتے چوں پیر باشد منکسر
بر پیر[3] کس را نے نظر نے کس برو رحمت کند
رانند او را مردماں جز رازقِ جنّ و بشر
چوں پیر[4] گردد مردمے بکند ندا حضرت خدا
باریک شد ہم استخواں اسپید موئیت شد ز سر
از کس[5] سخن ہم نشنوی چیزے نہ بینی در نظر
زورے نداری دست و پا بشکست مہرہ از کمر
آں مشک[6] چوں کافور شد داں ارغواں چوں زعفراں
شد تیر قامت چوں کماں گشتہ تنے ہمچوں وتر
سوئیت[7] نہ بیند ہیچکس وقتے نہ پرسد دوستے
چاکر نہ گیرد کس ترا واجب بیابی آں اجر
بر من[8] بیا تا من ترا بہتر ازاں مے پرورم
صد حور بدہم در جناں بیحد قصرے از گہر

[1] منہزم دور بھاگنے والے، پیری بڑھاپا، مگر شاید، نیستی عیب و خواری، حذر پرہیز۔ [2] کامران کامیاب، ضبط کنٹرول، ذوق لطف و لذت، راحت آرام، منکسر شکستہ، بے بس [3] رانند بھگا دیتے ہیں، دھتکار دیتے ہیں، جز سوا، رازق رزق دینے والا، اللہ تعالیٰ [4] ندا خطاب، استخواں ہڈی، اسپید سفید [5] مہرہ منکا، ریڑھ کی ہڈی جھک گئی [6] مشک کستوری کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اس مناسبت کی بنا پر اس سے مراد سیاہ بال ہیں کافور چونکہ سفید ہوتا ہے اس سے مراد سفید بال ہیں، ارغواں یعنی سرخ رخسار، زعفران کیسر، چونکہ اس کا رنگ پیلا ہوتا ہے اس لیے مراد زرد رنگ ہے، تیر قامت تیر کی طرح سیدھا قد، کماں جھکا ہوا، وتر چلہ جس پر تیر چڑھا کر چلاتے ہیں مراد یہ ہے کہ جسم چلہ کی طرح نحیف و نزار ہو گیا [7] سوئیت تیری طرف، وقتے کسی وقت، چاکر نوکر، واجب مقررہ معاوضہ، اجر معاوضہ [8] حور جنتی عورتیں، جناں جمع جنت، قصر محل، گہر موتی،

بر[۱] پیر دارم رحمتے کاں را نباشد حدّ و عد
اسپید موئیت نورِ من چوں نور سوزم در سقر
پس[۲] حالِ چوں باشد چنیں ناید زپیراں کارہا
کارے بکن در حالِ تو نعمت جوانی را شمر
قدرِ[۳] جوانی پیر را گر تو بپرسی اے جواں
آں پیر گوید پیش تو چنداں کہ ناید در حصر
چوں[۴] تو بہ بینی پیر را خدمت بکن از جان و دل
تا تو شوی پیرِ نکو شخصے بگردی ذوالقدر

باب[۵] سی و ہشتم در بیان رنج و زحمت و علت و محنت گوید

رنج[۶] و بلا داں نعمتے بر دوستاں نازل شدہ
دشمن نیابد ایں نعم جز مومنِ نیکو سیر
چوں[۷] مر ترا رنجے رسد صدقہ بدہ از جان و دل
سلطاں نہ زہرے میدہد جز مردماں معتبر
ہر[۸] تن کہ یابی بے علل آں تن یقیں بے برکتست
حق دوست دارد آں تنے شب و روز دردی در سر

۱؎ حدّ و عد حد و حساب، چوں کیسے، سقر جہنم (ف) حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو وصال کے بعد کسی نے خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ آپ نے فرمایا میری روح بارگاہِ خداوندی میں پیش کی گئی ارشاد ہوا اگر تمہارے سفید بالوں کی حیا نہ ہوتی تو تمہیں جہنم میں بھیج دیتا، تم بڑھاپے میں اتنا کیوں روتے تھے کیا میرے کرم سے نا اُمید تھے؟ ۲؎ (ترجمہ) جب حال اس طرح ہوتا ہے کہ بوڑھے کام کاج نہیں کر سکتے، ابھی کارِ خیر کرو اور جوانی کو غنیمت جانو (ف) حضرت سعدی فرماتے ہیں ؎

خیرے کن اے فلاں و غنیمت شمار عمر
زاں پیشتر کہ بانگ برآید فلاں نماند

۳؎ حصر شمار، گنتی (ف) نعمت کی قدر اس کے جانے کے بعد ہی ہوتی ہے۔
۴؎ ذوالقدر عزت والا حدیث شریف میں ہے کَمَا تَدِیْنُ تُدَانُ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے ۵؎ باب سی و ہشتم اڑتیسواں باب رنج غم زحمت بیماری، تکلیف علت بیماری محنت مشقت۔
۶؎ نعم جمع نعمت نیکو سیر اچھی عادت والا (ف) حدیث شریف میں ہے اشد الناس بلاءً الانبیاء ثم الامثل فالامثل سب سے زیادہ تکلیفیں انبیاء کو پیش آتی ہیں پھر درجہ بدرجہ، گنہگاروں کے لیے ذریعۂ مغفرت اور نیکوں کے لیے ترقیٔ درجات کا باعث ۷؎ سلطاں بادشاہ مردماں معتبر بلند درجہ لوگ (ف) حدیث شریف میں ہے الصدقۃ ترد البلاء صدقہ بلاء کو لوٹا دیتا ہے، صدقہ بیماریوں کے لیے وہی خاصیت رکھتا ہے جو زہر کے لیے تریاق ۸؎ تن جسم، علل جمع علت بیماری، (ف) تکلیف اور بیماری مسلمان کے لیے نعمت ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے اور توبہ و استغفار کرتا ہے، فرعون مدت دراز خدائی کا دعویٰ کرتا رہا اسے کبھی دردِ سر نہیں ہوئی۔

marfat.com

ملکیست[1] زحمت جانِ من ہر کس کجا شایانِ او
ایوب داند قدرِ آں جرجیس و یونس نامور

صد گونہ[2] نعمت دشمناں دارند بس اندر جہاں
از بہر نانے دوستاں باشند حیراں منتظر

دانند خاصاں قدرِ ایں محجوب[3] عاماں شد ازو
ماہی چہ داند قدرِ عشق پروانہ دارد ایں خبر

گر مومنے[4] اندر جہاں در خود نیابد زیں یکے
کامل نہ دانی مومنش ایمانِ او اندر خطر

در تن[5] نہ بیند علتے قلت بمالِ خویشتن
نہ ظلمے او را کند خوار و خجل ھم بے وقر

چوں[6] حق نخواہد بندہ را سازد یکے از دوستاں
سقمے بہ تن حزنے بدل مالے نہ بیند در نظر

بر تختِ[7] شاہی چار صد سالے بدہ فرعون سگ
بیمار گاہے او نشد نے دید وقتے درد سر

صحت[8] چو یابی شکر گو زحمت چو بینی صبر کن
باکس مگو من زحمتی تا بگذرد مدت سفر

[1] ملک بادشاہی شایاں لائق حضرت ایوب علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے نبی جو طرح طرح کی مصیبتوں اور بیماریوں میں مبتلا ہوئے، ان کا لقب صابر ہے، حضرت جرجیس علیہ السلام پہلا حرف مکسور اللہ تعالیٰ کے نبی جنہیں انکی کافر قوم نے طرح طرح کی اذیتیں دے کر شہید کر دیا اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے پھر انہیں زندہ کر دیا حضرت یونس علیہ السلام چالیس دن مچھلی کے پیٹ میں رہے [2] صد گونہ سو قسم (ف) یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ابتلا ہے کہ دشمنانِ خدا و رسول مالا مال اور بندگانِ خدا پائی پائی کے محتاج حدیث شریف میں ہے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دُنیا کی قدر مچھر کے پر جتنی بھی ہوتی تو کافر کو اس کا ایک گھونٹ بھی عطا نہ فرماتا۔ [3] محجوب پوشیدہ، بے خبر ماہی مچھلی [4] اندر جہاں در خود ایک نسخہ میں اسکی جگہ ”اندر وجود خود“ ہے (ف) عین العلم میں حدیث شریف میں ہے المؤمن لا یخلو عن ذلة وقلة مومن ظاہری ذلت اور قلت سے خالی نہیں ہوتا، لہٰذا جو شخص کسی تکلیف یا بیماری میں مبتلا نہیں ہے کامل الایمان نہیں بلکہ اس کا ایمان خطرے میں ہے مقصد یہ کہ رضا بقضائے الٰہی بہترین وصف ہے ۱۲ شرح [5] علت بیماری خوار ذلیل خجل شرمندہ بے وقر بے عزت [6] حق اللہ تعالیٰ خواہد چاہے سازد بنائے سقم بیماری حزن غم (ف) حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کو نکاح کا پیغام دیا کسی نے عرض کیا وہ بہت اچھی عورت ہے کبھی بیمار نہیں ہوئی فرمایا لا خیر فیہا اس میں کوئی بھلائی نہیں اور ارادہ موقوف فرما دیا، خلاصہ یہ کہ غم اور بیماری اللہ تعالیٰ کی محبت کی علامت ہے [7] چار صد چار سو سگ کتا ضرر تکلیف ایک نسخہ میں ”ادھر“ کی جگہ ”درد سر“ ہے [8] مدت سفر تین دن تین رات (ف) حدیث شریف میں ہے ایمان نصف شکر اور نصف صبر ہے، تین دن کے بعد علاج کرے اور علاج صرف دوا میں بند نہیں ہے بلکہ دعا، ذکر، درود شریف اور قرآن خوانی میں مشغول ہو بالخصوص سورۂ فاتحہ کثرت سے پڑھے کہ اس کے بارے میں وارد ہے کہ فاتحہ ہر بیماری کی دوا ہے۔

marfat.com

دارو[۱] وطلب ہم بعد آں تکیہ مکن بر دارو ے
تقصیر در دارو مکن جز حق مداں شافی دگر

از صبر[۲] یابی گنجہا پوشی مصائب درد و غم
اظہار چوں بکنی تو ایں چنداں نیابی از اجر

بیمار[۳] را چوں بشنوی فی الحال رو پرسیدنش
گرچہ مسافت درمیاں باشد گروہی بیشتر

چوں[۴] تو نہ پرسی زحمتی گوید خدا بے واسطہ
من زحمتی گشتم زماں وقتے نہ پرسیدے خبر

بیمار[۵] چوں پرسی اگر چیزے بدہ در دست او
از وے طلب جاناں دعا در ہر مہمے صعب تر

بیمار[۶] چوں گردی گہے فوتے مکن تو وقت را
غلطیدہ شستہ کن ادا تا تو نیفتی در سقر

زحمت[۷] بداں رحمت خدا اوقات چوں داری بپا
فوتے کنی گر فرض را بیشک بیفتی در سقر

چوں[۸] توبہ بینی زحمتی فی الحال دہ صدقات را
دارو مکن بیمار را جز صدقہ دادن اے پسر

---

۱ دارو دوا تکیہ بھروسہ تقصیر کوتاہی مداں نہ جان شافی شفا دینے والا (ف) شفا دینا اللہ تعالیٰ کا کام ہے جب وہ چاہتا ہے دوا سے فائدہ سلب کرلیتا ہے ۲ گنجہا خزانے (ف) عین العلم میں حدیث شریف میں ہے صبر تین قسم ہے (۱) فرائض کی ادائیگی پر اسکے تین سو درجے ہیں (۲) محرمات سے اجتناب پر اسکے چھ سو درجے ہیں (۳) مصیبت میں پہلے صدمہ کے اسکے نو سو درجے ہیں ۱۲ شرح ۳ پرسیدنش اسے پوچھنے کیلئے، عیادت کے لئے مسافت فاصلہ گروہ کوس، چار ہزار گز، بعض کے نزدیک تین ہزار گز (غیاث اللغات) (ف) مریض کی عیادت سنت ہے حضرت شیخ عطار فرماتے ہیں ۔ برسر بالین بیماراں گزر۔ زانکہ ہست ایں سنت خیر البشر طریقہ یہ ہے کہ مریض کے گھٹنے کے پاس بیٹھ کر اسکے سر یا ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر پوچھا جائے کیا حال ہے؟ اچھی بات کہی جائے اور اس سے دعا کرائی جائے ۴ زحمتی بیمار (ف) حدیث شریف میں ہے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے انسان میں بیمار ہوا اور تو نے میری عیادت نہ کی بندہ عرض کرے گا یا اللہ! تیری عیادت کس طرح کرتا تو تو رب العالمین ہے فرمائے گا میرا فلاں بندہ بیمار ہوا اور تو نے اسکی عیادت نہ کی ۵ مہم مشکل صعب تر بہت دشوار (ف) مریض کو تحفہ پیش کرنا اچھی بات ہے لیکن عیادت کی سنت میں داخل نہیں۔ ۶ فوت قضا وقت وقتی نماز غلطیدہ لیٹے لیٹے، شستہ بیٹھ کر نیفتی تو نہ واقع ہو سقر جہنم۔ ۷ زحمت بیماری اوقات وقتی نمازیں داری بپا تو قائم رکھے (ف) نماز فرض کسی حالت میں ترک نہ کرنی چاہیے کھڑا ہوکر نہ پڑھ سکے تو بیٹھ کر پڑھے بیٹھ کر بھی نہ پڑھ سکے تو لیٹ کر اشارے سے پڑھے، حدیث شریف میں ہے بخار انسان کے گناہوں کو اس طرح دور کر دیتا ہے جس طرح بھٹی لوہے کی میل کو، مریض کو چاہیے توبہ استغفار کرے، صدقہ دے اور علاج کرے ۸ مطلب یہ کہ اگر کوئی بیمار ہو تو صدقہ دئے بغیر علاج نہ کرو بلکہ پہلے صدقہ دو پھر علاج کرو۔

marfat.com

صدقه[1] بده در راهِ حق جز نامِ او دیگر مده
هر یک مهم آید ترا صدقه بده تو مال و زر
صدقه[2] بگرداند بلا آمد حدیثِ مصطفےٰ
بدهد درازی عمر را هم اجر یابی اے پسر

بابِ[3] سی و نهم در بیانِ مصائب و تعزیت و آنچه بدان تعلّق دارد

صبر[4] کن چوں مر ترا آید مصیبت جانِ من
یابی ثوابِ انبیاء از حد بروں هم از حصر
گر ترا وقتے[5] رسد رنج و مصیبت یاد کن
جمله مصائب رنجها پیغمبرِ جنّ و بشر
گر جزع[6] و فزع میکنی اندر مصیبت رنجِ خود
سودے ندارد مر ترا محروم مانی از اجر
از[7] آه و لطمه نعره هم شقِ جیوب و خدشِ خد
از نتفِ موئے ریش و سر باید کنی کلّی حذر

[1] بعض نسخوں میں دوسرا مصرع اس طرح ہے "کارے مہم آید ترا چوں صدقہ پیش آرد خبر" (ف) صدقہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہی دیا جاتا ہے اسکا ثواب حضور سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا بزرگانِ دین کو پہنچایا جاسکتا ہے مثلاً میلاد شریف یا گیارہویں شریف۔ حدیث شریف میں ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قربانی دی اور دعا کی کہ اے اللہ یہ میری طرف سے اور میرے ان اُمتیوں کی طرف سے ہے جو قربانی نہیں دے سکے، حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک جانور اپنی طرف سے اور ایک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے قربانی دیتے تھے

[2] بگرداند واپس کر دیتا ہے (ف) حدیث شریف میں ہے صدقہ بلا کو رد کرتا ہے اور عمر میں برکت کا باعث ہے

[3] بابِ سی و نہم ۳۹ انتالیسواں باب مصائب جمع مصیبت تعزیت ہمدردی اور غمخواری کا اظہار

[4] (ف) ارشادِ ربّانی ہے اِنّمَا یُوَفّی الصّابِرُونَ اَجرَہُم بِغَیرِ حِسَاب الآیۃ صبر کرنے والوں کو بے حساب اجر دیا جائے گا

[5] (ف) حدیث شریف میں ہے مَا اُوذِیَ نَبِیٌّ مِثلَ مَا اُوذِیتُ جتنی تکلیفیں مجھے دی گئیں کسی نبی کو نہیں دی گئیں

[6] جزع بے صبری فزع ڈرنا دونوں کا مطلب بے صبری اور بے قراری کا اظہار ہے، سود فائدہ مانی تو رہے گا اجر ثواب (ف) بے صبری اور واویلا کا فائدہ نہیں نقصان ہے یعنی صبر پر جو ثواب ملتا ہے جاتا رہے گا۔

[7] لطمہ طمانچہ مارنا نعرہ بلند آواز نکالنا، شق پھاڑنا جیوب جمع جیب گریبان، خدش چھیلنا، نوچنا خد رخسار، نتف اکھیڑنا موئے بال ریش داڑھی حذر پرہیز (ف) یہ سب بے صبری ظاہر کرنے کی جاہلانہ رسمیں ہیں۔ حدیث شریف میں ہے لَیسَ مِنَّا مَن ضَرَبَ الخُدُودَ وَشَقَّ الجُیُوبَ وَدَعَا بِدَعوَی الجَاهِلِیَّة وہ ہم میں سے نہیں جو رخساروں پر طمانچے مارے اور گریبان پھاڑے یا جاہلیت کی بات کہے۔ بلند آواز سے رونا ممنوع ہے البتہ آنسو بہانے میں حرج نہیں۔

marfat.com

سوگ[۱] مکن چوں جاہلاں خفتن زمیں ترکِ سخن
ماندن گرسنہ روز و شب تنہا نشستن در حُجر
تاریک[۲] کردن خانہ را نے شمع را افروختن
نے صحن رُفتن ہیچگہ ترکِ گلابہ بام و در
بیکار[۳] بودن از کارہا ترکِ تجارت زرع و زن
با جامہ بودن رنگیں کردن کبودی یا خضر
اندر[۴] مصائب جملہ را از مرد باشد خواہ زن
محظور آید برہنہ در شرع کردن فرقِ سر
الا کہ[۵] باشد عالمے کز مردنش ظاہر شود
اسلام اندر رخنۂ جز او نہ بندد کس دگر
ہر اندہے[۶] کاندر جہاں آید بہ پیشت جانمن
شمعے بمیرد یا شود چرمے ز نعلے منکسر
دیگر[۷] شوی چوں گرسنہ یا ظالمے ایذا کند
دانی مصائب جملہ را راجع شوی بکنی حذر

[۱] سوگ غم خفتن زمین پر سونا ترکِ سخن گفتگو ترک کر دینا ماندن گرسنہ، بھوکا رہنا حُجر جمع حجرہ (ف) فقیہ ابو اللیث فرماتے ہیں اہلِ مصیبت کے لیے تین دن تک گھر یا مسجد میں بیٹھنے میں حرج نہیں تاکہ لوگ آکر تعزیت کریں کیونکہ جب حضرت جعفر طیار کی شہادت کی خبر پہنچی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما ہوئے صحابہ آکر تعزیت پیش کرتے تھے ۱۲ شرح [۲] افروختن جلانا، روشن کرنا رُفتن پہلا حرف مضموم جھاڑو دینا گلابہ مٹی کی لپائی، بام چھت در دروازہ [۳] زرع کھیتی زن عورت ایک نسخہ میں زر ہے جامہ کپڑا رنگیں میلا کبود نیلا خضر سبز (ف) یہ بھی سوگ کی ممنوع صورتیں ہیں [۴] محظور ممنوع برہنہ ننگا فرقِ سر، سر کی مانگ [۵] الا مگر مردن مرنا اسلام اندر اسلام میں رخنہ شگاف نہ بندد نہ بند کرے (ف) شارح فرماتے ہیں جاہلیت کی رسموں کی کسی صورت میں اجازت نہیں مصنف کی عبارت کا مطلب یہ ہوگا کہ غیر اختیاری طور پر عالمِ دین باعمل کی وفات پر سر برہنہ ہو جانے سے گناہ لازم نہ ہوگا۔ مرنے والا اگر وصیت کر جائے تو رونے پیٹنے پر اسکو عذاب ہوگا اور اگر منع کر جائے تو نہیں [۶] اندہ مخفف اندوہ غم شمع چراغ بمیرد بجھ جائے چرم چمڑا نعل جوتا منکسر ٹوٹا ہوا [۷] گرسنہ بھوکا ایذا تکلیف دینا راجع انا للہ وانا الیہ راجعون کہنے والا، ان الفاظ مبارکہ کے پڑھنے کو استرجاع کہتے ہیں (ف) مصیبت بڑی ہو یا چھوٹی اس پر صبر کرنے اور استرجاع میں اجر ہے خواہ اتنا ہی ہو کہ چراغ بجھ جائے۔

۱ے تعزیت تسلی دینا تارک نباشی ایک نسخہ میں اسکی جگہ "ترک نگیری" ہے (ف) عین العلم میں ہے تعزیت یہ ہے کہ غمگین کے دل کو تسلی دی جائے اسے نصیحت کی جائے، صبر کا عظیم ثواب بتایا جائے، اس سے عاجزی اور اظہار غم کے ساتھ مصافحہ کیا جائے، مسکرایا نہ جائے، گفتگو کم کی جائے، میت کیلئے خیر اور ایمان کی گواہی دی جائے، جب میت کا ذکر ہو تو اسکے لیے دعائے خیر کرے، حدیث شریف میں ہے تم اپنے مردوں کو صرف خیر سے یاد کرو نیز فرمایا جس نے اپنے مسلمان بھائی کو تسلی دی اسکے لیے اسکے مثل اجر ہے ۱۲ شرح ۲ے عیادت بیمار پرسی، عزا تعزیت اہل ذمہ وہ کافر جو مسلمانوں کے ملک میں پناہ لے کر رہائش رکھتے ہوں، ہدایہ فقہ حنفی کی مشہور کتاب از امام برہان الدین مرغینانی ۳ے پس پیچھے رواں چلنے والا، نعرہ آواز سے چلانا فریاد واویلا صوت جہر بلند آواز سے

[1] تعزیت چوں بشنوی مردہ کسے از اہلِ دین
دانی سنن ایں نوع را تارک نباشی اے پسر
[2] چوں تو عیادت یا عزا بکنی مر اہلِ ذمہ را
باشد روا اندر شرع بکشا ہدایہ کن نظر
[3] حاضر جنازہ چوں شوی در پس جنازہ شو رواں
نعرہ مزن فریاد ہم قرآں مخواں صوتِ جہر
[4] بانگے مزن بازار و کو مردہ فلاں حاضر شوید
گلہا مریزی بر سرش بادام و خرما یا شکر
[5] گورے مربع چوں کنی مکروہ باشد پشتہ کن
جامہ مپوشاں گور را تنبول و شربت ہم مبر
[6] بالائے تربت میوہ را مانند برگے یا شکر
قرآں مخواں پایاں او بنشیں نخواں نزدیک سر

(ف) جنازے کے پیچھے پیدل چلنا افضل ہے، اسی طرح خاموشی کے ساتھ یہ سوچتے ہوئے چلنا افضل ہے کہ ایک دن میری بھی یہ حالت ہوگی، دنیاوی گفتگو اور ہنسی مزاح مکروہ ہے البتہ اگر لوگ دنیاوی باتوں میں مصروف ہوں تو اس کی نسبت آہستہ یا بلند آواز سے ذکر کرنا بہتر ہے، اس مسئلہ کی تحقیق علامہ عبد الغنی نابلسی نے الحدیقۃ الندیہ میں اور امام احمد رضا بریلوی نے فتاوی رضویہ میں فرمائی ہے ۴ے بانگ اعلان کو گلی ایک نسخہ میں ہے "بلفظ مردہ" گلہا پھول مریزی نہ گرا خرما کھجور (ف) اہل علم میں اختلاف ہے بعض نے کسی کی وفات پر اعلان کو مکروہ قرار دیا ہے بعض اہل علم فرماتے ہیں اس میں حرج نہیں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت نجاشی، حضرت جعفر بن ابی طالب، حضرت زید بن حارثہ اور حضرت عبد اللہ ابن رواحہ کی وفات کی خبر دی، دور جاہلیت میں طریقہ یہ تھا کہ مختلف لوگ مختلف قبیلوں کے راستوں اور بازار میں جا کر چیختے چلاتے، میت کے مفاخر بیان کرتے اور اسکی وفات کی خبر دیتے حدیث شریف میں جاہلیت کے اس طریقے سے منع فرمایا ہے، میت کے سر پر پھول، بادام کھجوریں یا شکر نچھاور کرنا بے فائدہ کام ہے اس سے اجتناب چاہیے ۵ے گور قبر، مربع چکور جیسے اینٹ، پشتہ کوہان کی طرح جامہ کپڑا مپوشاں نہ پہنا تنبول پان کا پتہ مبر نہ لے جا (ف) مسنون یہ ہے کہ قبر کوہان کی طرح ہو اور ایک بالشت زمین سے بلند ہو، عوام کی قبروں پر غلاف ڈالنا بے مقصد ہے البتہ اولیاء کرام کے مزارات پر اس ارادے سے غلاف ڈالنا کہ ناواقف انہیں تعظیم کی نگاہ سے دیکھے اور ایصالِ ثواب کئے بغیر نہ گزرے جائز ہے علامہ عبد الغنی نابلسی قدس سرہٗ کا رسالہ مبارکہ کشف النور عن اصحاب القبور اور امام احمد رضا بریلوی کا فتاوی رضویہ ملاحظہ ہو ۶ے بالائے اوپر تربت قبر برگ پتہ پایاں پائنتی (ف) قبر پر میوہ یا شکر وغیرہ ڈالنا بیکار اور ممنوع ہے یہ چیزیں میت کی طرف سے صدقہ کر دی جائیں تو اسے فائدہ ہوگا کسی طرح سبزہ یا پھول اس نیت سے قبر پر رکھنا جائز ہے کہ جب تک تر رہیں گے تسبیح پڑھتے رہیں گے اور میت کو فائدہ پہنچے گا۔

marfat.com

گورے نبوسی ہیچگہ چوں گمرہاں جانانِ من[۱]
بزہ گار گردی بیشکے جز گور ما دریا پدر
آنجا مبر صندوق را[۲] چیزے مخور آشام ھم
خندہ مکن ہزلے مگو گرد دلت ہیچوں حجر
نقش و نگارے[۳] چوں کُنی در گور ما با گچ زنی
مکروہ باشد در کتب صدقات باشد خوب تر
صدقات[۴] بہرِ روح او گر مے دہی بروے رسد
در شب جمعہ واں ہفتہ را بروے دہند آں دہ قدر
آیند[۵] ہر یک مُردگاں رخصت گرفتہ از خدا
گوئیند رازِ خویش را حزن و فرح راحت نظر
بینند[۶] حالِ مال و زر خود را ز خویش و اقربا
گوئیند بازاری دُعا یا بد دُعا یابی خطر

۱ نبوسی تو نہ چوم بزہ گار گنہگار (ف) در ہم الکیس (کتاب) میں ہے قبر کو بوسہ نہ دے البتہ والدین کی قبر کو بوسہ دینے میں حرج نہیں شارح فرماتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ استاذ اور مشائخ کی قبروں کو بوسہ دینا جائز ہے (کیونکہ وہ والدین سے بھی زیادہ تعظیم کے مستحق ہیں) خزانہ میں حدیث شریف ہے کہ اگر کسی نے قسم کھائی کہ جنت کی دہلیز اور حور کے چہرے کو بوسہ دوں گا تو اسے چاہیئے کہ والدہ کے پاؤں اور باپ کی پیشانی کو بوسہ دے اور اگر وہ فوت ہو چکے ہیں تو ان کی قبر کو اسی طرح بوسہ دے تاکہ اس کی قسم نہ ٹوٹے (شرح) شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے شرح مشکوٰۃ میں امام غزالی نے کیمیائے سعادت میں امام احمد رضا بریلوی نے انوار البشارۃ میں صدر الشریعہ مولانا امجد علی نے بہار شریعت میں فرمایا کہ ادب یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جالی مبارک کو بوسہ نہ دے، یعنی بوسہ دینا خلافِ ادب ہے گناہ نہیں ہے ۲ مبر نہ لے جا صندوق بکس ایک نسخہ میں ہے مطبوخ پکا ہوا کھانا مخور آشام ہم یعنی نہ کھا نہ پی خندہ ہنسی مزاح ہزل بیہودہ گوئی حجر پتھر (ف) قبر میں صندوق رکھنا مکروہ ہے البتہ اگر زمین نرم ہو تو جائز ہے اگرچہ لوہے کا ہو، ایسی صورت میں صندوق میں کچھ مٹی ڈال دی جائے اور اوپر والے تختے کو خاک آلود کر دیا جائے ۳ نقش و نگار بیل بوٹے گچ سفید مٹی، چونہ (ف) قبر جائے فنا ہے وہاں نقش و نگار کا کیا فائدہ، ارد گرد سے اگر پختہ بنا دی جائے تو جائز ہے البتہ اوپر سے کچی رہنی چاہیے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر کے پاس علامت کے طور پر ایک بڑا پتھر رکھا ۴ مسئلہ عبادات مالیہ اور بدنیہ اور قرآن مجید پڑھنے کا ثواب میت کو پہنچتا ہے تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو شرح الصدور علامہ سیوطی اور فتاویٰ رضویہ، ۵ مُردگاں مُردے رخصت اجازت حزن غم فرح خوشی (ف) امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے رسالہ مبارکہ "اتیان الارواح" میں ثابت کیا ہے کہ وفات کے بعد خصوصاً جمعہ کی رات روحیں اپنے گھروں میں آتی ہیں ۶ بینند روحیں دیکھتی ہیں، اقربا جمع قریب رشتہ دار، آرمی عاجزی، رونا (ف) روحیں اپنے گھروں میں آ کر بڑی حسرت کے ساتھ دیکھتی ہیں کہ ہمارا مال و زر رشتہ داروں کے پاس جا چکا ہے پھر اگر وہ اسے اچھے جگہوں پر خرچ کر رہے ہوں تو ان کے لیے دعا کرتی ہیں ورنہ بد دُعا۔

marfat.com

ہر کو زبہرِ حق دہد صدقہ بروحِ مُردگاں [1]
یابد جزا روحش ازاں او ہم شود زاں بہرہ ور

احوال [2] را از خویشتن گویند با حسرت بسے
مادر پدر ہم اخوتاں ہر کو بود دختر پسر

گنبد [3] مکن بر گورِ ما نے قبہ نے حجرۂ
بادے فزد باراں رسد گردد گنہ بیشک ہدر

میداں [4] زیارت سنتست میکن زیارت روز و شب
معہود سیوم ہفتمی داں بدعتے می کن حذر

از بہرِ [5] اہلِ مردہ را طعمے بکن از جان و دل
پس ہر درم یابی جزا جاناں بدہ دینار زر

پس [6] مردہ سازی طعام را چوں در سوم ہفتم چہل
باید دہی درویش را ورنہ نباشد معتبر

[1] مسئلہ: ایک شخص سورۂ فاتحہ پڑھ کر جتنے لوگوں کو ثواب بخشے گا اللہ تعالیٰ کے کرم سے اُمید ہے کہ ان میں سے ہر ایک کو پوری فاتحہ کا ثواب ملے گا اور بخشنے والے کو بھی اتنا ہی ثواب ملے گا [2] احوال را از خویشتن اپنے حالات، اخوتان اَخ (بھائی) کی جمع اخوۃ اور اس کی جمع فارسی قاعدے کے مطابق اخوتاں (ف) روحیں اپنا دُکھ درد بیان کرتی ہیں یہ الگ بات ہے کہ ہمیں ان کی باتیں نہیں سُنائی دیتیں [3] گنبد اور قبہ دونوں ہم معنی ہیں حجرہ کمرہ باراں بارش، ہدر ختم (ف) علامہ عبدالغنی نابلسی قدس سرہٗ کشف النور میں فرماتے ہیں اولیاء کرام کی قبروں پر گنبد بنانا اور روشنی کرنا اس نیت سے جائز ہے کہ زائرین کو سہولت رہے گی، گنبد خضراء کا وجود اس دعویٰ کی دلیل ہے پھر اُمتِ مسلمہ کا ہر زمانہ میں اس پر عمل بھی اس کے جائز ہونے کی علامت ہے البتہ کتنا اچھا ہو کہ جو لوگ مزارات کی تعمیر پر لاکھوں روپیہ خرچ کر دیتے ہیں وہ اگر بقدرِ ضرورت چھت ڈالیں اور باقی رقم دین اور مسلک اہلِ سنّت کی اشاعت پر صرف کریں، حکیم الامت مفتی احمد یار خاں نعیمی کتنے دکھ کے ساتھ فرماتے ہیں ؎
مالِ سُنّی بہرِ قوالی و عرس ۔ مالِ نجدی بہر تبلیغ است و درس

[4] میداں تو جان معہود مقرر سیوم تیسرا دن ہفتم ساتواں دن بدعت وہ نو پیدا فعل جس کی اصل شریعت مبارکہ میں نہ ہو (ف) نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں نے تمہیں قبروں کی زیارت سے منع کیا تھا اَلَا فَزُوْرُوْھَا خبردار! ان کی زیارت کیا کرو حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر سال شہداء اُحد کے مزارات پر تشریف لے جاتے اور انہیں فیض یاب فرماتے، البتہ کوئی دن مقرر کر لینا اور یہ سمجھنا کہ اس دن زیارت جائز ہے یا اس دن ثواب زیادہ ہوگا آگے پیچھے نہیں تو یہ بے اصل بات ہے، اگر اپنی سہولت کے پیشِ نظر کوئی دن مقرر کرے تو کوئی حرج نہیں ہے [5] اہلِ مردہ جن کے ہاں میت ہو، پس پیچھے (ف) جس گھر میں کوئی فوت ہو جائے اس گھر والے غم و اندوہ میں مبتلا ہوں گے اس لئے پڑوسیوں اور رشتہ داروں کو ان کے کھانے کا انتظام کرنا چاہیے [6] پس پیچھے سوم تیجا ہفتم ساتا چہل چالیسواں (ف) امام احمد رضا بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں سوئم کے چنے اور فاتحہ کا کھانا فقیر لے غنی نہ لے اور اگر غنی لے لے تو مسلمان فقیر کو دے دے یہ حکم عام فاتحہ کا ہے، نیاز اولیائے کرام طعام موت نہیں، وہ تبرک ہے فقیر و غنی سب لیں، جبکہ مانی ہوئی نذر شرعی نہ ہو، شرعی نذر غیر فقیر کو جائز نہیں۔ احکام شریعت ص ۱۳۱

marfat.com

باب[1] چہلم در بیانِ احکامِ شہادت میگوید

چوں[2] کشتہ گردد مسلمے در راہِ حق با کافراں
یا ظلمے عمداً کشد خواہی بہ تیغ و یا تبر

زندہ[3] نماند ساعتے فی الحال میرد در زماں
نے طعامِ بخورد آب نے سخنے نہ اندک بیشتر

حدِ[4] شہید اندر شرع جز ایں نباشد جانِ من
دیگر شہیداں مصطفےٰ گفتہ است بشنو نامور

غرقہ[5] باآبے گر شود دیگر باآتش سوختہ
مبطون و مطعون آنکہ او میرد بروں اندر سفر

شخصے[6] کہ میرد در جمعہ خواہی بروز و یا بشب
عاشق کہ باشد پارسا آں عشق دارد در ستر

وانکس[7] کہ میرد در سماع بشنود سماعے بہرِ حق
واں زن کہ میرد در حمل میرد کسے زیرِ جدر

[1] باب چہلم چالیسواں باب، شہادت کی دو قسمیں (۱) شہادت شرعیہ یہ ہے کہ عاقل و بالغ اور پاک مسلمان کافروں کے ہاتھوں مارا جائے یا ظالم (باغی اور ڈاکو) اسے قصداً اور ظلماً ہلاک کر دے اور اس کے قتل پر دیت لازم نہ ہو اور زخمی ہونے کے بعد اتنی دیر زندہ نہ رہے کہ کسی قسم کا نفع حاصل کر سکے ایسے شہید کا حکم یہ ہے کہ اسے انہی کپڑوں میں غسل دئے بغیر جنازہ پڑھ کر دفن کر دیا جائے (۲) شہادت معنویہ مسلمان کسی مرض یا حادثہ (جن کا ذکر مصنف نے کیا ہے) کے سبب فوت ہو جائے ایسے شہید کو غسل دیا جائے کفن پہنایا جائے اور دفن کر دیا جائے [2] کشتہ گردد قتل ہو جائے ظالم باغی یا ڈاکو عمداً جان بوجھ کر، غلطی سے قتل کرتے پر دیت لازم آئے گی تیغ تلوار تبر کلہاڑا [3] ساعت گھڑی در زمان اسی وقت طعام کھانا آب پانی سخن گفتگو اندک تھوڑی بیشتر زیادہ (ف) زخمی ہونے کے بعد کچھ دیر زندہ رہنا اور نفع حاصل کرنا ارتثاث کہلاتا ہے ایسی صورت میں وہ شخص معنوی شہید ہوگا [4] حد تعریف بشنو سن [5] غرقہ باآب پانی میں ڈوب جائے، آتش آگ سوختہ جلا ہوا، مبطون جسے پیٹ کی بیماری ہو مثلاً دست لگے ہوں مطعون طاعون (پلیگ) کا مریض (ف) خزانہ جلالی میں حدیث شریف ہے کہ جو سفر میں مر جائے اس کی قبر میں اتنی وسعت عطا کی جاتی ہے جس قدر اس کے گھر اور قبر میں فاصلہ ہے ۱۲ شرح [6] پارسا پرہیزگار ستر پردہ (ف) حدیث شریف میں ہے جو ایماندار جمعہ کے دن یا رات کو فوت ہوا اس سے عذاب اٹھا لیا جاتا ہے، وہ پاکباز عاشق (مرد ہو یا عورت) جو عشق کے ہاتھوں جان دے بیٹھے معنوی شہید ہے [7] میرد مر جائے سماع قوالی سنتا بہرِ حق اللہ تعالیٰ کے لئے (نہ کہ نفسانی خواہش کے لیے)، زن عورت در حمل یعنی بچے کی پیدائش کے سبب زیر نیچے جدر پہلا حرف مکسور دوسرا مفتوح (مخفف جدار) دیوار۔

marfat.com

پا[۱] مال گردد اسپ یا برق بزند صاعقه

اندر چهے افتد کسے شیرش کشد یا خوک نر

وانکس[۲] که سخنے بهرِ حق گوید شود کشته دراں

دیگر یکے مرتث بداں شد شانزده جمله نفر

وانکس[۳] که بهرِ مال وزر جنگے کند با کافراں

یا بهر نام شجعتے چنداں نیابد او اجر

آنکس[۴] که بخورد زخمکے بر رو مقابل دشمناں

با او چه نسبت آنکسے زخمے خورد پشت وکمر

مقبل[۵] رود اندر جناں شادی کناں خندہ زناں

از سالہا چوں پانصد مدبر شهیدِ پیشتر

هر[۶] گز کسے را در جناں دنیا نباشد آرزو

الا شهیدِ راہِ حق گرچه بیابد کشکِ زر

چوں[۷] مومنے از صدق دل خواهد شهادت از خدا

یابد چو شهدا درجتے میرد زتپ یا دردِ سر

---

۱ پامال روندا ہوا اسپ گھوڑا (ایک نسخہ میں ہے " زیر اسپ ") برق بجلی صاعقہ آگ کا ٹکڑا جو خوفناک آواز کے ساتھ آسمان سے گرتا ہے، چہ کنواں خوک خنزیر نر مذکر، تسعری ضرورت کے لیے نر کی قید لگائی گئی ہے ورنہ اس جگہ نر اور مادہ میں فرق نہیں ہے ۲ مرتث (اسم فاعل از ارتثاث) جو شخص زخمی ہونے کے بعد کچھ دیر زندہ رہا اور کسی قسم کا نفع حاصل کیا شانزدہ سولہ نفر فرد (ف) حدیث شریف میں ہے کہ بہترین جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے کلمۂ حق کہنا ہے اس بنا پر جسے قتل کر دیا گیا وہ بھی شہید ہے ۳ شجعت بہادری (ف) کفار سے جنگ کا مقصد صرف دین اسلام کی سربلندی ہے اگر کسی کے گوشۂ خیال میں مال وزر یا ناموری کی خواہش موجود ہو اس کا اجر کم ہو جائے گا۔ ۴ زخمکے چھوٹا سا زخم کاف تصغیر کے لیے ہے، بر رو چہرے پر، مقابل سامنے پشت و کمر دونوں کا معنی ایک ہے (ف) جنگ میں دشمن کی مقدار دوگنا ہو تو اس کے سامنے سے بھاگنا گناہِ کبیرہ ہے البتہ اگر یہ ارادہ ہو کر پلٹ کر حملہ کروں گا یا جماعتِ مسلمین کی پناہ لوں گا تو جائز ہے تاہم پشت پر زخم کھانے والے کو سینے اور چہرے پر زخم کھانے والے سے کیا نسبت؟ ۵ مقبل متوجہ جناں جمع جنت شادی کناں خوشی کرتے ہوئے خندہ زناں ہنستے ہوئے، پانصد پانچ سو مدبر پشت پھیر کر بھاگنے والا (ف) مصنف فرماتے ہیں آمنے سامنے لڑتے ہوئے شہید ہونے والا پانچ سو سال پہلے جنت میں جائے گا نیز مقابلے میں شہید ہونے والا خوش خوش جنت میں جائے گا جبکہ بھاگنے والا ندامت اور شرمساری کے ساتھ جنت میں جائے گا۔ ۶ کشک مخفف کوشک کوٹھڑی زر سونا، (ف) جنت میں جانے کے بعد صرف شہید یہ آرزو کرے گا کہ یا اللہ! مجھے دنیا میں واپس بھیج دے تاکہ دوبارہ تیری راہ میں جان دوں ۷ درجت مرتبہ (ف) حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمیشہ یہ دعا کیا کرتے تھے اللھم ارزقنی شهادة فی سبیلک واجعل موتی فی بلد حبیبک اے اللہ! مجھے اپنی راہ میں شہادت اور مدینہ طیبہ میں موت نصیب فرما، مصنف فرماتے ہیں جس شخص کی یہ آرزو ہو وہ اگرچہ بخار یا دردِ سر سے فوت ہو جائے شہدا کا درجہ پائے گا۔

marfat.com

شہید[1] امگو از مردگاں در دل مپندار ایں سخن

اندر جناں چوں زندگاں بخورند شربت ہم ثمر

باب[2] چہل و یکم در بیان اسباب بینوائی و مدبری می گوید

اسباب[3] فقر و مدبری چل چیز تو میداں یقیں

مسطور ہیں اندر کتب راوی است جعفر معتبر

طعمے[4] مخور باشی جنب آبے مخور از نائرہ

ہم دور کن از خویشتن آوند ہائے منکسر

بوئے[5] مکن ہم برہنہ جاروب در شبہا مزن

مگذار ہم آوند را جانانِ من بکشادہ سر

نے[6] زن بگیر د نام شوئے نے شوی گیرد نام زن

نے نامِ مادر نے پدر خوانند دختر یا پسر

طعمے[7] مخور ہم بے ادب نے بد دعا فرزند را

پرکالہ باشد نانہا آں راز درویشاں مخر

---

[1] مردگاں مردے مپندار گمان نہ کر ثمر پھل (ف) ارشادِ ربانی ہے ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات اور فرمایا ولا تحسبنّ الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہونے والوں کو مردہ نہ کہو انہیں مردہ گمان بھی نہ کرو [2] باب چہل و یکم اکتالیسواں باب بینوائی ناداری مدبری بدبختی [3] چل مخفف چہل چالیس، مسطور لکھا ہوا راوی روایت کرنے والے جعفر حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ف) حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے آبائے کرام کے واسطہ سے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسباب فقر روایت کئے ہیں اگرچہ انہوں نے یہ صراحت نہیں کی کہ وہ اسباب صرف چالیس ہیں تاہم انہوں نے چالیس ہی بیان کئے ہیں بہتر یہ ہے کہ کسی عدد کی تعیین نہ کی جائے بلکہ شریعت مبارکہ کے کسی بھی ادب کا ترک اور مکروہ کا ارتکاب فقر کا سبب ہے ۱۲ شرح [4] جنب جس پر غسل واجب ہو نائرہ لوٹی از خویشتن اپنے آپ سے آوند ہا برتن جمع آوند، منکسر ٹوٹا ہوا [5] بوئی پیشاب برہنہ ننگا جاروب جھاڑو مزن نہ مار، نہ پھیر، مگذار نہ چھوڑ آوند برتن بکشادہ سر ڈھانپے بغیر (ف) جس طرح بالکل برہنہ ہو کر پیشاب کرنا مکروہ ہے۔ اس طرح کھڑے ہو کر پیشاب کرنا بھی مکروہ ہے [6] زن عورت، بیوی شوی شوہر مادر ماں پدر باپ دختر لڑکی پسر لڑکا (ف) مرد و زن ایک دوسرے کا نام لیں آدابِ زندگی اور حسنِ معاشرت سے ہے کسی کتاب میں نہیں دیکھا گیا، جس طرح والدین اور اجداد کو نام لے کر پکارنا ممنوع ہے اسی طرح شاگرد استاد کا اور مرید مرشد کا نام نہ لے [7] پرکالہ ٹکڑا مخر نہ خرید (ف) تکیہ لگا کر یا لیٹ کر کھانا پینا، اولاد کو بد دعا دینا، لوگوں پر لعنت بھیجنا، فقیروں اور بھکاریوں سے روٹی کے ٹکڑے خریدنا موجب فقر ہے۔

۱؎ قائمٔ نپوشی جان من شلوار را در ہیچگہ
شستہ مبند دستار ہم گوشہ نگیری از بشر
۲؎ در خشک مُوشانہ مکن استادہ باشی ہم مکن
شانہ شکستہ چوں شود از وے بکن کلّی حذر
۳؎ مقراض موا ز شرمگاہ مستاں گہی جانانِ من
ہم موئے را بر شرمگاہ از چل نداری بیشتر
۴؎ در پیشِ پیراں ہم مرو بر آستانہ ہم مشیں
تخلیلِ دنداں ہم مکن ہر چونکہ باشد از سحر
۵؎ وقتے نسوزی پوستے از سیر خواہی از بصل
چوں عنکبوتے بنگری از خانہ کن بیروں نے در
۶؎ زندہ سپس مفگن نے در نمازے کاہلی
باکذب ہم عادت مکن نے در فروجے کن نظر

۱؎ قائم کھڑے ہو کر، شستہ بیٹھ کر، پاگ پگڑی ایک نسخہ میں ہے "شستہ مبند دستارہم"، گوشہ علیحدگی (ف) حدیث شریف میں ہے جو شخص کھڑا ہو کر شلوار پہنے اور بیٹھ کر پگڑی باندھے اللہ تعالیٰ اسے ایسی بلا میں مبتلا کرے گا جس کا کوئی دوا نہیں نیز حدیث شریف میں ہے المؤمن الف مالوف مومن دوسروں سے محبت اور انس کرنے والا ہے اسے یکسر علیحدگی اختیار نہ کرنی چاہیئے ۲؎ مو بال شانہ کنگھی، ستادہ کھڑے ہو کر شکستہ ٹوٹی ہوئی، حذر پرہیز (ف) حدیث شریف میں ہے جو شخص چلتے پھرتے کنگھی کرے گا وہ بھوکا مرے گا اور جو کھڑا ہو کر کنگھی کرے گا اس پر قرض سوار ہو جائیگا ۱۲ شرح ۳؎ مقراض قینچی، اس سے پہلے بار مقدر رہے در اصل بمقراض ہے موا ز شرمگاہ، ناف کے نیچے کے بال انہیں موئے زہار کہتے ہیں مستاں نہ لے، چل چالیس (دن) نداری تو دیکھے (ف) موئے زیر ناف استرے سے مونڈنے چاہئیں قینچی سے کاٹنا موجب فقر ہے، حالت جنابت میں نہ تو ناخن کاٹے جائیں نہ موئے زیر ناف مونڈے جائیں، نیز یہ بال دفن کر دینے چاہئیں تاکہ ان پر کسی کی نظر نہ پڑے ۴؎ پیش آگے پیراں جمع پیر بوڑھا عمر میں زیادہ آستانہ دہلیز ایک نسخہ میں ہے "بر سر ستانہ"، آستانہ کا مخفف، مشیں نہ بیٹھ اصل میں منشیں تھا، تخلیل خلال کرنا دنداں دانت ہر چونکہ جیسا بھی ہو سحر درخت (ف) اللہ استاذ، پیر و مرشد اور معمر شخص کے آگے نہیں چلنا چاہیے، دہلیز پر یا گلی میں نہ بیٹھنا چاہیئے دانتوں کا خلال صاف ستھرے تنکے سے کرنا چاہیئے، جھاڑو کے تنکے یا ایسے ہی گرے ہوئے تنکے سے نہ کرنا چاہیے ۵؎ نسوزی تو نہ جلا پوست چھلکا سیر لہسن بصل پیاز عنکبوت مکڑی، بنگری تو دیکھے (ف) لہسن اور پیاز کا چھلکا جلانا اور مکڑی کا جالا اسباب فقر سے ہے لہسن اور پیاز پکا کر کھایا جائے کچا نہ کھایا جائے کہ فرشتوں کی تکلیف کا سبب ہے، جدید طبی تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ لہسن بہت سی بیماریوں کا علاج ہے خصوصاً دل کی بیماری اور پھوں کے کھچاؤ کے لئے ۶؎ سپس جوں مفگن نہ پھینک، کاہلی سستی کذب جھوٹ، فروج جمع فرج شرمگاہ (ف) جوں نظر آجائے تو اسے مار دیا جائے زندہ چھوڑنا نسیان اور رزق کی کمی کا سبب ہے احرام میں جوں کا مارنا ممنوع ہے، نماز مستعدی سے ادا کرنی چاہیے، منافقین کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اذا قاموا الی الصلوٰۃ قاموا کسالیٰ جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو سستی سے کھڑے ہوتے ہیں، جھوٹ تین جگہ جائز ہے (۱) کسی کی دو بیویاں ہوں انہیں راضی کرنے کے لئے (۲) دو شخصوں میں صلح کرانے کے لیے (۳) میدانِ جنگ میں جنگی چال کے طور پر، حدیث شریف میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم ہے کہ زندہ یا مردہ کی ران نہ دیکھو، اپنی شرمگاہ میں نظر کرنا موجب نسیان ہے

marfat.com

۱؎ شوئی تو دھوئے صیغہ واحد حاضر فعل مضارع از شستن دامن کپڑے کا کنارہ پوشیدہ پہنا ہوا دوزی تو سئے از دوختن سینا مدبر بدبخت (ف) ہاتھ اور منہ دھو کر رومال یا تولئے سے خشک کرنے چاہئیں کرتے یا تہ بند کے کناروں سے نہیں، اسی طرح اگر ضرورت ہو تو کپڑا اتار کر سیا جائے ۲؎ گذاری تو ادا کرے فجر صبح کی نماز زود جلدی میا نہ آ گردی تو ہو گا ضرر نقصان

وقتے[۱] کہ شوئی دست و رو خشکش مکن با دامنے	پوشیدہ دوزی جامہ چوں مدبر شوی جانِ پدر
چوں[۲] تو گذاری فجر را زود ے میا مسجد بروں	گردی بفاقہ مبتلا آید بہ پیشت صد ضرر
خوابے[۳] کنی در صبحدم ادبار آید پیش تو	با کارد ے ناخن مبر نے ہم بدنداں اے پسر
تخمِ[۴] شگافی خربزہ صد فاقہ آید پیش تو	سوگند بخوری راست چوں روزیت گردد تنگتر
در نفقہ[۵] تنگی ہم مکن فرزند اہلِ خویش را	دستے نہ شستہ چوں خوری برود ز تو ہم مال و زر
کاسہ[۶] و صحنک زود شو چوں تو خوری طعمے درو	شیطاں بہ بیند چوں ہمیں لیسد ورا جانِ پدر
جنگے[۷] خصومت گفتگو در خانہ کردن روز و شب	از تو گریزد رزقِ تو ہرگز نیاید پیش در

(ف) فجر کے بعد چاہیے کہ اسی جگہ سورج طلوع ہونے تک بیٹھا رہے اور اگر ضرورت ہو تو سب سے پیچھے باہر نکلے ۳؎ صبحدم صبح کے وقت ادبار بدبختی، بے برکتی کارد چھری، چاقو، (ف) حدیث شریف میں ہے نوم الصبح یمنع الرزق صبح کا سونا رزق کو روکتا ہے، ناخن چھری چاقو یا دانتوں سے نہ کاٹے جائیں قینچی یا ناخن تراش سے کاٹنے چاہئیں ۴؎ تخم بیج شگافی تو پھاڑے چھیلے خربزہ خربوزہ سوگند قسم راست سچی تنگتر بہت تنگ (ف) غرض علاج کے بغیر خربوزے کے چھلکے چھیلنے نہ چاہئیں ی زیادہ قسمیں کبھی نہ کھائی جائیں اگرچہ سچی ہی ہو باعث فقر ہیں ۵؎ نفقہ خرچ فرزند بیٹا اہلِ خویش گھر والے، بیوی بچے شستہ دھویا ہوا (ف) اگر گنجائش ہو تو اہل و عیال کے اخراجات میں تنگی نہ کرنی چاہیے، کھانے سے پہلے اور بعد ہاتھ دھونا اور کلی کرنا سنت ہے اس کا ترک موجب فقر ہے ۶؎ کاسہ پیالہ صحنک بڑی پلیٹ شو دھو صیغہ واحد حاضر فعل امر از شستن لیسد چاٹتا ہے ورا اس کو ۷؎ خصومت لڑائی، گریزد بھاگتی ہے (ف) حدیث شریف میں ہے جو شخص اپنے اہل پر ظلم کرتا ہے اور بے گناہ بیوی کو مارتا ہے اسے معلوم ہونا چاہیے کہ میں خدا کا نبی قیامت کے دن اس کا دشمن ہوں گا، اس لیے اپنے اہل و عیال کے ساتھ میانہ روی اختیار کرنی چاہیے نہ بہت زیادہ نرمی بہتر ہے اور نہ ہی بہت زیادہ سختی۔

marfat.com

[1] ہر چہل کہ گفتگو مر ترا بنویس اندر جان و دل
محتاج نے گردی گہے ہر روز یابی صد گہر

[2] باب چہل و دوم در بیان توانگری میگوید

[3] اسباب ثروت جملگی سی[30] چیز دانی بیشکے
گر تو کنی آں چیز ہا گنجے بیابی بیشتر
[4] دائم گذاری چاشت را ترک نہ گیری ہیچگہ
روزہ بداری بیض را باشی بخانہ یا سفر
[5] پیوستہ خیزی صبحدم ہر گز نخسپی آں زماں
تسبیح گوئی ذکر ہم غفراں بخواہی ہر سحر
[6] شکر خدا گو ہر زماں مصحف بخر از مال خود
میخر کماں تازی ہمیں خدمت بکن مادر پدر
[7] سورہ جمعہ شبہا بخواں میخواں مزمل روز و شب
دائم بخوانی واقعہ از بعد مغرب خوب تر

۱ے چہل چالیس بنویس لکھ لے محتاج حاجت مند گہے کبھی صد گہر سو موتی، بہت نفع ۲ے باب چہل و دوم بیالیسواں باب توانگری مالداری ۳ے ثروت مالداری جملگی تمام مجموعی طور سی تیس گنج خزانہ ۴ے دائم ہمیشہ گذاری تو ادا کرے چاشت یہ نماز ... ایک پہر دن گزرنے سے نصف النہار تک پڑھی جاتی ہے کم از کم چار رکعت زیادہ سے زیادہ بارہ رکعت، جب سورج ایک دو نیزہ بلند ہو تو دو رکعت نماز اشراق پڑھی جاتی ہے ترک نہ گیری تو اسے نہ چھوڑے بیض قمری مہینہ کی تیرہ چودہ اور پندرہ کے روزے، ان دنوں کی راتیں خوب روشن ہوتی ہیں (ف) نماز چاشت اور ایام بیض کے روزوں کا ثواب بہت ہے اور باعث خیر و برکت ۵ے پیوستہ ہمیشہ خیزی تو اٹھے صبحدم صبح کے وقت نخسپی تو نہ سوئے تسبیح سبحان اللہ کہنا غفراں مغفرت، بخشش سحر سحری۔ (ف) دن رات میں کم از کم ستر بار تسبیح پڑھنی چاہیئے، سحری کی دعا مقبول ہے حدیث قدسی کے مطابق اللہ تعالیٰ اس وقت ارشاد فرماتا ہے کوئی دعا کرنے والا ہے کہ میں قبول کروں کیا کوئی مغفرت طلب کرنے والا ہے کہ اسے بخش دوں، حدیث میں یہ استغفار پڑھنے کا حکم ہے استغفر اللہ العظیم لا الٰہ الا ھو الحی القیوم و اتوب الیہ جو شخص پڑھے گا اس کے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر بھی ہوں تو بخش دیئے جائیں گے ۶ے مصحف قرآن پاک بخر اور میخر خرید کماں تازی عربی کمان (ف) اللہ تعالیٰ کا شکر نعمت کی زیادتی کا موجب ہے ارشاد ربانی ہے لئن شکرتم لازیدنکم، قرآن پاک کا گھر میں رکھنا باعث برکت ہے اور اس کا حق یہ ہے کہ تلاوت کی جائے، تیر کمان اپنے پاس رکھنا سنت ہے اور جہاد کی تیاری، والدین اگرچہ غیر مسلم ہوں پھر بھی ان کی خدمت کرنی چاہیے وصاحبھما فی الدنیا معروفا دنیا میں ان کے ساتھ اچھی طرح زندگی گزار ۷ے (ترجمہ) رات کو سورۂ جمعہ، دن رات میں کسی وقت سورۂ مزمل اور مغرب کے بعد سورۂ واقعہ پڑھنی چاہیے باعث خیر و برکت ہے (ف) یہ ترتیب کتب مشائخ میں لکھی ہوئی ہے ۱۲ شرح۔

marfat.com

موزہ[1] چو پوشی کفش پا باید کہ پوشی زرد را
ناخن[2] چو خواہی گر بری در روز پنجشنبہ ببر
چون[3] تو بپوشی خاتمے پوش از عقیق ای جانِ من
محجوب خواہد دستِ تو دستے بدہ مقصد ببر
عہد[3] بے کہ بکنی باکسے نقضش مکن اے جانِ من
جاروب در مسجد بزن مالے بیابی بیشتر
حجے[4] بکن از بہر حق می کن زیارت مصطفٰے
اندر تجارت صدق را کن پیشواؤ رہبر
در[5] خانہ داری سرکہ را خالی مکن خانہ ازو
برکت چو خواہی مال را رو گوسفندے نو دخر
غسلِ[6] جمعہ دائم بکن خاصہ کہ غسلِ اربعا
در روز عاشورہ بُبر اضعاف ایام دگر
آمیز[7] جو گندم بہم انگہ ازاں نانے بپز
غلہ کہ داری کیل کن از وزن کن کلی حذر

ل کفش پا جوتا پنجشنبہ جمعرات ببر کاٹ (ف) سولہویں باب میں گزر چکا ہے کہ موزہ اور جوتا زرد یا سرخ پہننا چاہیے سیاہ پہننے سے غم و اندوہ آتا ہے، ناخن کاٹنے کے لئے جمعہ کا دن بہتر ہے حدیث شریف میں ہے جمعہ کے دن ناخن کاٹو بلا کی ستر قسمیں اٹھالی جائیں گی ۱۲ شرح ۲ بپوشی تو پہنے خاتم انگوٹھی عقیق مشہور پتھر محجوب نابینا ببر لے جا (ف) حدیث شریف میں ہے عقیق کی انگوٹھی پہنو کہ وہ بابرکت ہے نابینا اگر راہنمائی چاہے تو اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے مقصد تک پہنچانا چاہیے یہ بھی باعث برکت ہے ۱۲ شرح

۳ عہد وعدہ نقض توڑنا جاروب جھاڑو (ف) ارشاد ربانی ہے اوفوا بالعقود وعدہ پورا کرو حدیث شریف میں وعدہ خلافی کو منافقوں کی علامتوں میں شمار کیا گیا ہے، مسجد کی صفائی، اس میں چراغ جلانا، صف بچھانا، استنجے کے لیے ڈھیلے مہیا کرنا باعث برکت ہے ۴ مسئلہ مسلمان عاقل و بالغ آزاد پر عمر میں ایک دفعہ حج کرنا فرض ہے بشرطیکہ اس کے پاس آمدورفت کی سواری، کھانے پینے اور دیگر ضروریات کے اخراجات ہوں اور واپسی تک اہل و عیال کا خرچ بھی دے سکے، حضور سید کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت اہم ترین واجبات میں سے ہے حدیث شریف میں ہے مَنْ زَارَ قبری وجبت لہ شفاعتی جس نے میرے روضۂ انور کی زیارت کی میری شفاعت اسکے لیے واجب ہوگی تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو النیرۃ الوضیۃ از امام احمد رضا بریلوی و جواہر البیان از مولانا شاہ نقی علی خاں قدس سرہما، تجارت کی بنیاد سچ پر ہونی چاہیے شرح سے معلوم ہوتا ہے کہ شارح کے نسخہ میں "صدقہ" ہے یعنی تجارت کے دوران صدقہ دینا چاہیے کہ باعث خیر و برکت ہے ۵ گوسفند بکری خر خرید (ف) حدیث شریف میں ہے جس گھر میں سرکہ ہے اس گھر والے محتاج نہیں ہیں، بکری بھی بابرکت جانور ہے محنت کم اور فائدہ زیادہ ۶ خاصہ خاص طور پر اربعا بدھ عاشورہ دس محرم ببر لیجا اضعاف کئی گنا زیادہ (ف) غسل کسی دن بھی ممنوع نہیں لیکن جمعہ کے روز سنت اور بدھ کے دن باعث برکت ہے، غسل عیدین اور عرفہ کا ذکر اسلئے نہیں کہ وہ سال میں ایک دفعہ ہے عاشورہ کے دن وسعت رزق کا بیان باب ۳ میں گزر چکا ہے ۷ آمیز ملا بہم آپس میں ببر پکا کیل پیمانہ سے ناپنا وزن تولنا (ف) چونکہ انبیاء کرام علیہم السلام اکثر جو تناول فرماتے رہے ہیں اسلئے گندم میں جو ملا لینے چاہئیں نیز شریعت میں تمام غلے کیلی ہیں اس لیے ان کے تولنے سے اجتناب کرنا چاہیئے۔

marfat.com

۱ے بشو دھو تو تونگر مال دار تنہا اکیلا زن بیوی (ف) کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونا سنت اور باعث برکت ہے البتہ اگر روٹی خشک ہے اور ہاتھ سے کچھ نہیں لگا تو صرف پہلے دھونا کافی ہے، شادی کرنا باعث برکت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت ہے نیز پاکدامنی کا سبب ہے
۲ے ہشدار ہوش رکھ ہُش مخفف ہوش جملہ تمام تخلیل خلال کرنا دنداں دانت بنویس لکھ دے ۳ے باب چہل و سوم تینتالیسواں باب موجبات اسباب

دستے بشو طعمے بخور گردی تونگر بیشکے
تنہا چو باشی زن بکن بسیار یابی مال و زر
ہر شے کہ گفتم پیش تو ہشدار جملہ کن عمل
تخلیل دنداں ہم بکن بنویس اندر دل جگر

باب چہل و سوم در بیان موجبات بہشت

جنت مقامے صالحاں آنگاہ یابی جانِ من
بکنی عمل از بہر آں ہر روز گارے خوب تر
اعمالِ جنت داں بسے حدے ندارد ہم حصر
زاں جملہ گویم پیش تو آں بیست و ہفت کت اے پسر
اول بگوئی کلمہ را از صدقِ دل ہم خالصاً
باشد براں ثابت قدم مدت حیاتِ از عمر
شادی رساں بر مومناں طعمے بدہ از بہرِ حق
پوشی لباسِ مغفرت آئی بجنت ہشت در

بہشت جنت ۴ے مقام جگہ صالحاں جمع صالح نیک آنگاہ اس وقت ہر روز گارے ہر زمانہ تمام زندگی خوب تر بہت اچھا (ف) اعمال صالح پر اللہ تعالیٰ نے جنت کا وعدہ فرمایا ہے عام آدمی اس لیے نیک کام کرے کہ جہنم سے بچ جائیں اور جنت میں چلا جاؤں لیکن خواص اور صادقین اس لیے نیک کام کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو جائے کہ اسکے برابر کوئی نعمت نہیں ہے ۵ے اعمال جنت وہ عمل جن کی برکت سے مومن جنت میں جائے گا حصر شمار بیست و ہفت ستائیس (ف) اعمالِ جنت اگرچہ بہت ہیں مثلاً صلہ رحمی، حق ہمسایہ کی رعایت لیکن مصنف نے ضبط کے لئے ستائیس ذکر کئے ہیں ۶ے کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں خالصاً محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے (ف) سب سے پہلے کلمہ طیبہ پڑھنا اور اسے دل سے بخوشی ماننا اور تمام زندگی اس پر قائم رہنا ہے، جو شخص صرف زبان سے کلمہ پڑھتا ہے اور اسکے دل میں انکار ہے وہ منافق ہے اسکا ٹھکانا جہنم کا سب سے نچلا طبقہ ہے اور جو شخص ایمان لانے کے بعد پھر جائے وہ مرتد ہے اور جنت سے محروم، جنت صرف حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں کا مقام ہے ۷ے شادی خوشی رساں پہنچا پوشی تو پہنے گا مغفرت بخشش ہشت در آٹھ دروازے (ف) حدیث شریف میں ہے جنت کے اسباب میں سے ایماندار کا دل خوش کرنا ہے تم آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی دو، کھانا کھلانا بھی اسباب جنت سے ہے حدیث شریف میں ہے اسباب جنت میں سے کھانا کھلانا، ہر کسی کو سلام کہنا اور اچھی گفتگو ہے۔

marfat.com

ل اکرام عزت غزوہ جہاد بترراز مکشا نہ کھول، ظاہر نہ کر بشر انسان (ف) بعض علماء نے کہا مسلمانوں کی تین خصلتیں ہیں اکرام الضیف والصوم فی الصیف والضرب فی سبیل اللہ بالسیف (۱) مہمان کی عزت (۲) گرمیوں میں روزہ رکھنا (۳) جہاد۔ جہاد کی فضیلت میں آیات قرآنیہ اور احادیث مبارکہ بے شمار وارد ہیں، حدیث شریف میں ہے کسی شخص کے لئے ایسی چیز کا اظہار حلال نہیں جس کے اظہار کو اس کا ساتھی پسند نہیں کرتا، جب تمہارے پاس کوئی شخص بات کرکے چلا جائے تو اس کی بات تمہارے پاس امانت ہے ۱۲ شرح ٢ زحمت تکلیف آدمی انسان مصائب جمع مصیبت نہاں پوشیدہ (ف) تکالیف و مصائب کے بیان سے مخلص دوست آزردہ ہوں گے اور دوسرے تنگدل ہوں گے اور دشمن خوش اس لئے اخفا ہی بہتر ہے ٣ صالح نیک چو جب شینی تو بیٹھے گا تو جو دراصل کہ او تھا بدتر برائی بہت برائی (ف) ارشاد ربانی ہے ان الذین آمنوا وعملوا الصالحات کانت لھم جنات الفردوس نزلا بے شک جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کے لئے جنات الفردوس مہمانی ہیں، شیخ سعدی فرماتے ہیں ؎

بدی را بدی سہل باشد جزا
اگر مردی اَحْسِنْ اِلٰی مَنْ اَسَاءَ

٤ سواد سیاہی، وہ سیاہی جو دل کے اندر ہوتی ہے، مراد یہ ہے کہ دل کی گہرائی میں، درویش اصل میں در آویز (دروازے سے لٹکنے والا) تھا تخفیف کے بعد درویز بنا اور گوشین سے تبدیل کیا درویش بن گیا فقیر، گدا فرمائی تو حکم دے (ف) حدیث شریف میں ہے سائل کا حق ہے اگرچہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے، داتا کا کام یہ ہے کہ خود مشقت اٹھائے اور دوسروں کے لئے آسانی مہیا کرے ٥ داری نگہ محفوظ رکھو فرج شرمگاہ زنا بدکاری فحش برہنہ گفتگو محظور ممنوع شبہ مشتبہ حذر پرہیز (ف) حدیث شریف میں ہے جو مجھے چھ چیزوں کی ضمانت دے میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں (۱) نماز (۲) زکوٰۃ (۳) امانت (۴) شرمگاہ (۵) پیٹ (۶) زبان ٦ ہمسایہ پڑوسی پرسی خیر و عافیت پوچھ دائما ہمیشہ شادی خوشی غم پریشانی ٧ خشم غصہ فرو خوری جا عفو بخشنا صوفیاں جمع صوفی جس نے اپنے آپ کو یاد خداوندی کیلئے وقف کر دیا ہو سحر صبح۔

[1] مہمان را اکرام کُن غزوے بکن با کافراں
بترے بگوید چوں کسے آں سر مکشا بر بشر
[2] زحمت چو آید پیش تو ہرگز مگو با آدمی
جملہ مصائب ہم چنیں داری نہاں اندر جگر
[3] صالح چو بکنی کارہا با حور شینی در جناں
احسان بکن با آں کسے کو با تو کردہ بدتر
[4] اندر سوادِ جان و دل درویش مسکیں جائے دہ
فرمائی کارے نفس را از کارہائے سخت تر
[5] داری نگہ فرج از زنا فحشے نیاری بر زباں
محظور شبہ طعم را یابی ازاں بکنی حذر
[6] ہمسایہ پرسی دائما باشد بشادی یا بغم
بیمار را پرسی بسے جنت بیابی اے پسر
[7] خشمے فرو خور جان من عفوے بکن بر مردماں
با صوفیاں دائم نشیں ذکرے بگو شام و سحر

marfat.com

از ظالماں مظلوم را فوراً بدہ انصاف[۱] را

کلمہ شہادت در وضوے گو ہمے جانِ پدر

دائم[۲] بکن سنت ادا چوں تو گذاری عصر را

چیزے نخواہی از کسے تحمید گوئی ہر سحر

از بعد[۳] ہر فرضے بخواں کرسی بصدق اے جانِ من

طبلِ زناں جنّت برو آمد چنیں اندر خبر

باب[۴] چہل و چہارم در بیان موجبات دوزخ و اسباب آں

دوزخ[۵] برائے کافراں ہم مفسداں ہم ملحداں

باشند ساکن اندراں عورت ز مرداں بیشتر

از مرد[۶] نہ صد نہ نود از ہر ہزارے در جناں

نہ صد نود نہ ۹۹۹ از زناں از ہر ہزارے در سقر

مردم[۷] کہ در دوزخ روند سوزند آنجا سالہا

موجب بگویم پیش تو بشنو زمن ایں مختصر

---

۱ بدہ دلا (ف) ارشاد ربانی ہے اذا حکمتم بین النّاس ان تحکموا بالعدل جب تم لوگوں میں حکم کرو تو عدل و انصاف سے حکم کرو ۲ گذاری تو ادا کر نخواہی تو نہ مانگ تحمید اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا سحر سحری کے وقت (ف) حدیث شریف میں ہے جس شخص نے عصر سے پہلے چار رکعتیں ادا کیں اسکے لیے جہنم سے ڈھال ہوں گی، لوگوں کے سامنے دست سوال دراز نہ کرنا توکل ہے اور ذریعہ مغفرت ہے سحری کے وقت تسبیح و تہلیل وسیلہ جنّت ہے ارشاد الٰہی ہے فسبحان اللّٰہ حین تمسون وحین تصبحون اللہ تعالیٰ کے لیے پاکیزگی ہے جس وقت تم شام کرتے ہو اور صبح کرتے ہو ۳ کرسی آیۃ الکرسی طبل زناں ڈھول بجاتے ہوئے، خوشی سے خبر حدیث شریف (ف) ہر فرض کے بعد آیۃ الکرسی پڑھو اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے جنت میں جاؤ مراقی الفلاح میں ہے کہ فرائض اور نوافل کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنی چاہیے ۴ باب چہل و چہارم چوالیسواں باب موجبات واجب کرنے والی چیزیں، ۵ مفسداں جمع مفسد فسادی ملحداں جمع ملحد بے دین ساکن رہنے والا بیشتر زیادہ (ف) جہنم کافروں کے لئے بنائی گئی ہے اُعِدَّتْ لِلْکٰفِرِیْنَ مسلمان اگر جہنم میں بھیجا گیا تو وہ ایک وقت تک اس میں رہے گا ۶ نہ صد نہ نود نو سو ننانوے سقر جہنم (ف) یہ تناسب مسلمانوں کا ہے کافر اور منافق سب کے سب جہنم میں ہوں گے مصنّف کی مراد معین تعداد نہیں بلکہ مقصد یہ ہے کہ عورتیں کثرت سے جہنم میں ہوں گی حدیث شریف میں ہے رأیت اکثر اھلھا النساء میں نے جہنم میں اکثریت عورتوں کی دیکھی عرض کیا گیا اسکا سبب کیا ہے؟ فرمایا شوہر کی ناشکری کرتی ہیں۔ اگر تو طویل مدت ان پر احسان کرے پھر وہ تجھ سے کوئی ناپسندیدہ چیز دیکھیں تو کہیں گی میں نے تجھ سے کبھی بھلائی نہیں دیکھی۔ ۷ مردم لوگ سوزند جلیں گے سالہا کئی سال، موجب سبب ایک نسخہ میں ہے موجز، مختصر (ف) جہنم میں جانے کے اسباب اگرچہ بہت ہیں لیکن ضبط کے لئے مصنف نے چوبیس ذکر کئے ہیں۔

marfat.com

اسبابِ[۱] دوزخ جملگی بستے بداں باچار ضم
اندیشہ کُن در ہر یکے جاناں بکن کلّی حذر

شرکے[۲] چو آرد کس بحق دائم بسوزد آں کسے
جُنُبے بسوزد اندراں از فوت وقتے اے پسر

بُخلے[۳] کند با ہر کسے باشد متابع شہوتے
عُجبے کند بر مردماں خود را بداند خوب تر

امرِ[۴] خدا نارد بجا باشد مصاحب فاسقاں
تحقیر بکند اہلِ دیں بر سائلاں کردہ نہر

ترکِ[۵] جماعت ہم جمعہ عمداً بگیر دجانِ من
نے ردِ سلامی او کند نمّام باشد بے خبر

وامے[۶] ستاند از کسے ہرگز نخواہد تادہد
گوید تنابز در لقب کس را چو بیند از بشر

اندر[۷] مناہی جملگی بکند دلیری ہا بسے
مہماں بدارد دشمنے آید چو او را پیش در

۱ بستت میں با چار قسم چار کے ساتھ متصل یعنی چوبیس اندیشہ فکر، غور ۲ شرک اللہ تعالیٰ کی ذات یا صفات میں کسی کو شریک ٹھہرانا شرح عقائد میں ہے کہ کسی کو واجب الوجود ہونے یا مستحق عبادت ہونے میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا شرک ہے، وہابیہ کا بہت بڑا ظلم ہے کہ بات بات پر مسلمانوں کو مشرک قرار دیتے ہیں بحق اللہ تعالیٰ دائم ہمیشہ سوزد جلے گا، جُنُبے پہلا حرف مضموم اسی سال وقتے ایک وقت یعنی ایک فرضی نماز (ف) ارشاد ربانی ہے ان اللّٰہ لا یغفر ان یشرک بہ اللہ تعالیٰ شرک کو معاف نہیں فرمائے گا ۳ متابع فرمانبردار شہوت خواہش عجب پہلا حرف مضموم اپنے آپ کو دوسروں سے بہتر جاننا خوب تر بہت اچھا ۴ امر حکم نارد بجا، بجا نہیں لاتا مصاحب ہمنشین فاسقاں جمع فاسق نافرمان تحقیر تنقیص، تذلیل۔ سائلاں جمع سائل فقیر، بھکاری نہر ڈانٹ (ف) ارشاد الٰہی ہے وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَاِنَّ لَہٗ نَارَ جَہَنَّمَ جو شخص خدا و رسول کی نافرمانی کرے گا اسکے لئے جہنم کی آگ ہے، نیز فرمایا وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْہَرْ مانگنے والے کو ڈانٹ پھٹکار نہ کرو، حدیث شریف میں ہے آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے لہٰذا دیکھ لینا چاہیئے کہ کسے دوست بنا رہا ہے ۵ عمداً قصداً رد جواب دینا نمام چغلخور (ف) جمعہ و جماعت کی اہمیت اس سے پہلے گزر چکی ہے، سلام کا جواب دینا واجب ہے اسکا تارک عذابِ اخروی کا مستحق ہے، چغلخور کے متعلق حدیث شریف میں ہے لا یدخل الجنّۃ نمّامٌ ۶ وام قرض ستاند لیتا ہرگز بالکل نخواہد نہیں چاہتا تادہد کہ دے تنابز برے نام رکھنا القاب جمع لقب وہ نام جو مدح یا ذم پر دلالت کرے بشر انسان (ف) جو شخص قرض لے اور اس کی نیت ہی یہ ہے کہ واپس نہ کرے وہ مستحق عذاب ہے اور اگر اس کی نیت واپسی کی تھی لیکن وہ واپس نہ کر سکا اور مر گیا تو اسے عذاب نہ ہوگا، کسی کا اچھا نام رکھنا جائز ہے برا نام رکھنا حرام ہے ارشادِ ربانی ہے ولا تنابزوا بالالقاب ۷ مناہی جمع منہی ممنوع دلیری جرأت (ف) شریعت مبارکہ نے جن امور سے منع کیا ہے ان میں جرأت دکھانا اور مہمان کو برا جاننا موجب عذاب ہے، مہمان تو اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے وہ جو کچھ کھائے گا اپنی قسمت کھائے گا۔

marfat.com

نوحہ[۱] کند بر مُردگاں سینہ خراشد خد و خط
پارہ کند ہم جامہا یا خود تراشد موئے سر
بخورد ربوا[۲] او دائما در پس بدی گوید ترا
بکند حسد بر جملگی از کبر نارد کس نظر
اسباب[۳] دوزخ بیحد ست گفتن شمردن کے تواں
گردد ہزاراں از ورق وقتیکہ گویم مختصر
ناگہ[۴] اگر آزاں دوزخ اگر مقدار یکسر سوزنے
گردد کشادہ در جہاں میرند از گرمی بشر
بشنو[۵] ز اوّل وصف ہا کاں ہست آساں از ہمہ
ماراں در وچوں اژدہا کژدم درو ہچوں شتر
دُمہائے[۶] کژدم نیزہ ہا چوں پر زہر ہا گونا گوں
پس ہست سی صد قلعہا در ہر دُمے پُر از زہر
گر زہر[۷] یک قلعہ فتد اندر جہاں یکبارگی
تا شرق و غرب از بوئے او میرند کلی جانور
از مار[۸] بنہا دش در دچوں کوہ عالی ہچو قاف
در حال گردد آں جبل از ریگ ہم بایک ترہ

لے نوحہ رونا چلانا خراشد چھیلتا ہے خد رخسار خط بال پارہ ٹکڑا تراشد مونڈتا ہے (ف) حدیث شریف میں ہے سب سے پہلے ابلیس نے میت پر نوحہ کیا اور سب سے پہلے گانا گایا ۲ہ ربوا سود دائما ہمیشہ در پس پیچھے بدی برائی۔ پس پشت برائی کو غیبت کہتے ہیں حسد کسی کی نعمت دیکھ کر جلنا اور آرزو کرنا کہ زائل ہو جائے کبر تکبر نارد نہیں لاتا ۳ہ بیحد بے حساب شمردن گننا کے تواں کب ہو سکتا ہے (ف) چونکہ دوزخ کے اسباب بے شمار ہیں اس لیے چند شعر بعد اجمالی طور پر بیان کریں گے کہ نجات کے لیے اہم بات کیا ہے؟ ۴ہ ناگہ اچانک تر سوراخ سوزن سوئی گردد کشادہ کھل جائے میرند مر جائیں گے (ف) جہنم کی گرمی اتنی شدید ہے کہ اگر سوئی کے ناکے جتنا سوراخ ہو جائے تو گرمی سے تمام انسان مر جائیں ۵ہ بشنو سُن اوّل ابتداء آساں معمولی ماراں جمع مار سانپ اژدہا بہت بڑا سانپ کژدم بچھو دراصل کج دُم تھا (ٹیڑھی دُم والا) شتر اونٹ ۶ہ نیزہ ہا جوں نیزوں کی طرح پُر زہر ہا زہروں سے بھرے ہوئے گونا گوں قسم قسم سی صد تین ہزار، بے شمار سے یکبارگی یکدم شرق مشرق، غرب مغرب میرند مر جائیں کلی تمام جانور جاندار ۸ہ مار سانپ بنہادش زہر رکھے، درد جہان میں یعنی جب جہنم کا سانپ اپنا زہر جہان میں پھینکے کوہ عالی بلند پہاڑ قاف وہ عظیم پہاڑ جس نے زمین کے اکثر حصے کا احاطہ رکھا ہے در حال اسی وقت جبل پہاڑ ریگ ریت (ف) جہنم کے سانپ کا زہر اتنا تیز اور شدید ہے کہ اگر کوہ قاف پر گرے تو اسے ریزہ ریزہ کر دے۔

marfat.com

۱؎ موجب واجب کی ہوئی چیز، لازم بیابی تو آئے جاں، جمع جنت امر حکم شہوت خواہش حذر پرہیز (ف) جہنم سے نجات اور جنت میں داخل ہونے کے لیے مختصر طور پر اس طرح کہا جا سکتا ہے کہ دو باتیں لازم ہیں (۱) اللہ تعالیٰ کے اوامر اور نواہی کی تعمیل کی جائے تاکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت شامل حال ہو اور کھانے پینے، پہننے اور دیگر امور میں خواہش نفس سے اجتناب کیا جائے کیونکہ اکثر گناہ خواہش نفس کی بنا پر ہوتے ہیں، دوسری بات آئندہ شعر میں ہے ۲؎ می باش تو رہ خامش مخفف خاموش (ف) دوسری بات یہ ہے کہ بے مقصد گفتگو سے اجتناب کیا جائے تمام مخلوق سے نرمی کی جائے اور والدین کی فرمانبرداری کی جائے ۳؎ باب چہل و پنجم پینتالیسواں باب دہ دس سنن جمع سنت طریقہ ابراہیم سیدنا خلیل اللہ ابراہیم علیہ السلام ان کا دین نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دین میں داخل ہے مسائل متفرقات مختلف مسئلے ۴؎ خلیل وہ محب جس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت کے علاوہ کوئی چیز نہ ہو، سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے جان مال اولاد اور وطن سب اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے قربان کر دیا اس لیے اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ لقب عطا فرمایا، پیشوا مقتدا واجب لازم، (ف) دس خصلتیں انبیاء کرام کی سنت ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر فرض تھیں اور مسلمانوں کے لیے سنت ہیں پانچ سر میں (۱) کنگھی کے ساتھ سر میں مانگ نکالنا (۲) مونچھوں کا ترشانا (۳) مسواک کرنا (۴) وضو میں کلی کرنا (۵) ناک میں پانی ڈالنا، پانچ باقی جسم میں (۶) بغل کے بال نوچنا یا مونڈنا (۷) ہاتھ پاؤں کے ناخن ترشانا (۸) موئے زیر ناف مونڈنا (۹) وضو سے پہلے پانی سے استنجا کرنا (۱۰) ختنہ کرنا۔

۵؎ داں جان ایک نسخہ میں ہے "در فرق" فرق مانگ ناصیہ پیشانی قفا گدی مخیر اختیار دیا ہوا حلق مونڈنا (ف) سر کے بال رکھنے اور منڈوانے کا مرد کو اختیار ہے اگر بال رکھے تو درمیان میں پیشانی سے گدی تک مانگ نکالنا سنت ہے، عورت کے لیے مردوں کی مشابہت کے لیے بال کٹوانا مکروہ ہے مرد کے لیے اور گرد سے بال منڈوانا اور درمیان میں رکھنا (جس طرح کہ آج کل عام ہے) یا اس کا عکس مکروہ ہے ۶؎ کعبہ بیت اللہ شریف بہ بجز الا ور نہ ابداری کو رکھے (ف) جس شخص نے حج یا عمرہ کیا اسے بعد میں بالوں کا منڈوانا افضل ہے اور اگر پورے کی مقدار کٹوائے تو بھی جائز ہے احرام سے باہر آجائے گا اور اگر حج یا عمرہ کا احرام نہیں باندھا تو اختیار ہے رکھے یا منڈوائے۔

موجب۱؎ بگویم یک سخن تا تو بیابی در جناں
امرے خدا آری بجا گلی ز شہوت کن حذر
می۲؎ باش خامش روز و شب سخنے مگو بے فائدہ
نرمی بکن با جملہ کس خدمت بکن مادر پدر

باب۳؎ چہل و پنجم دربیان دہ سنن ابراہیم و مسائل متفرقات

دہ۴؎ چیز دانی از سنن سنت خلیل پیشوا
واجب شدہ بر اتباع ہم مومناں جملہ بشر
داں۵؎ فرق کردن موئے سر از ناصیہ تا در قفا
مردم مخیر شد بریں فرقے کند یا حلق سر
کعبہ۶؎ رسیدی حلق کن باشی مخیر بعد ازاں
در غیر کعبہ حلق بہ الا بداری خوب تر

marfat.com

[1] سبلت مونچھ حلق مونڈنا (ف) مونچھیں قینچی سے کاٹی جائیں ابرو کے برابر یا اس سے بھی چھوٹی رکھی جائیں، اتنا ہو کہ اوپر والے ہونٹ کا کنارا ظاہر ہو جائے، مونڈنے کے بارے میں تین قول ہیں (۱) بدعت (۲) سنت (۳) جائز حدیث شریف میں پہلے انبیاء کی دس سنتوں میں مونچھوں کے پست کرنے کا شمار ہے، داڑھی ایک مشت کے برابر رکھنا واجب ہے جیسا کہ شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے اشعۃ اللمعات میں فرمایا [2] میچیں تو چُن، نوچ (ف) وضو سے پہلے مسواک کرنا سنت، سو کر اُٹھنے، سونے، کھانے اور تلاوت کے وقت مسواک مستحب ہے، بغل کے بال مونڈنا جائز ہے لیکن نوچنا افضل ہے [3] ختنہ لڑکے کی شرمگاہ سے اتنا چمڑا کاٹ دینا کہ حشفہ ظاہر ہو جائے ہفت سات (ف) بارہ سال کی عمر تک بچے کا ختنہ کیا جا سکتا ہے اس میں بے شمار ثواب ہے کہ سنت ہے، تمام انبیاء پیدائشی طور پر ختنہ کیے ہوئے تھے، البتہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بحکم خداوندی اسّی سال کی عمر میں اپنا ختنہ خود کیا [4] حاجت قضائے حاجت سنگ پتھر مدر کچی اینٹ (ف) موئے زیر ناف کے صاف کرنے میں چالیس دن سے زیادہ تاخیر نہیں ہونی چاہیے قضائے حاجت کے بعد پتھر یا ڈھیلا استعمال کرنا چاہیے اسکے بعد پانی استعمال کرنا افضل ہے اگر مخرج کے اردگرد درہم سے زیادہ نجاست لگی ہو، [5] دہاں منہ بینی ناک (ف) وضو کے دوران کلی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا سنت ہے اور غسل میں فرض [6] قصد ارادہ لواطت غیر فطری عمل کنیزک لونڈی حرم بیوی روا جائز کشد قتل کرے ضرر تکلیف (ف) یہ مسائل متفرقہ کا بیان ہے، چونکہ لواطت مطلقاً حرام ہے اس لیے اگر کوئی شخص اپنی بیوی یا لونڈی سے جبراً لواطت کرنا چاہے اور اس کے بچنے کی اور کوئی صورت نہ ہو تو اسے قتل کرنا اور اپنی جان بچانا جائز ہے [7] روا جائز منکوحہ بیوی شوی شوہر کشتن قتل کرنا قذر گندگی، نجاست (ف) اگر شوہر حالتِ حیض میں قربت کرنا چاہے اور اسے دفع کرنے کی اور کوئی صورت نہ ہو تو اسے قتل کرنا جائز ہے۔

سبلت[1] بر چو ابرواں با پست کن اے جانِ من
حلقے در او جائز بداں نزدیک علماءِ معتبر

مسواک[2] میکن ہر وضو میچیں ہمیں موئے بغل
گر حلق بکنی ہم روا چیدن بود زاں خوب تر

ختنہ[3] بکن فرزند را چوں ہفت سالہ او شود
یابی ثوابے از خدا چندانکہ ناید در حصر

حلقے[4] بکن در شرمگاہ باید نداری تا چہل
فارغ چو از حاجت شوی سنگے بگرداں یا مدر

کُلّے[5] بکن اندر دہاں ہم آب بینی در وضو
ہر دہ کہ گفتم پیش تو یادش بکن اے نامور

قصدِ[6] لواطت چوں کند کس با کنیزک یا حرم
باشد روا او را کشد دفعے کند از خود ضرر

باشد[7] روا منکوحہ را ہم شوی کشتن در شرع
در حیض چوں قصدے کند خوفے ندارد از قذر

ہم چنیں[۱] باشد روا اگر قصد کشتن کس کند
او را کشد پیشیش ازاں واجب نہ چیزے بل ہدر

پنج[۲] بداں از موذیاں باشند در حل و حرم
ہر پنج را موذی بداں موذی بکش حکم خبر

زاغ[۳] و حِداۃ و کلب ہم مردم گزد ہر ساعتے
کژدم چہارم موش ہم اندر مشارق کس نظر

ہر جا کہ[۴] بینی موذیے آدم بود یا جانور
در حال کش ہم در زماں ہر گہ برد یابی ظفر

گر[۵] گربہ کبوتر را کشد قیمت نصابش دہ درم
یا خود زیانے او کند اکثر چو آید در حجر

جائز[۶] بداں ہم کشتنش میراں بحلقش کارد ے
امّا اگر کس بگذرد یابد ثوابے بیشتر

در حرہ[۷] خواہی تا دہی از فرج بیروں آب را
رخصت طلب در جاریہ اذنش ز مولیٰ معتبر

۱ پیشیش پہلے بل بلکہ ہدر ضائع (ف) اگر کوئی شخص دوسرے کو قتل کرنا چاہے تو دوسرے شخص کے لیے واجب ہے کہ اپنی جان بچانے کے لیے حملہ آور کو قتل کر دے ۲ موذیاں تکلیف دینے والے حل حرم شریف کے باسوا جگہ حرم مکہ مکرمہ کی حدود میں واقع جگہ جہاں شکار کرنا حرام ہے، ایک نسخہ میں ہے "پنجے بدانی فاسقاں باید کشتن حل و حرم" بکش قتل کر خبر حدیث شریف ۳ زاغ کوا حداۃ گدھ کلب کتا یعنی کاٹنے والا، گزد کاٹتا ہے کژدم بچھو موش چوہا مشارق الانوار حدیث کی کتاب (ف) حدیث شریف میں ہے پانچ جانور فاسق ہیں محرم انہیں حل و حرم میں قتل کرے تو حرج نہیں چوہا، گدھ، سانپ، بچھو اور بھیڑیا مشارق الانوار کی روایت میں بھیڑیے کی جگہ کاٹنے والا کتا ہے ۴ آدم انسان ظفر کامیابی، غلبہ (ف) مصنف فرماتے ہیں کہ ہر موذی کا قتل جائز ہے خواہ انسان ہو یا جانور، مثلاً چور، ڈاکو، جادوگر وغیرہ ۵ گربہ بلی ایک نسخہ میں ہے "کبوتر چوں کشد" زیاں نقصان حجر جمع حجرہ (ف) بلی اگر کبوتروں یا مرغیوں کو ہلاک کر دے اور ان کی قیمت دس درم ہے یا گھروں میں آکر اس سے زیادہ نقصان کرے تو اسے قتل کرنا جائز ہے اور بہتر یہ ہے کہ اسے چھری سے ذبح کر دے ۶ کشتن قتل کرنا میراں چلا از راندن حلق گلا کارد چھری بگذرد معاف کر دے بیشتر بہت زیادہ (ف) بلی اگر نقصان کرے تو اگرچہ اس کا مار ڈالنا جائز ہے لیکن معاف کر دینا بہتر ہے ۷ حرہ آزاد فرج شرمگاہ آب منی، رخصت اجازت طلب مانگ صیغہ واحد حاضر فعل امر از طلبیدن ایک نسخہ میں ہے "گر جاریہ" جاریہ لونڈی اذن اجازت مولیٰ آقا (ف) عمل زوجیت کے بعد پانی باہر پھینکنے کو عزل کہتے ہیں منکوحہ عورت اگر آزاد ہے تو اس کی اجازت ہونی چاہیے اور اگر کسی کی لونڈی سے نکاح کیا ہے تو مولیٰ سے اجازت لی جائے۔

لہ اسقاط کردن ساقط کرنا رخصت اجازت گر تو بداری اگر تو حمل کو باقی رکھے خوب تر بہت اچھا ہے (ف) حمل ٹھہرنے کے ایک سو بیس دن بعد اس میں روح ڈالی جاتی ہے اس سے پہلے عورت کی صحت کے پیش نظر دوا یا اپریشن کے ذریعے حمل ساقط کرنا جائز ہے ٢ہ میخواں پڑھ نجوم علم نجوم جس میں ستاروں کی ہیئتوں خواص اور رفتار سے بحث کی جاتی ہے بدانی تو معلوم کرے (ف) علم نجوم حضرت ادریس علیہ السلام کے زمانہ میں نازل ہوا اور حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ میں منسوخ ہوگیا، منجم اگر ستاروں کو مؤثر حقیقی مانتا ہے اور سعادت و شقاوت ان سے مانتا ہے تو کافر ہے اور اگر مؤثر حقیقی اللہ تعالیٰ کو مانے اور ستاروں کو علامت مانے تو مومن ہے، مصنف فرماتے ہیں علم نجوم میں انہماک نہ چاہیے، اتنے معلوم ہوں کہ شادی اور سفر کے لیے اوقات سعیدہ، اوقات نماز اور جہت قبلہ معلوم کر سکے ٣ہ لبستاں لے صیغہ واحد حاضر فعل امر از ستاندن ہدایا جمع ہدیہ، تحفہ قاضی جج ملک بادشاہ (ف) ہدیہ قبول کرنا اس وقت جائز ہے جب دنیاوی غرض حائل نہ ہو قاضی اور بادشاہ کو ہدیہ قبول کرنے سے اجتناب چاہیے کہ اس میں پیش کرنے والے کی دنیاوی غرض ہوگی البتہ جو رشتہ دار اور دوست پہلے بھی ہدیے پیش کرتے رہے ہوں ان سے قبول کرنا جائز ہے، مستحب یہ ہے کہ جواباً اس جیسا یا اس سے بہتر ہدیہ دیا جائے ٤ہ سلطاں بادشاہ فتوح عطیہ، تحفہ، بستاں لے لے ناوجہ ناجائز نوع قسم دوست تر بہت محبوب (ف) شاہی عطیہ اگر بیت المال سے ہے اس کا لینا جائز ہے لیکن افضل یہ ہے کہ نہ لے اسی طرح اگر مال وراثت سے ہے تو اس کا لینا جائز ہے اور اگر معلوم ہو کہ مال مغصوب سے ہے جو مال حلال سے مخلوط بھی نہیں ہے

اسقاط کردن حمل را جانے نباشد چوں درو
کردند بعضے رخصتے گر تو بداری خوب تر

میخواں نجومے آں قدر تا تو بدانی وقت را
تزویج کردن قبلہ ہم دیگر برفتن در سفر

بستاں ہدایا چوں کسے بدہد ترا بہرِ خدا
قاضی چو باشی یا ملک از ہدیہ ہا می کن حذر

سلطاں فتوحی چوں دہد فی الحال بستاں خرچ کن
ناوجہ بینی رد بکن ایں نوع باشد دوست تر

ردِّ فتوحے گر کنی گردی بفاقہ مبتلا
ردِّ فتوحے کردہ اند بعضے مشائخ نامور

چوں تو بیائی از سفر یک سر بخانہ در مرو
اوّل خبر کن سوئے شاں آنگہ بیائی صحن در

تو اس کا لینا ناجائز ہے ١٢ شرح ٥ہ رد واپس کرنا فاقہ بھوک۔ محتاج مبتلا گرفتار نامور مشہور (ف) تحفہ تحائف کا رد کرنا فقر و فاقہ کا موجب ہے بعض مشائخ کمالِ تورع کی بنا پر قبول نہیں فرماتے تھے بہتر یہ ہے کہ قبول کرلے اور غرباء و فقراء پر تقسیم کر دے ٦ہ یک سر یکدم مرو نہ جا سوئے شاں گھر والوں کی طرف (ف) افضل یہ ہے کہ مسافر جب سفر سے واپس آئے تو دن میں چاشت کے وقت گھر آئے اور آمد سے پہلے اطلاع دے تاکہ اہل و عیال صفائی اور آراستگی کا اہتمام کرلیں۔

marfat.com

کہنہ چو بینی[1] مصحفے سودہ شدہ ہم ریختہ
در جامہ پیچ و دفن کن چو مُردگاں اندر قبر
مصحف مبر[2] در لشکرے عورت کہ باشد حرہ ہم
لشکر کہ دارد قوتے ایں ہر دو را آنجا مبر
آبے[3] خورانی نیم شب فرزند تشنہ یا زنے
جملہ گناہاں عمرِ تو مغفور گردد ہم ہدر
رنجے[4] کہ بینی ساعتے بہرِ عیال و نفس خود
ہم صدقہ باشد نزدِ حق یابی جزائے بیشتر
ظالم[5] ستاند یک درم خواہ از تعدّی یا ستم
یابی ثوابے از خدا مقدار دہ دینار زر
از خمر[6] دنیا چوں خوری دیباج پوشی یا حریر
جامہ نیابی در جناں آنجا نیا شامی خمر
پر کالہ[7] یابی جامہا افتادہ اندر کوچہا
چینی بسے یک جا کنی یا خستہ باشد از تمر

۱ کہنہ پرانا مصحف قرآنِ پاک سودہ گھسا ہوا ریختہ پھٹا ہوا جامہ کپڑا پیچ لپیٹ (ف) قرآن پاک اگر اتنا بوسیدہ ہو جائے کہ پڑھا نہ جاسکے تو اسے کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیا جائے، جلایا نہ جائے ۲ مبر نہ لے جا حرہ آزاد عورت قوت طاقت، (ف) مسلمانوں کا لشکر اگرچہ بڑا ہو جہاد میں عورت خصوصاً جوان عورت کو ساتھ نہیں لے جانا چاہیے مصنف نے آزاد کی قید اس لیے لگائی ہے کہ اس کی عزت زیادہ ہے ورنہ اس حکم میں آزاد اور مسلمان کنیز کا ایک ہی حکم ہے اسی طرح قرآن پاک بھی ساتھ نہ لے جانا چاہیے مبادا کافروں کے ہاتھوں بے حرمتی ہو کتب تفسیر و حدیث و فقہ کا بھی یہی حکم ہے۔ ۳ خورانی تو پلائے نیم شب آدھی رات فرزند بیٹا تشنہ پیاسا زن عورت، بیوی، مغفور بخشا ہوا ہدر ختم (ف) حدیث شریف میں ہے کامل ترین مومن وہ ہے جو بہت ہی خوش خلق ہو اور اپنے اہل سے بہت ہی لطف و کرم کا معاملہ کرنے والا ہو ۴ رنج تکلیف ساعتے ایک گھڑی عیال بیوی بچے اور جن کی کفالت آدمی پر لازم ہو ۵ ستاند چھین لے تعدّی، ستم ظلم، مقدار دہ دینار زر سونے کے دس دینار کے برابر ایک نسخہ میں "از دینار" ہے ۶ خمر شراب، خوری تو پئے، دیباج دراصل دیبا تھا منقش ریشمی کپڑا پوشی تو پہنے حریر ریشم نیاشامی تو نہیں پئے گا (ف) ریشم مرد کے لیے اور شراب مرد و زن کے لیے حرام ہے جو دنیا میں یہ چیزیں استعمال کرے گا جنت میں ان سے محروم رہیگا ۷ پر کالہ ٹکڑا، چیتھڑا افتادہ گرا ہوا کوچہا جمع کوچہ گلی چینی تو چن لے، اٹھا لے خستہ گلی ہوئی تمر کھجور (ف) یہ دو شعر شرط ہیں اور آئندہ تیسرا شعر جزا ہے، خلاصہ یہ کہ جس چیز کو مالک استعمال کر کے پھینک دے یا کسی جگہ رکھ دے اور اس کے اٹھانے سے کسی کو منع نہ کرے تو اس کا اٹھانا جائز ہے اور جو اسے اٹھالے گا اس کا مالک ہو جائے گا۔

marfat.com

اززرع[۱] چینی خوشہا بعد از درودن خصمِ او
پوست انار و خربزہ جمعے کنی از در بدر
چینند[۲] بگیرد نفع آں باشد مباح و ہم روا
بر داشت چوں شد ملکِ او در ملتقط میکن نظر
اندر[۳] زنے مینے چوں کسے گاواں نشاند یا غنم
سرگیں شود بیحد جمع پاچک ہمانجا یا بعر
خصمش[۴] بخواہد جمع گر نخلے کند بر مرداں
جائز نباشد غیر را اندک بچیند بیشتر
بادام[۵] و شکر چوں کسے بدہد کسے را بہرِ آں
بکند نثارے بر شہاں یا بر عروسے مہ چہر
خوردن[۶] نباید داشتن او را روا چیزے ازاں
چیدن نباشد ہم روا بادام باشد یا شکر
خلقے[۷] بچیند ہم خورد زاں لوز و جوز و چلغزہ
باشد حلال و ہم روا بشنو زمن اے شہ پسر
ملٹے[۸] سپارد چوں کسے بر مردمے از بہرِ آں
تا او دہد صدقہ بسے ہر جا کہ بیند مفتقر

[۱] زرع کھیتی چینی تو چنے خوشہا
سٹے درودن فصل کا کاٹنا، خصم مالک
پوست چھلکا خربزہ خربوزہ از در بدر
ایک ایک دروازے سے [۲] چینند
چنے بگیرد پکڑے ایک نسخہ میں ہے
"چینند گیرد" چننے والا پکڑے مباح،
روا جائز، بر داشت اٹھایا، ملک
ملکیت، ملتقط فقہ کی کتاب [۳] نشاند
بٹھائے غنم بکری سرگیں گوبر پاچک
اوپلے بعر مینگنی [۴] خصم مالک بخواہد
جمع کرے، اگر جمع کرنا چاہے اندک تھوڑا
بیشتر زیادہ [۵] نثار قربان، نچھاور
شہاں جمع شہ بادشاہ عروس دلہن
مہ چہر چاند کے چہرے والی [۶] خوردن
کھانا نباید نہ چاہیے داشتن رکھنا چیزے
تھوڑی سی چیز چیدن چننا [۷] خلق مخلوق
لوز بادام جوز اخروٹ چلغزہ چلوزہ،
(ف) اگر کسی کو بادام وغیرہ نچھاور کرنے
کے لیے دیئے جائیں تو وہ خود نہ تو اس
میں سے اپنے لیے رکھ سکتا ہے نہ چن
سکتا ہے، دوسرے لوگ چن سکتے
ہیں اور کھا بھی سکتے ہیں [۸] سپارد
سپرد کرے مفتقر محتاج۔

marfat.com

اوؔ را حرام ست بیشکے زاں مال خوردن یکدرم
درویش باشد گرچہ او ایں ہر دو در خانی نگر

خواہدؔ معلّم اجر چوں یا خود مؤذن از اذاں
جائز نباشد در شرع مشروط باشد چوں اجر

برؔ داشتن لہٰذا مائدہ زلّہ حرام ست بیشکے
گر خصم گوید ارفعوا بردار خوش خرّم بخور

چوںؔ تو کسے مہماں شوی در طعم او بخشش مکن
جز استخواں سگ را مدہ جاناں من چیزے دگر

مرؔدار باشد پوستے پیش از دباغت بیع او
جائز نباشد در شرع ہم بیع اشعارِ بشر

چوںؔ تو ببینی مردمے گِل میخورد منعش بکن
فرعون وہاماں یکدگر خوردند گلہا بیشتر

بردہؔ خری چوں گِل خورد باریک بینی موئے او
یا خود نشانے چوب و لت اندام او آید نظر

۱؎ حرام ناجائز خانی فقہ کی کتاب (ف) اگر کسی کو مال دیا جائے کہ فقراء پر صدقہ کر دو تو وہ اگرچہ محتاج ہو اس میں سے خود نہیں لے سکتا ۲؎ خواہد طلب کرے، مانگے معلّم استاذ مشروط شرط کیا ہوا، طے کیا ہوا، اجر معاوضہ (ف) علم دین کی تعلیم اور اذان دینے پر طے کر کے معاوضہ لینے کو متقدمین ناجائز قرار دیتے تھے اگر از خود کوئی دے تو اس کے لینے میں حرج نہیں، لیکن اب چونکہ تعلیم دین کا وہ ذوق و شوق نہیں رہا نیز عموماً خادمانِ دین کے پاس ظاہری وسائل بھی نہیں ہوتے اس لیے متاخرین نے وقت صرف کرنے کے مقابل معاوضہ طے کرنے کو جائز قرار دیا ہے ۱۲ شرح ۳؎ برداشتن اٹھانا مائدہ دسترخوان زلّہ بچا ہوا کھانا خصم مالک ارفعوا اٹھالو بردار اٹھا (ف) مہمان کو کھانا پیش کیا گیا وہ اس میں سے بقدرِ حاجت کھا سکتا ہے مالک کی صریح اجازت کے بغیر باقی ماندہ اپنے ساتھ نہیں لے جا سکتا، ۴؎ کسے مہمان قلب اضافت دراصل مہمانِ کسے تھا طعم کھانا بخشش سخاوت استخواں ہڈی سگ کتا مدہ نہ دے (ف) میزبان نے مہمان کو کھانے کی اجازت دی ہے اس لیے اپنے طور پر کسی کو اس میں سے نہیں دے سکتا ۵؎ مردار باشد پوستے اس میں تقدیم و تاخیر ہے یعنی مردار کی کھال، دباغت رنگنا بیع بیچنا اشعار جمع شعر بال بشر انسان، (ف) مردہ جانور کا چمڑا رنگنے سے پاک ہو جاتا ہے اس لیے رنگنے کے بعد اسے بیچنا جائز ہے پہلے نہیں، انسان کا کوئی سا جزء فروخت نہیں کیا جا سکتا سوائے عورت کے دودھ کے جو دوائی کے لیے حاصل کیا جائے ۶؎ گِل مٹی (ف) مٹی کا کھانا حرام ہے خود نہ کھائے اور دوسروں کو منع کرے ایک تو جسمانی طور پر نقصان دہ ہے دوسرا اس کا کھانا کافروں کی عادت ہے البتہ پان میں چونا کا استعمال جائز ہے ۷؎ بردہ غلام خری تو خریدے چوب لکڑی لت ٹانگ (ف) جس غلام میں خریدنے کے بعد یہ عیوب دیکھے اسے واپس کر سکتا ہے۔

marfat.com

دیگر[1] کنیزک طعمها از دیگراں بے حد خورد

ردّے بکن زیں عیبہا اندر خلاصہ می نگر

مسجد[2] چو بینی تنگ تر باشد زمیں در چپ و راست

بستاں ز خصماں زور کن قیمت بدہ ہم سیم و زر

اصحاب[3] احمد مصطفےٰ از بہر کعبہ ہم چنیں

دادند قیمت خصم را گر دند قدرے ہم جبر

ناقص[4] قبائے چوں کنی از بہر مومن مسلمے

تنہا شوی مغفور تو خواند چنیں اندر خبر

کامل[5] قبائے چوں کنی از جان و دل اے جانِ من

پوشی لباسِ مغفرت از خویش ہم مادر پدر

تا[6] میتوانی جانِ من بر مومناں تعظیم کن

فاسق چو بینی مبتدع می کن اہانت بیشتر

چوں[7] مدح فاسق کس کند عرشِ خدا لرزد چناں

گوئی کہ افتد بر زمیں بکند جہاں زیر و زبر

بینی[8] چو فاسق مبتدع او را اہانت کن بسے

ایماں بود اندر دلت خوفے نہ فردا نے خطر

---

[1] کنیزک لونڈی بیحد بہت زیادہ خلاصہ فقہ کی کتاب (ف) کنیز کا زیادہ کھانا بھی عیب ہے [2] تنگ تر بہت تنگ چپ بایاں راست دایاں بستاں لے زور اصرار، دباؤ سیم چاندی، زر سونا [3] جبر اصرار (ف) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں مسجد حرام کی توسیع کی گئی، آس پاس خالی جگہ تھی جہاں لوگ کھجوریں خشک کرتے تھے اس کے مالکوں کو باصرار قیمت دے کر وہ زمین حاصل کی گئی اور مسجد میں شامل کی گئی [4] ناقص پرانا قبا کوٹ خبر حدیث شریف [5] کامل نیا پوشی تو پہنے گا لباس مغفرت بخشش کا لباس (ف) مطلب یہ ہے کہ پرانا کوٹ کسی مسلمان کو پہنانے سے صرف اس شخص کی مغفرت ہوگی نیا کوٹ دینے سے اس کو اور اس کے والدین کو مغفرت کا لباس پہنایا جائے گا [6] تا میتوانی جہاں تک تجھ سے ہو سکے فاسق بدعمل مبتدع بدعتی، اہانت تذلیل (ف) مومن صالح کی تعظیم اس کے ایمان اور نیکی کی تعظیم ہے فاسق اور بدعتی کی توہین اسکے فسق اور بدعت کی توہین ہے حدیث شریف میں ہے جس نے فاسق کی عزت کی اس نے اسلام کے منہدم کرنے میں اس کی امداد کی [7] لرزد کانپتا ہے، زیر و زبر نیچے اوپر، درہم برہم (ف) حدیث شریف میں ہے جب فاسق کی تعریف کی جائے تو اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے اور عرش کانپ اٹھتا ہے [8] فردا آئندہ کل خطر خطرہ، (ف) فاسق اور بدعتی کی حوصلہ شکنی کرنی چاہیے اسے امام اور معلم نہ بنایا جائے اسے تعظیم کی جگہ نہ دی جائے تاکہ وہ اپنی بدعت اور بدعملی سے باز آجائے اگر تمہارے دل میں ایمان ہوگا تو تمہیں کوئی خوف اور خطرہ نہ ہوگا۔

marfat.com

[1] توفیق گر باشد ترا کارے بکن تعجیل تر
ایں وقت را داں نعمتے ہر ساعتے دارد ثمر

[2] امروز گر طاعت کنی فردا ترا باشد جزا
چوں تو کنی عصیاں خطا یابی سزائے در سقر

[3] گر طالبے از صدق دل خواہد کہ یابد راہ حق
چوں صبر بکند بیشکے باشد چو سنگے سیم و زر

[4] گر راہ خواہی سوئے حق از صدق پیوندی براو
باید درونِ خویش را خالی کنی از کس دگر

در [5] بیان مناجات و ختم کتاب گوید

[6] یارب مرا گرداں چناں از راہ لطف و مرحمت
مسکیں شمارم اغنیاء شاہاں نیارم در نظر

[7] باشم تونگر دل چناں از کس نخواہم حاجتے
فارغ نشینم شاد و خوش بیروں نیایم پیش در

[8] راضی بفقر و فاقہ ہم باشم بکنجے اندروں
ممنونِ منّت سفلگاں مارا مگرداں تا حشر

---

[1] توفیق تائید ایزدی کارے نیک کام تعجیل تر بہت جلد ثمر پھل [2] امروز آج طاعت فرمانبرداری، فردا کل قیامت کے دن عصیاں نافرمانی خطا غلطی سقر جہنم (ف) ارشادِ ربانی ہے مَن یعمل مثقال ذرۃٍ خیرا یرہ ومن یعمل مثقال ذرۃٍ شرا یرہ جو شخص ذرہ برابر نیکی کرے گا قیامت کے دن اسے دیکھے گا اور جو شخص ذرہ برابر برا کام کرے گا اسے دیکھے گا [3] طالب طلب کرنے والا چوں صبر بکند جب صبر کرے گا اور اپنے آپ کو خواہشاتِ نفسانیہ اور لذاتِ دنیاویہ سے آزاد کرے گا سنگ پتھر سیم و زر سونا چاندی،
(ف) جب راہِ حق کا طالب دنیاوی لذتوں اور خواہشوں سے رہا ہو جاتا ہے تو اس کی نظر میں سونا اور چاندی ایک پتھر کی حیثیت رکھتا ہے [4] پیوندی تو متصل ہو جائے دروں اندر (ف) اللہ تعالیٰ کی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ اس کے ماسوا کی محبت دل سے محو ہو جائے [5] مناجات سرگوشی، عرضِ نیاز [6] گرداں بنا دے لطف و مرحمت مہربانی مسکیں غریب و فقیر (ف) یا اللہ! مجھے اپنے فضل سے ایسا بنا دے کہ میرے دل میں بادشاہوں اور امیروں کی کوئی وقعت نہ ہو، آمین [7] تونگر مالدار، بے نیاز نخواہم میں نہ مانگوں حاجتے کوئی حاجت فارغ بے فکر بیروں باہر [8] کنج گوشہ ممنون احسان مند منت احسان سفلگاں جمع سفلہ کمینہ مگرداں نہ بنا حشر قیامت۔

marfat.com

از بہر روزی[۱] رزق ہم وقتے پریشاں دل مکن
یارب بدہ صبرم چناں جز تو نخواہم کس دگر
یارب بحقِ[۲] مصطفےٰ ہم انبیاءؑ اولیاء
گرداں چناں ایں تحفہ را مقبول گرد بحر و بر
عاشق[۳] بر و جملہ جہاں اندر درونِ جانِ خود
بکنند پاکاں جانبے رو دارند بالا چشم و سر
اُلفت[۴] چناں دہ خلق را جز ایں نخواہد ہیچکس
ہر جا کہ بیند مردمے تعویذ او ایں مختصر
رنجے[۵] کشیدم مدتے ہم درد ہا چوں دردِ زِہ
تا من بزادم ایں چنیں بکر معانی نامور
نظرے[۶] چو بکنی اندرو بینی سلوک و پند ہا
ہر جنس درو حکمتے فقہ و کلام و ہم خبر
تالیف[۷] چوں بکند کسے یا خود نویسد داستاں
جز مثنوی ناید نکو تحفہ نوشتم یک شعر
اصحاب[۸] علم و معرفت ہر گہ کہ بینند سوئے او
عیبم نہ گیرد بہر حق ہم راست بکند زود تر

لے ۲ے ۳ے بحق مصطفےٰ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل بحر دریا بر خشکی (ف) اللہ تعالیٰ پر مخلوق میں سے کسی کا حق واجب نہیں ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندوں کو جو عزت کرامت عطا فرمائی ہے اس کے وسیلے سے دعا مانگنا جائز ہے حدیث شریف میں ہے بھم تنصرون و بھم ترزقون اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے طفیل تمہیں فتح عطا کی جاتی ہے اور رزق دیا جاتا ہے، شیخ سعدی عرض کرتے ہیں ۔

الٰہی بحق بنی فاطمہ
کہ بر قول ایماں کنی خاتمہ

ہے الفت محبت خلق مخلوق تعویذ وہ متبرک کلام جو گلے میں ڈالا جاتا ہے،

ھ مدتے طویل زمانہ درد زہ وہ تکلیف جو بچے کی پیدائش کے وقت ہوتی ہے، بزادم میں نے جنا بکر نیا لے سلوک معرفت کی باتیں پندہا نصیحتیں جنس قسم حکمت دانائی فقہ ان احکام شرعیہ کا علم جن کا تعلق مکلفین کے احوال سے ہے کلام عقائد خبر حدیث ئے داستاں واقعہ مثنوی وہ نظم جس میں دو دو مصرعے آپس میں موافق ہوں (ف) اگر کوئی کتاب نظم میں لکھی جائے یا داستاں قلم بند کی جائے تو وہ عموماً مثنوی کی صورت میں لکھی جاتی ہے لیکن مصنف کا کمال یہ ہے کہ پوری کتاب ایک ہی قافیہ پر لکھی ہے اور ہر شعر کے آخر را آتی ہے،

ھ مطلب: اگر اہل علم میری کتاب میں کوئی سقم دیکھیں تو خدا کے لیے نکتہ چینی نہ کریں بلکہ اصلاح فرما دیں، فقیر محشی کی بھی یہی درخواست ہے۔

marfat.com

خود عیب[1] دارم جملگی جز عیب در من ہیچ نے
صد عیب یابی ہر سخن ہرگز نہ بینی یک ہنر

کردم[2] ہوس چوں زاغکاں رفتار کبکاں تا کنم
برباد شد رفتارِ من گشتم خجل ہم منکسر

گر یک[3] سخن زیں جملگی آید قبولِ نزدِ حق
نازم چو شاہاں در جہاں گردم بسحباں مفتخر

دارم[4] امیدے از خدا خواندہ چوں ایں صاحبدلے
بکند بہ دل مارا دعا یابم نجاتے در قبر

ابیات[5] گفتم جملگی ہفصد براں ہفتاد و شش
ابوابِ او پنج و چہل اندر حساب و ہم حصر

ہفصد[6] نود و پنج دگر ہجرت محمد مصطفٰے
عاشر ربیع آخریں وقتِ ضحٰے روزِ قمر

[1] ہیچ کچھ ہر سخن یعنی ہر بات میں ہنر کمال [2] ہوس حرص زاغکاں جمع زاغک کوے کا بچہ کاف تصغیر کے لیے رفتار چال کبکاں جمع کبک چکور برباد تباہ ایک نسخہ میں ہے "از یاد شد" یعنی بھول گئی گشتم میں ہو گیا خجل شرمندہ منکسر شرمسار [3] نزد حق اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں نازم میں فخر کروں گا سحبان ابن وائل عرب کا مشہور بلیغ آدمی جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ اگر ایک سال تک کسی جگہ گفتگو کرتا تو ایک بات دوبارہ نہ کہتا اور اگر کہتا تو نئے انداز سے مفتخر فخر کرنے والا [4] دارم میں رکھتا ہوں خواند چوں جب پڑھے صاحبدلے کوئی دل والا مارا ہمارے لیے [5] ابیات جمع بیت شعر ہفصد سات سو براں ہفتاد و شش اس پر چھہتر زیادہ یعنی سات سو چھہتر شعر (۷۷۶) پنج و چہل پینتالیس، [6] ہفصد نود و پنج دگر سات سو پچانوے (۷۹۵) ہجرت محمد مصطفٰے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہجرت سے، عاشر ربیع آخریں، ربیع الثانی کی دس تاریخ وقت ضحٰی چاشت کا وقت روز قمر روزِ جاں افروز پیر مبارک کو یہ کتاب مکمل ہوئی۔

بحمدہٖ تعالیٰ حاشیہ ۲۰ رجب ۴ جون (۱۴۰۰ھ / ۱۹۸۰ء) کو مکمل ہوا۔

marfat.com

نقل

منقول[عہ] ست از حضرت امیر المومنین رضی اللہ عنہ بیست[۲۷] و ہفت نوع از بنی آدم ممسوخ شدہ از مرد و زن بیک روایت بیست[۲۴] و چہار و بروایتے دیگر ہفدہ[۱۷] و روایت اصح آنست کہ فیل[۱] معلم بود و عنکبوت[۲] زنے بود کہ از حیض غسل نمیکرد و دائم جنب مے بود و روباہ[۳] مردے بود فتنہ انگیز و خیانت میکرد و خرچنگ[۴] ہفدہ مرد بودند از بنی اسرائیل و از مائدہ عیسیٰ علیہ السلام طعام خوردند و ایں ایمان نیاوردند لاکن پشت[۵] زنے بود کہ با داماد خود فساد میکرد زنبور[۶] زنے بود کہ با شوہر خود جنگ میکرد و خرگوش[۷] دزدے بود۔ ہر سال در راہ مکہ معظمہ دزدی میکرد و عقرب[۸] مردے بود کہ دائم الاوقات قبرہائے میکند و کفنہائے دزدید و سوسمار[۹] مردے بود غارتگر، مال مردم می خورد و خوک[۱۰] چہل تن از بنی اسرائیل بودند و عملہائے بد میکردند و امر خدا را خلاف کردند۔ و میموں[۱۱]

عہ حضرت امیر المومنین رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ ستائیس قسم کے انسان مرد و زن جانوروں کی شکلوں میں تبدیل کئے گئے، ایک روایت میں چوبیس اور ایک روایت میں سترہ کی تعداد ہے۔ اس جگہ جو روایت بیان کی گئی ہے اس میں سولہ افراد کا ذکر ہے۔ عہ۱ ہاتھی ایک استاد تھا (جو غلط تعلیم دیتا تھا) عہ۲ مکڑی ایک عورت تھی جو حیض سے غسل نہیں کرتی تھی اور ہمیشہ جنبی رہتی تھی عہ۳ لومڑی ایک فتنہ انگیز اور خیانت پیشہ مرد تھا عہ۴ کیکڑا، بنی اسرائیل کے سترہ مرد تھے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دستر خوان سے کھانا کھاتے تھے اور ایمان نہیں لائے تھے۔ نوٹ خرچنگ پانی کے جوہڑوں میں پایا جانے والا جانور ہے جسے عربی میں سرطان، فارسی میں پنج پایہ اور اردو میں کیکڑا کہتے ہیں (غیاث) عہ۵ بچھو ایک عورت تھی جو اپنے داماد کے ساتھ خرابی کرتی تھی نوٹ غیاث اللغات میں لاک پشت لکھا ہے عہ۶ بھڑ ایک عورت تھی جو اپنے شوہر کے ساتھ لڑتی رہتی تھی عہ۷ خرگوش ایک چور تھا جو ہر سال مکہ معظمہ کے راستہ میں چوری کیا کرتا تھا۔ عہ۸ بچھو ایک مرد تھا جو ہمیشہ قبریں کھود کر کفن چرایا کرتا تھا عہ۹ گوہ ایک ڈاکو تھا جو لوگوں کا مال کھایا کرتا تھا عہ۱۰ خنزیر، بنی اسرائیل کے چالیس مرد تھے جو بُرے کام کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کے احکام کی خلاف ورزی کیا کرتے تھے عہ۱۱ بندر، بنی اسرائیل کی ایک جماعت تھی۔

marfat.com

قومے از بنی اسرائیل بودند۔ و بوم[12] مردے منکر بود و می گفت خدارا حکم بر من نیست و کلاغ[13] مردے بدوی بود بشہرہا می آمد۔ و اراجیف می انداخت۔ و موش[14] زنے بود کہ دائم رقص می کرد و شعر میخواند۔ و طوطی[15] مردے بود لال و بردہ فروشی بسیار میکرد و سود میخورد و در سود او معاملہ دروغ میگفت و قمری[16] زنے بود کہ دائم خود را زیب و زینت می داد۔ و بر مرداں جلوہ میکرد۔

ع[12] اُلّو ایک منکر مرد تھا وہ کہتا تھا کہ اللہ تعالیٰ کا مجھ پر کوئی حکم نہیں ہے ع[13] جنگلی کوا، ایک جنگلی مرد تھا جو شہر میں آ کر جھوٹی باتیں پھیلاتا تھا۔ اراجیف جمع ارجاف بے اصل اور جھوٹی باتیں ع[14] چوہیا ایک عورت تھی جو ہمیشہ ناچ اور گانے میں مصروف رہتی تھی۔ ع[15] طوطا ایک گونگا مرد تھا جو غلام بیچا کرتا تھا وہ سودی کاروبار کرتا سود کھاتا اور سود کے معاملے میں جھوٹ بولتا تھا لال گونگا ع[16] فاختہ ایک عورت تھی جو اپنے آپ کو بنا سنوار کر مردوں کے سامنے نمائش کرتی تھی۔

خاتمہ الطبع

بعد حمد بیعد خالق جن و بشر رویانندۂ اشجار شورستان چوں شہد و شکر مردہ بیدا اراضی را از باران رحمتِ خویش نمائندہ اخضر و احمر و دستہ درود چوں ریحان جناں بروح پُر فتوح رسولاں نورِ عرش و آسمان شاہنشاہ دو جہان شفیع مجرماں معجز نمائے اقتربت الساعۃ وانشق القمر سلطان الرسل بادشاہ بحر و بر احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مخفی و محتجب مباد کہ ایں رسالہ شریفہ و عجالہ منیفہ کہ مصنفش لسا خونِ جگر خوردہ و ہمچوں نام خودش تحفہ نصائح بر آوردہ در ختم کتاب سعی بلیغ بکار بردہ کرات و مرات از بہارستان مطبع شادابی ہا یافتہ پیش نظر مشتاقانِ خویش رنگیں ادائیہا نمودہ اما سیرابی مشتاقانش نگشت و ایں گلعذار رعنا غنچہ وار پردۂ انزوا بر رخ کشید۔ اُمید کہ خواہشمندانش از شمیم روح افزائش دماغِ جاں را معطر سازند و باللہ التوفیق۔

شمع شبستان رضا

مرتبہ، اقبال احمد نوری
اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت اور دیگر اکابرین
اہل سنت کا انتخاب لاجواب جس میں سر سے پیر تک ہر مرض
کا علاج عملیات و تعویزات سے ہے۔ آفسٹ چھپائی
سہ رنگا ٹائیٹل
قیمت
۳۱/۵۰ روپے

حصہ اوّل
مجموعۂ نعت
مرتبہ، انیس احمد نوری، اعلیٰ حضرت و دیگر شعرائے اہلِ سُنّت کے
نعتیہ کلام سے ۳۶۵ نعتوں کا لاجواب انتخاب
قیمت، ۱۵/۰۰ روپے

مجموعہ نعت
حصہ دوم، اعلیٰ حضرت اور
دیگر شعراء اہل سنت
کے نعتیہ کلام سے
لاجواب
نعتوں کا
انتخاب
قیمت
۱۵/۰۰
نعتوں کی تعداد
۳۵۰ ہے

بُرا نہ کہو
ملک کے مانے ہوئے
ادیب علّامہ محمد سعید
صاحب قادری
نے اچھوتے
انداز میں
مسلمانوں
کو تلقین
کرتے
ہوئے ایک
اہم دینی مسئلہ واضح
کیا ہے قیمت ۱۲/۰۰ روپے

نظامِ شریعت
حضرت علامہ سید غلام جیلانی میرٹھی قدس سرہ العزیز
کی وہ مایۂ ناز تصنیف یعنی شب و روز کے طریقے۔ رزق
طیب کے حصول، نماز جنازہ، زیارت قبور کا اسلامی
طریقہ، وضو غسل، تیمم وغیرہ کے مسائل۔ یہ
کتاب اپنی مثال آپ ہے۔ قیمت
روپے

مکتبہ نوریہ رضویہ وکٹوریہ مارکیٹ سکھر

marfat.com

فاتحہ کا طریقہ

مرتبہ مفتی محمد حسین صاحب قادری۔ اس میں ثواب فاتحہ، آداب فاتحہ
طریقہ فاتحہ ہدیہ ۵۰ پیسے

حق وباطل کی جنگ

مولفہ مولانا محمد عمر صاحب لکھنوی

سیدنا آدم علیہ السلام اور ابلیس لعین سے لے کر دور حاضرہ تک حق وباطل کا اجمالی جائزہ
کتابت آفسٹ صفحات ۱۴۰ بہترین ٹائیٹل ہدیہ ۶/۰۰ روپے

سامان بخشش

مولف: مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ سرکار
دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں عشق
ومحبت سے سرشار نعتیہ دیوان اور مختصر سوانح حیات
کتابت فوٹو آفسٹ ٭ بہترین ٹائیٹل
عمدہ چھپائی ہدیہ ۱۲/۰۰ روپے

انیس الجلیس

علامہ جلال الدین سیوطی کی نصیحت آموز حکایات، معراج النبی
اور ابلیس کی موت کا قصہ قیمت
۱۵ روپے

marfat.com

ہماری مطبوعات

فتح القدیر مع الکفایہ ۱۰ جلد عربی ۔۔۔ ۶۰۰/۰۰
اشعۃ اللمعات چار حصہ فارسی زرد ۔۔۔ ۲۲۵/۰۰
فضائل رمضان ۔۔۔ ۵/۰۰
معارج نبوت فارسی ۔۔۔ ۱۰۰/۔
شرح سفر سعادت فارسی ۔۔۔ ۶۰/۔
شمع شبستان رضا مکمل بڑا سائز ۔۔۔ ۳۱/۵۰
〃 〃 〃 چھوٹا سائز ۔۔۔ ۲۷/۔
منتخب حدیثیں ۔۔۔ ۱۲/۵۰
نعت حبیب ۔۔۔ ۱۲/۰۰
ذکرِ حبیب ۔۔۔ ۷/۵۰
فاتحہ کا طریقہ ۔۔۔ ۔/۵۰
پانچسورہ خاص ۔۔۔ ۱۵/۔
سنی بہشتی زیور ۔۔۔ ۲۷/۔
ہمارا اسلام ۔۔۔ ۱۵/۰۰
تسکین الخواطر فی مسئلہ حاضر و ناظر ۔۔۔ ۷/۵۰
دینِ مصطفےٰ ۔۔۔ ۲۴/۔
حق و باطل کی جنگ ۔۔۔ ۶/۰۰
گلستان شریعت ۔۔۔ ۲۴/۰۰

الوظیفۃ الکریمہ ۔۔۔ ۲/۔
اشعۃ اللمعات چار حصہ فارسی سفید ۔۔۔ ۲۸۰/۔
〃 〃 اعلیٰ ایڈیشن چار
جلد دس میں الگ الگ ۔۔۔ ۴۰۰/۔
جامع الغموض شرح کافیہ فارسی ۔۔۔ ۸۰/۰۰
مدارج نبوت دو حصہ فارسی ۔۔۔ ۱۵۰/۔
اخبار الاخیار مع مکتوبات فارسی ۔۔۔ ۴۰/۔
نظامِ شریعت ۔۔۔ ۱۳/۵۰
مجموعہ نعت اوّل ۔۔۔ ۱۵/۰۰
〃 دوم ۔۔۔ ۱۵/۔
نقشِ وفا ۔۔۔ ۴/۰۰
بہانہ کہو ۔۔۔ ۳/۰۰
لہو کی بوندیں ۔۔۔ ۳/۰۰
زیارت قبور ۔۔۔ ۱/۲۵
معراج النبی ۔۔۔ ۵/۰۰
تجلیۃ السلم ۔۔۔ ۳/۰۰
سامانِ بخشش ۔۔۔ ۱۲/۔
ضرورت تقلید (زیرِ طبع)

مکتبہ نوریہ رضویہ وکٹوریہ مارکیٹ سکھر

marfat.com